فرمودات

3/3

فکرِ سلطان

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر سلطان محمود

کتاب کا سٹیٹس

نمبر شمار	عنوان	کمنٹس
1	کور پیجیز	شامل ہے
2	فہرست مضامین	شامل ہے
3	مضامین کی درجہ بندی	ابھی کرنی ہے
4	مواد کی درستگی	فائنل ریویو باقی ہے
5	گرامر اور زبان	غلطیاں ہائی لائٹ کی گئی ہیں
6	گمشدہ مواد	00 فی صد تک مضامین گمشدہ ہیں
7	غلطیوں کی اصلاح	فائنل ریویو باقی ہے
8	سرخیاں (مستقل سطح اور ترتیب)	بہتر کی جاسکتی ہیں
9	خطوط (فونٹس - مستقل مزاجی اور درست استعمال)	تقریباً ٹھیک ہیں
10	حروف کا سائز (عنوانات، سرخیاں، متن)	بہتر کی جاسکتی ہیں
15	رنگ (متن اور ڈیزائن عناصر)	ضرورت نہیں
16	صفحہ نمبر نگ	شامل ہے
17	حاشیے (مستقل اور ترتیب کے مطابق)	ضرورت نہیں
18	سرخی اور پانوشت (ہیڈر اور فوٹر)	شامل ہیں
19	ساخت اور ترتیب	تقریباً ٹھیک ہے
20	حوالہ جات	فائنل ریویو کی ضرورت ہے

فرمودات 3

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FARMOODAAT 3

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director

ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.

www.ecocare.pk

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

فکرِ سلطان

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FIKAR-E-SULTAN

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director

ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.

www.ecocare.pk

سیریز ہشتم: طنز و مزاح



In the name of Allah,
the Most Beneficent,
the Most Merciful

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

انتساب

Dedicated to the one I love in the Quest of truth.

میری فکر اس کے نام جس سے میں سچ کی تلاش میں آج بھی پیار کرتا ہوں۔

فکرِ سلطان: جملہ حقوق

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

سیریز	فکرِ سلطان (10 سیریز)
مصنف	ڈاکٹر سلطان محمود
ناشر	ایجوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ
پبلیشر	ماروِل سسٹم
نظرِ ثانی	انعم عروج
اشاعت	2024

فکرِ سلطان : فہرست سیریز

نمبر شمار	عنوان	کل کُتب
1	سیریز اول: ہڈ بیتی	12
2	سیریز دوم: غذا اور صحت	30
3	سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا	13
4	سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی	31
5	سیریز پنجم: غذائی تحفظ	06
6	سیریز ششم: دیہی ترقی	01
7	سیریز ہفتم: سماجی رویئے	04
8	سیریز ہشتم: طنز و مزاح	10
9	سیریز نہم: شعر و شاعری	02
10	سیریز دہم: تصویری مسافت	01
--	کل کُتب	110

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

تعارف: فکرِ سلطان سیریز

ڈاکٹر سلطان محمود نے اپنی نصف صدی کی کاوش کو سائنسی انداز میں تحریکی کارکن بن کر چلایا نیز غذائی تحفظ ایک کی عالمی خود مختار تحریک کو مقامی رہنما کے طور پر پاکستان میں ایک غیر معمولی موڑ دیا ہے جس کے نتیجے میں ان کے افکار اور عملی جدوجہد نے 'فکر سلطان' جیسی ایک طاقتور دستاویزی سیریز جنم دی ہے۔ اس میں وہ اپنی آدھی صدی کی شبانہ روز کی ہمَہ جہت کوشش کو شاندار کہانی کے طور پر بیان کرتے ہوئے اہم معلومات سے بھری وہ تاریخ بھی بیان کر رہے ہیں جو ملک عزیز کے غیر مستحکم حالات کے باوجود مقامی اور نچلی سطح کے مسائل کو قومی اور عالمی سطح پر کچھ اس انداز سے اٹھالے جاتے ہیں کہ جہاں وہ حیاتیاتی تنوع یا بائیوڈائیورسٹی کی ہئیت تبدیل کئے بغیر کارپوریٹ تسلط کے ساتھ جنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ڈویلپمنٹ مافیا کے خلاف کس طرح نچلی سطح کی لڑائی کو اٹھا کر قومی اور عالمی سطح پر لے جایا جاتا ہے۔ ان کی یہ سوچ بھی قابل داد ہے کہ دنیا بھر میں مقامی سطح کی کمیونٹی ہمیشہ مقدس اور خود مختار ہونی چاہئے تا کہ وہ اپنے علم اور حقوق کو حاصل کر کے مستقبل کی دنیا کی حقیقی کہانی کا نقشہ ترتیب دے سکے۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ سفر مندرجہ ذیل دس سیریز پر مشتمل ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز اول: ہڈ بیتی

ایک شاندار اور سمجھدار دماغ، شفاف کردار، شاعرانہ روح اور نچلی سطح کی تنظیموں میں مہارت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھنے والے ڈاکٹر سلطان محمود نے ملکی ترقی کے مسائل اور تحریکوں کے سب سے زیادہ موثر اور محبوب لیڈروں کے جھرمٹ میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ ان کو ملے غیر معمولی قدرتی تحائف میں ایشیا، یورپ، امریکہ، تین براعظموں کی سات جامعات سے حاصل شدہ اعلیٰ ترین تعلیم و تربیت کی بنیاد پر انسان کی غذائی ضروریات اور قدرتی ماحول کے درمیان گہرے تعلق کا ادراک ہے۔ غذائے انسانی میں استعمال ہونے مویشیوں، ماحولیات اور انسانی صحت کے بارے میں وہ آزادانہ گہری تفہیم بھی شامل ہے جو ملکی رویوں کی زبوں حالی کے باعث ہمیشہ زوال پذیر رہی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ مطلق العنان سیاسی اور پدرسری نظام سے کس طرح کی حکمت سے جنگ لڑ کر جیتی جاتی ہے اور کیسے انسانیت اور تخلیق دونوں کو یکجا کیا جاسکتا ہے۔ نیز اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کے لیے ایک عام سے متوسط گھرانے سے اُٹھ کر 17 سے زائید ممالک میں اپنی صلاحیتوں کا کیسے لوہا منوایا۔ یہ قاری کو ان کی زندگی کے سفر کو پڑھ کر ہی اندازہ ہو گا کہ محدود مالی وسائل سے کوئی بھی لمحہ فروغ گذاشت نہ کرتے ہوئے کیسے، "تبدیلی کا ڈھانچہ بنایا جاسکتا ہے"۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز دوم: غذا اور صحت

غذائی علاج جیسی اپنی پچھلی مشہور کتابوں کی طرح، مصنف ماحولیاتی حکمت، پر جوش سرگرمی اور بے عیب پیشہ ورانہ سوچ کے ساتھ پھر سے چمک رہا ہے۔ اس سیریز میں مصنف کی نگارشات اس بات کا ثبوت دیتے دکھائی دیتی ہیں جو انسانی خوراک وغذا پر موسمیاتی تبدیلی کے برے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی اور بین الاقوامی کارپوریٹ سطح کی کوششوں کے لیے کیے جانے ضروری ہیں۔ یہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ مصنف نے کس طرح حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور کسان برادریوں کے حقوق کے لیے اپنی کوششوں کو حوصلے کے ساتھ جاری رکھا۔ مصنف نے 1997 میں غذا و صحت کے میدان میں چھلانگ لگائی اور پھر اسے اس وقت تک اوڑھنا بچھونا بنائے رکھا جب تک کہ ورلڈ بنک کے راشد القیوم مرحوم کے مشورے کے پیش نظر ڈاکٹریٹ کے بارہ برس بعد پنجاب یونیورسٹی سے ماحولیات کی ڈگری نہیں لے لی۔ اور پھر انسانی غذا کی پیداوار پر ماحول کے اثرات کا تفصیل سے جائزہ لینا نہیں شروع کر دیا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا

غذائی تحفظ کی تخفیفی سائنس تقاضہ کرتی ہے کہ پیچیدہ سائنسی و معاشی معاملات کو ان کی سادہ ترین اشکال میں ڈھال کر انسانی مسائل کو آسان تر بنایا جاسکے۔ تخفیفی سائنس کے تنقیدی اظہاریے جیسا شدید پس منظر رکھنے والا ڈاکٹر سلطان محمود نچلی سطح کی متعدد انجمنوں اور تحریکوں کا ایک سنسنی خیز موجد، شریک موجد اور کٹڑ حمایتی بھی رہا ہے۔ نیز افزائشِ حیوانات، جنگلات، پانی اور کسان تنظیموں کے تحفظ کی ان تمام ضروری تحریکوں کا روحِ رواں بھی ہے جو زندہ زرعی معاشرے کا تانا بانا ہیں۔ اور یقین رکھتا ہے کہ اس تانے بانے سے انسانی دنیا کا اہم ترین مسئلہ یعنی بھوک سے نجات والا کپڑا بنا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کو حصول میں اس کی جس مضمون نے سب سے زیادہ رہنمائی کی وہ ان کے گریجوایشن کے مضامین تھے۔ جنہوں نے انسانی غذا میں شامل چالیس فی صد جزو جو حیوانات سے حاصل ہوتا ہے، اس کا ادراک گہرا کیا۔ گوشت، دودھ اور انڈے کی پیداوار اور پھر متناسب پیداوار انسان کو بھوک کے المیے سے دوچار نہیں ہونے دیتی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود کی زندگی کی کہانی ماحولیات، سماجی سیٹ اپ اور گورننگ سنٹی کو بچانے کی جدوجہد کی وہ زندہ مثال ہے جس میں نصابی اور زمینی حقائق دونوں کام آئے۔ وہ اپنے سیارے کے ماحولیاتی نظام کے کام اور ضرر رساں کارٹیل اور اس کے حامیوں کے تباہ کن اثرات کو گہرائی سے سمجھتا ہے۔ اس کتاب کو پڑھنا ان گہرے مسائل کے اسباب کے بارے میں قاری کے ذہن کو کھولے گا جس میں چند لوگ اپنے برے اعمال کی وجہ سے اکثریت کو دھکیل رہے ہیں نیز اس کے مطالعے سے قاری کو حکومت کے طاقتور تکبر سے نکل کر کسان کی طرف پلٹنے کی امید اور حوصلہ ملے گا۔ یہ خوبصورتی سے لکھی گئی یادداشت ایک زبردست داستان ہے جو زمین، زندگی اور ہمارے قیمتی سیارے کی سالمیت کی خواہش رکھنے والے ہر فرد کو پتا ہونی چاہیے۔ مغربی کارپوریٹ سیکٹر کے ESG کی جانب کاروباری جھکاؤ سے مصنف نے جو کچھ امریکہ، یورپ اور خلیجی ممالک سے سمجھا، وہ اس نے اپنے ایکو کیئر بزنس اور سوشل میڈیا آگاہی والے گروپس اور چینل کے ذریعے آنے والی نسل کو پوری طرح سے آگاہ کر دیا ہے۔ اس سیریز کا 30 کُتب کی شکل میں مخطوطہ بڑی تفصیل سے واضع کرتا ہے کہ جونہی ملک کو کارپوریٹ کلچر کے ذریعے ترقی کی جانب غیر متوازن انداز میں دھکیلا جاتا ہے تو وہ کس طرح ہمارے مجموعی سماجی ڈھانچے کو متاثر کرتا ہے۔ اس سے ملک میں ایک غیر متوازن ماحولیات اور سماجی جنگ چھڑ جاتی ہے۔ جو بالآخر وسائل کی نامنصفانہ تقسیم پر منتج

ہوتی ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اپنے تئیں تمام ماحولیاتی پراجیکٹس میں قابل کاشت زمین، انسانی روزگار اور گرم ہوتے ہوئے کرہءزمین کے باعث گلیشیر پگھل کر طوفانی انداز اختیار کرنے جیسے مضامین کو کافی گہرائی سے دیکھا ہے۔ نیز اس سیکٹر میں پوراجذب ہونے کے لیے اپنی سرکاری نوکری سے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے کر نیسپاک جیسی قومی وعالمی ایجنسیوں کے ماحولیاتی پروگرام کا جارحانہ حصہ بن کر انسانی غذا کی تخفیفی سائنس سے بھرپور کام لیا ہے اور چار سو سے زائید ماحولیات پراجیکٹس کو کامیابی سے ہمکنار کر کے ملک کے عوام اور حکومت کے کام کو نہائیت آسان بنادیا ہے۔

سیریز پنجم: غذائی تحفظ

ڈاکٹر سلطان محمود کی ذاتی کاوشوں کا سارا نچوڑ صرف "غذائی تحفظ" کے ارد گرد ہی گھومتا ہے۔ جسے اصولی طور پر اولین سیریز میں جگہ ملنی چاہیے تھی، لیکن تخفیفی سائنس کا خوگر ہونے کے باعث انہوں نے مناسب جانا کہ پہلے ان اوامر کا ذکر کیا جائے جو غذائی تحفظ یا عدم تحفظ کا باعث بنتے ہیں۔ تبھی انہیں نے اپنے فکری سفر کا آغاز اپنے پسندیدہ مضمون (سیریز دوم غذا و صحت) سے شروع کرنا مناسب جانا اور انسانی صحت پر غذا کی ضروریات اور اثرات کا شروع میں جائزہ پیش کر دیا۔ یعنی

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

باالفاظ دیگر اپنی فکر کی بنیاد انسانی جِبلَّت بھوک پر رکھی۔ پھر مناسب انسانی صحت بر قرار رکھنے کے لیے مناسب غذا کی پیداوار، سپلائی چین، قوتِ خرید اور جسمانی ضروریات پر رکھی۔ دھیرے دھیرے اس تخیل کو راسخ کر لینے کے بعد وہ اپنے بنیادی مضمون یعنی ان حیوانات کی جانب پلٹے جو انسانی خوراک میں دودھ، گوشت اور انڈے کی شکل میں روزانہ کی ضرورت کا چالیس فی صد پر مشتمل ہے۔ اس منطقی تعلق سے ان کی فکری گہرائی کا اندازہ لگانا چنداں مشکل نہیں کہ اگر بہترین اور مناسب ماحولیاتی انتظامات کر کے پانی کے ذرائع پر بحث مکمل کر لی جائے تو یہ غذائی تحفظ کی ایک ایسی گارنٹی ہے جو افزائشِ حیوانات کے ذریعے انسانی صحت کی ضامن ہے۔ یہاں یہ بھی واضع ہو جاتا ہے کہ شدید سیلاب ہر سال جو حیوانات کی تباہی لاتے ہیں ان پر موثر قابو پا کر انسان کم سے کم چالیس فی صد غذائی ضروریات کو تو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ان کی یہ منطقی سوچ یورپ اور امریکن جامعات کی فلاحی سائنسیز پر کام کر کے پیدا ہوئی۔ گو کہ ڈاکٹر سلطان محمود کے تیکنیکی کام میں سب سے کم کتب اسی غذائی تحفظ سیریز کا حصہ بنیں لیکن حقیقت بھی یہی ہے کہ عظیم تحقیقات اور کاوشوں کا خلاصہ ہمیشہ مختصر ہوتا ہے۔

سیریز ششم: دیہی ترقی

ویسے تو حیوانات کی افزائش ایک دیہی موضوع ہے جہاں ہمارا 70 فی صد کسان اپنا خون جلا کر صبح شام انسانی غذائیں پیدا کرتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں کے غیر متوازن دیہی ترقی کے میدان کی بجائے ہمیشہ شہری ترقی و سہولیات کو اولیت حاصل رہتی ہے۔ جس نے ایک جانب اگر غذائی عدم تحفظ کا خطرہ مول لے لیا ہے تو دوسری جانب شہر کی طرف نقل مقانی کی عفریت کو بھی جنم دیا ہے۔ ایسے غیر دانشمندانہ حکومتی اقدامات کا نتیجہ ایک ایسی بے ہنگم معاشرتی زندگی کی شکل میں رونما ہوا ہے کہ جس میں حکومت گاؤں چھوڑ کر شہر میں بسنے والوں کے مسائل کو شہری ترقی کی ناکامی کی شکل میں سہہ رہی ہے اور نہ وہ ان کو خدا ہی مل پا رہا ہے اور نہ وصالِ صنم ہو رہا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو تو خیر چھوڑیں اگر کل کے غریب چین اور بھارت ہی کی مثال لے لیں تو ان کے ہاں غذائی تحفظ شہر و دیہاتی زندگی میں توازن لانے سے ممکن ہوا ہے۔ اور محض بیس برس میں ان دو ممالک کے دو ارب لوگ دن میں ایک کھانے سے دو کھانوں کے قابل ہو گئے ہیں۔ ان دونوں ممالک نے اپنے آبی ذخائر پر ہزاروں ڈیم بنا دیئے ہیں جن سے وہ نہ صرف غذائی تحفظ یقنی بنا رہے ہیں بلکہ اپنی توانائی کی ضروریات بھی پوری کر رہے ہیں۔ حالانکہ عالمی موسمی تبدیلیاں ان پر بھی ویسے ہی اثر انداز ہو رہی ہیں جیسے باقی کرہء ارض پر رونما ہوتی ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز ہفتم: سماجی رویئے

ڈاکٹر سلطان محمود اپنے عالمی ایکسپوژر کے باعث خلیجی ممالک میں رواج پا جانے والے حالیہ شعبہ جات میں ماحولیات سے متصلہ کارپوریٹ سیکٹر کی نئی جہت ای ایس جی سے کافی متاثر ہوئے لہذا انہوں نے ملک عزیز کی اس شعبہ میں لاعلمی کو نشانہ بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اپنی کل نگارشات میں سے سوشل اور گورننس کے شعبہ جات کو ماحولیات کی کتب کے علاوہ خود مختار کتابی درجہ دے دیا اور اس کے لئے انہوں نے سیاست، مذہب، تعلیم، آبادی، تکنیکی تربیت، شہری و دیہی ترقی وغیرہ جیسے اہم موضوعات پر جو کچھ تجربات حاصل کئے تھے اسے اکٹھا کر کے اس سیریز کا حصہ بنا دیا ہے۔ سابقہ اعتبار سے وہ اپنی نگارشات کو حاصل مطالعہ بھی کہتے ہیں، اس مطالعے کا حاصل جو انہوں نے مغرب سے حاصل کیا اور سنجیدہ عملی و علمی سفر کو اپنے وطن میں بھی لاگو کر سکتے ہیں۔ گو کہ وہ اس بات پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ "کامن سینس" اتنی بھی کامن نہیں ہوتی "لیکن امیدؑ واثق رکھنے ہیں کہ جونہی عوام خصوصاً کسان میں تعلمی کمی دور ہو گی، سماج میں لازمی بہتری آئے گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اس جہت پر ڈاکٹر صاحب ایک اتھارٹی ہیں اور خود اپنے اوپر تنقید کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں کہ میں نے اگر طنز و مزاح کے گڑھ لائلپور یا فیصل آباد میں چوتھائی صدی نہ گزاری ہوتی تو میرے اندر کا اصلاحی جذبہ طنز اور شگفتگی کی شکل میں باہر نہ آتا۔ اس لحاظ سے دیکھیں تو اس سیریز میں نہ صرف سب سے زیادہ کتب ہیں جو ایک منفرد انداز میں مقامی و عالمی سیاست، مذاہب، نیز دیگر سماجی موضوعات پر طنزیہ و فکاہیہ انداز میں تخلیق شدہ تاریخ کا شاندار اور متاثر کن عالمی منظر نامہ پیش کرتی ہیں جسے ڈاکٹر صاحب نے اپنی طنزیہ و فکاہیہ ندرت اظہار کے باعث اسے میٹھا سچ سیریز کا نام دے دیا ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ مصنف مقامی طور پر قلیل مدتی طاقتوں کی سماجی خرابیوں کے ساتھ ساتھ عالمی سیاست کی خود غرضی کا بھی سامنا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہے۔ یہ سیریز ایک شان اور روشنی کے ساتھ بیشمار سیاسی، سماجی اور منطقی حل بھی فکاہیہ انداز ہی میں پیش کرتی ہے۔ مصنف نے ملک کے نمایاں مزاح نگار کرنل محمد خان اور ظفر اقبال کی طرز سے متاثر ہو کر مزاح لکھنے کا آغاز گو کہ کالج لائف سے شروع کر دیا تھا مگر اس انداز کو مہمیز تب ملی جب وہ نیویارک میں ممتاز صحافی محسن ظہیر کی ادارت میں شائع ہونے والے ہفت روزہ "صدائے پاکستان" سے بحیثیت سب ایڈیٹر منسلک ہوئے۔ نیز انہوں نے لاہور کے چند اخبارات میں اپنے فکاہیہ کالم میٹھا سچ کے نام سے ہی لکھنے شروع کر دیے۔ بقول ڈاکٹر صاحب جگت بازی اور فکاہیہ اندازِ بیان میراثی کو حکومت سے جدا کرتا ہے۔ اور طنزیہ ادب کو سنجیدہ کرتا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز نہم: شعر و شاعری

ڈاکٹر سلطان محمود کا بچپن ہی سے شاعرانہ مزاج ہے جسے اظہار کا موقعہ کالج لائف میں کسی ناکام محبت کے جھٹکے سے ملا۔ وہ اپنی جبلت کی افتادِ طبع سے خود ہی نالاں بھی تھے جس کی ایک وجہ یہ تھی کہ انہوں نے نہ صرف کبھی کل وقتی شاعر بننا گوارا نہیں کیا بلکہ شاعر کہلوانے سے بھی صاف انکار کرتے ہوئے یہ دلیل اختیار کی کہ میں نے کاغذی شیر بننا کبھی بھی پسند نہیں کیا اور دوسری رکاوٹ ان کی سائنس میں اعلی تعلیم بن گئی جو پاکستان کے علاوہ یورپ اور امریکہ سے حاصل شدہ تھی جہاں شاعروں کو کارآمد اور قابل استعمال وقت کا دشمن سمجھ کر تنقیدی چھلنیوں سے گزارا جاتا تھا۔ اس کے باوجود تین چار برس میں عروض سمجھے بغیر سینکڑوں غزلیات کہہ دینا شاید ساحر لدھیانوی کی کتاب "تلخیاں" بنی جو عین ناکام عشق کے دوران ان کے ہاتھ لگ گئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب چونکہ اپنی ہر نگارش کو بچوں کا سا پیار دیتے ہیں اس لئے انہیں بعض دوستوں نے کلام شائع کرنے پر قائل کر لیا جن میں عروض کی استاد محترمہ کنیز بتول کھوکھر کا بڑا ہاتھ ہے جنہوں نے ڈاکٹر صاحب کی لگ بھگ ایک کتاب کے مواد کو عروض پر بھی ڈھال دیا اور جہلم کے ایک استاد شاعر کاشف بٹ نے بھی ناقابل تردید مدد کی۔ ڈاکٹر سلطان محمود جب اپنی فکر کو تحریری شکل دینے لگے تو انہیں معاصرین نے بے حد مشکل سے راضی کیا کہ وہ اپنے چالیس برس پرانے کلام کو بھی اپنی تحریر میں شامل کریں۔ یہ شاید ڈاکٹر صاحب کی غلطی یا صرف نظر ہی سمجھا جائے گا کہ وہ بہترین کلام غیر

ممالک میں تو اردو کمیونیٹی کو توسناتے رہے لیکن ملک عزیز کے اندرونی حلقوں میں قدم تک نہ رکھا۔ البتہ وہ ہمیشہ اپنے برادر بزرگ ڈاکٹر حسن اختر مرحوم، استاد پروفیسر عظمت اللہ خان مرحوم اور دیگر ادبی مقربین کا ذکر بہت شوق اور محبت سے کرتے ہیں۔

سیریز دہم: تصویری مسافت

بھلا ہو ورلڈ بنک کا جس نے ڈاکٹر سلطان محمود کو تصویری بنک بنانے کی عادت ڈال دی۔ حالانکہ انہوں نے محض دس برس کی عمر میں جیب خرچ بچا کر کوڈک کا دس روپے کا کیمرہ 1967 میں ہی خرید لیا تھا اور اپنے بھائی ہمایوں شوکت کے واحد جس تحفے کی وہ قدر کرتے تھے وہ اس کا امریکہ سے لایا ہوا کیمرہ یاشیکا124 تھا۔ ایسے ہی ان کے استعمال میں وارسا پولینڈ میں روسی کیمرے "زینتھ"، جرمن "بیٹنس" اور جاپانی "نیکن" کیمرے بھی رہے لیکن پھر ڈیجٹل کیمروں اور موبائل کیمروں نے تو انہیں نہال ہی کر دیا۔ ان کے پاس بزرگوں کے علاوہ مشاہیر زمانہ کی بیشمار تصاویر بھی موجود ہیں جو ہر وقت ان کے لیپ ٹاپ اور سیل فونز کی سپیس کھاتی نظر آتی ہیں۔ اس مشکل کے ہاتھوں انہوں نے مجبور ہو کر اور میاں وقار الاسلام کی صلاح لے کر فیصلہ کیا ہے کہ اپنی زندگی کی کہانی کی تصویری دسویں سیریز کیس شکل میں بنائیں گے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

{REPEATED.ANAM}

1۔ میٹھا سچ

قوم کا مقدر قوم کے ماتھے پر لکھا ہوتا ہے۔

2۔ میٹھا سچ

ایک بار پاکستان کمیونٹی سنٹر نیویارک کے ہم چند ڈائیریکٹرز نیوجرسی کی مشہور Passaic جیل کے دورے پر گئے۔ مقصد پاکستانیوں کے مسائل معلوم کر کے وزارت خارجہ کو اطلاع کرنا تھی۔ انتظامیہ سے انٹرویو میں ہم نے پوچھا کہ کیا آپ قیدیوں پر تشدد کر کے سچ اگلواتے ہیں تو جیل سپرنٹینڈنٹ نے بڑی حیران کن بات بتائی۔ کہنے لگی کہ ہم باری باری سب قیدیوں کی ون آن ون ملاقات ایک تربیت یافتہ خوبصورت خاتون آفیسر سے کراتے ہیں جو ان کی مدد کرنے کے وعدے پر دو چار بار ملاقات کر کے سبھی راز اگلوا لیتی ہیں۔

3۔ میٹھا سچ

فیس بک ہم سب کا دوسرا گھر ہے بلکہ کئی میرے جیسوں کا تو شاید پہلا گھر ہی بن گیا ہوا ہے

4۔ میٹھا سچ

قربانی کے جانور کے گوشت کی تقسیم کے لیے کچھ تبدیلیاں ضرور لائیں۔ ایسا بھی کیا کہ سری فقیروں کے لئے، گردن غریب رشتے داروں کے لئے، پٹھ فریج کے لئے، کلیجی دوپہر کے لئے، ران بہنوں کے لئے، پائے فریزر میں سردیوں کے لئے، اوجھڑی اور آنتیں میونسپل کمیٹی کے لئے، چانپ اور گردے دعوت کے لئے، دستی عید کی شام کے لئے اور کھال سیاسی جماعتوں کے لئے۔

ہاں زندہ جانور بچوں کے کھیلنے کے لئے۔ گھر کے باباجی پٹھے لانے کے لئے۔ گھر کی خواتین صفائی پکائی کے لئے، رشتے دار اور محلے دار جلنے کے لئے۔۔۔۔۔۔ بس ایک چیز کہیں بھی نہیں۔۔۔۔۔ اور وہ ہے تقویٰ۔۔۔۔

حرام پیسے کو حلال گوشت میں بدلنے کا یہ عالمی دن ہے

5۔ میٹھا سچ

ایک ہی کوکھ، گود اور ماحول میں پلنے والے دو بھائی رحمانی اور شیطانی صفات کے مالک کیسے ہو سکتے ہیں؟

ویسے یہ کوئی ایسی گھمبیر تا تو نہیں مادام۔ یہ جنیٹکس اور انوائرمنٹ کا مشترکہ ایکشن ہوتا ہے۔

6۔ میٹھا سچ

شادی کے بعد روزانہ کی بنیاد پر ماں سے ٹیوشن لینے والی CGP 4 کے ساتھ طلاق کی ڈگری لیتی ہیں۔

اور اگر ماں نہ ہو تو پھر بہن سے بھی ٹیوشن لے سکتی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا خاوند اچھا ٹیوٹر نہیں بن سکتا؟

7۔ میٹھا سچ

ای کیپ کی وال سے:

ڈاکٹر صاحب پلیز عید کے پیارے پیارے میسج نہ ڈیلیٹ کریے گا، تاکہ ممبران کچھ خوش ہو جائیں

میرا تو خیال تھا کہ ایک پروفیشنل اپنے شعبہ مہارت میں کنٹریبیوٹ کر کے ہی خوش ہوتا ہے لیکن مجھے شدت سے احساس ہو رہا ہے کہ میں پاکستان میں ہوں جہاں خوشی کا پیمانہ کچھ اور ہے۔

بہر حال خوش رہیں اگر ایسے ہی رہ سکتے ہیں تو۔

8۔ میٹھا سچ

میں اپنے پورے ہوش و حواس میں آپ سب کو گواہ بنا کر اعلان کرتا ہوں کہ صحت کے بجٹ میں میرے حصے کے جو 21 روپے بنتے ہیں وہ میں اپنی خوشی سے محترم جناب نواز شریف کے پلیٹ لیٹس کے لئے ڈونیٹ کرتا ہوں میرا اللہ مالک ہے میں دم کرالوں گا.

سلیمان

ڈاکٹر صاحب آپ کا تعلق اسلام آباد سے نہیں۔ مذکورہ وفاقی بجٹ صرف وفاقی دارالحکومت کے لئے ہے، اس وفاقی صحت کے بجٹ سے آپ کا کوئی تعلق نہیں۔

ڈاکٹر

آپ کی دلیل حب شریف کی وجہ سے بے حد کمزور ہے۔ جو بجٹ آج وفاق میں منظور ہوا ہے وہی تلوار چند دنوں میں صوبوں کے سروں پر بھی لٹک جانی ہے۔

سلیمان

حب شریف کی کوئی دلیل نہیں۔ آپ کی پوسٹ حقائق کے بالکل منافی ہے

ڈاکٹر

سو فیصد حقائق کے مطابق ہے ذرا صوبائی بجٹ آ لینے دیں۔ اگر مرکز میں چور بیٹھے ہیں تو صوبوں میں بھی تو ڈاکو ہی ہیں۔ آپ ایک دو ہفتہ صبر کرتے تو آپ کو شریف بدمعاشوں کا بے معنی دفاع شاید نہ ہی کرنا پڑتا۔

9۔ میٹھا سچ

جس کے اندر چھوٹا جانور ہے وہ چھوٹے جانور کی قربانی دے رہا ہے جس کے اندر بڑا جانور ہے وہ بڑے جانور کی قربانی دے رہا ہے۔

اور جو بیچارہ حالات کی تنگی سے قربانی سے قاصر ہے گویا کہ اس کے اندر جانور موجود ہی نہیں

10۔ میٹھا سچ

مبارک ہو جی۔ ہم جہاں جائیں گے اعتقادات ساتھ لے کر جائیں گے۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی دیار غیر میں بسنے والے سبھی مسلمان عید کے معاملے میں تقسیم ہی رہے۔

1۔ میٹھا سچ 1508 🥺 DSM

ہم ایسے ان پڑھ معاشرے میں رہتے ہیں کہ جہاں انسان کے حقوق کی پرواہ نہیں، جانور کے حقوق کون سمجھے گا؟ 🧐

2۔ میٹھا سچ DSM1509 🥺

ایک صاحبہ فرماتی ہیں کہ نکاح کی ہمت نہ ہو تو دھوکے میں رکھ کر مزے لینا چھوڑ دو۔

ان کا مخاطب کون ہے؟ کیا صرف مرد؟ اور اگر مخاطب صرف مرد ہے تو بات سرے ہی سے غلط ہے۔ عورت کیا سوچ کر اپنے ساتھ زناء کرنے کی اجازت دیتی ہے؟ عورت زناء نہ کرنے دے تو ہزار میں ایک چانس ہے کہ مرد زناء کر سکے۔ بلکہ میری تو پختہ رائے ہے کہ عام مرد تو ہر وقت اس شیطانی حرکت پر تیار ہوتا ہے اس لئے مزے کی واحد ذمہ دار عورت ہی ہے جو کسی نہ کسی لالچ میں کھو کر اپنا جسم پیش کرتی ہے۔

3۔ میٹھا سچ DSM1510 🥺 ۔

وطن عزیز میں اصل کمائی وہی کر رہے ہیں جو ڈر بیچ رہے ہیں کیونکہ ساری دنیا میں ڈر ہی بکتا ہے جیسے ملا بیچتا ہے اللہ کا ڈر، کنسلٹنٹ بیچتا ہے حکومت کا ڈر، ڈاکٹر بیچتا ہے موت کا ڈر اور استاد بیچتا ہے ڈنڈے کا ڈر۔

4۔ میٹھا سچ DSM1511 🥺 ۔

میرا خیال ہے اب سفید پوش مانگ تانگ کر گوشت لے کر ہی مزے میں رہیں گے اور ساتھ ہی کہیں گے کہ آپ سمجھیں گے کہ میں گوشت مانگنے آیا ہوں حالانکہ میں مانگنے نہیں آیا باقی آپ خود سمجھدار ہیں۔

5۔ میٹھا سچ 1512

🥺

اب بھلا کسی نے جمہوریت اور پھر وہ بھی جعلی جمہوریت تل کر کھانی ہے جس میں عوام بلکتی رہے اور حکمران عیاشی کرتے رہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

6۔ میٹھا سچ DSM1513 🥺 ۔

خواب تھا عاطف اسلم جیسا سراپا سلمان خان جیسی باڈی اور اشتہاروں میں دکھایا جانے والا گھر ملے۔
لیکن ملا کیا؟ فضل الرحمان جیسا سراپا، پرویز خٹک جیسی باڈی اور سیلاب میں بہہ جانے والا گھر۔

7۔ میٹھا سچ DSM1514 🥺 ۔

برائے عارفہ صبح خان

معلوم نہیں ہماری ٹھرکی اور جنسی بھوک کی شکار قوم کے ہاتھ پیار محبت جیسے پاکیزہ انسانی جبلت پر مبنی جذبات کیوں چڑھ گئے ہیں اور عمومی طور پر محض کم مدتی جنسی بھوک کے پیرائے ہی میں انہیں کیوں بیان کیا جاتا ہے؟ حالانکہ دونوں جنس مخالف میں محبت شروع ہی تب ہوتی ہے جب دونوں جانب حسن اور جوانی ڈھل جاتی ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

8۔میٹھا سچ DSM1515 🥺 ۔

قصائی کی تین دن کی زندگی انجینئر کی سو دنوں کی زندگی سے بہتر ہے۔

9۔میٹھا سچ DSM1516 🥺 ۔

تقسیم ہند کا اصل فائدہ جرنیلوں، جاگیرداروں، نوابوں، پیروں اور نوکر شاہی کو ہوا ہے۔ عام لوگ وہاں سے لٹ کر آئے تھے اور یہاں بھی لٹ رہے ہیں یہی گورے کی پلاننگ تھی کہ اس خطہ زمین کی مدد سے وہ اپنے مقاصد کی جنگیں لڑے۔

10۔میٹھا سچ DSM1517 🥺 ۔

یہ درست ہے کہ نچلے درجے کے ذہن کے لوگ شخصیات اور شکلوں پر بات کرتے ہیں، درمیانے درجے والے واقعات اور اعلیٰ درجے والے آئیڈیاز اور پالیسیز پر بحث کرتے ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ جنہیں خاموش رہتے ہیں۔

اگر یہ بات درست ہے تو سوشل میڈیا پر کوئی بھی جینیس نہیں میرے سمیت۔

1۔ میٹھا سچ DSM1518 🥺 ۔

آخر توجہ میں کمی سے کیا ہوتا ہے!

وہی ہوتا ہے جو حماقت کی بہت سی نشانیوں میں ایک ہے یعنی عدم توجہ کا شکار مرد یا عورت زندگی کی دیگر خوشیوں کو بھی اسی ایک غم پر نثار کر دیتا ہے اور سنیاس لے کر بیٹھ جاتا ہے۔ 🥲

2۔ میٹھا سچ DSM1519 🥺 ۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

یعنی خیرات کے فارم 45 کا سلیکشن والا فارم 47 بنالیا گیا۔

3۔ میٹھا سچ DSM1520 🧐 ۔

اظہر

تو پاکستان بنانے کی پلاننگ کس کی تھی؟ اگر درست جواب دیں تو بات بنے گی۔ 🤔

ڈاکٹر

گورے کی اپنی۔

اظہر

آپ نے بالکل درست فرمایا لیکن میں ملک صاحب سے اس جواب کی توقع رکھتا تھا جو اکثر اپنی پوسٹوں میں گوروں سے اور ان کی ظاہری حرکتوں سے کافی متاثر دکھائی دیتے ہیں۔

ڈاکٹر

دراصل گورے کے دو چہرے ہیں۔ خالص چہرہ اپنی عوام کے لئے اور بھیانک دنیا کے لئے۔ انگریز نے سو برس تک ہم میں سے غدار تلاش کر کے انہیں لوٹ مار اور پیسہ دوبارہ اپنے پاس پہنچانے کی کمانڈ دی اور خود ساری لوٹی دولت سے یونیورسٹیاں، سیاسی ادارے، سیاسی نظام، صنعت اور صحت کا نظام تعمیر کرتا رہا اور یہ وہ پچھلے ایک ہزار سال سے لے کر آج تک کر رہا ہے اور ابھی کافی لمبے عرصے تک کرتا رہے گا۔

ملک صاحب گورے کے نظام کو اپنے اندرون ملک والے نظام کے تناظر میں پسند کرتے ہیں جو اس نے اپنی عوام کے لئے بنایا ہوا ہے۔ ورنہ وہ بھی جانتے ہیں کہ بقول اقبال:

کیا تم نے دیکھا نہیں مغرب کا جمہوری نظام۔۔۔

چہرہ روشن اندرون چنگیز سے تاریک تر۔۔۔!!

4۔ میٹھا سچ DSM1521 😳 ۔

ہمارا ملک معاشی تباہی کے ساتھ ساتھ بدنامی کا بوجھ بھی اٹھانے پر مجبور ہے کیونکہ قرضے اور امداد لے کر شریف خاندان پیسہ ملک میں لگانے کی بجائے دبئی میں جائیدادیں بنالیتا ہے لیکن اصل پہلو اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے جس کا تعلق اس حقیقت سے ہے کہ جن سہولت کاروں سے

شریف اور زرداری خاندان نے اقتدار "خریدا" ہے انہیں بھی چپکے چپکے ادائیگی کرنا بھی ان کی مجبوری ہے۔

دیکھیں ہمارا وزیر اعظم کس طرح دنیا سے گڑ گڑا کر بھیک مانگ رہا ہے۔ یہاں تک کہ انٹرویو کرنے والی نے پریشان ہو کر اصل انٹرویو چھوڑ دیا اور حیران ہو کر پوچھنے لگی اگر دنیا نے تمہیں خیرات نہ دی تو پھر تم کیا کرو گے ؟ پھر اس منگتے کی حالت دیکھیں۔

5۔ میٹھا سچ DSM1522 🧐 ۔

ایسا صرف ترقی پسند رہنماء حکومت ہی کر سکتی ہے جیسا کہ آئن سٹائن، کوپر نیکس، نیوٹن، گاندھی، جناح، سلطان عبدالحمید پر فلمیں یا ڈرامے تشکیل دے کر مختلف قوموں نے ثبوت دیئے ہیں۔ اگر اب ذرا ڈاکٹر سلام، ٹیگور، نذرالاسلام، امجد ثاقب، ایدھی، اشفاق احمد وغیرہ پر بھی طبع آزمائی کر کے تو دیکھیں شاید گجر دا کھڑاک، جیر ابلیڈ اور نوکر وہٹی دا، کے ڈسے ہوئے عوام ادھر متوجہ ہو ہی جائیں۔ لیکن چونکہ سارا کھیل پیسے کا ہے اس لئے رحمدل ترین ڈاکو بھی لوٹے مال سے دبئی میں فلیٹ

تو لے لے گا مگر ہیروز پر پیسہ نہیں لگائے گا۔ یہی ففتھ جنریشن وار ہے کہ جس میں اصل تخریب کار میڈیا پر آن بیٹھے ہیں۔

6۔ میٹھا سچ DSM1523 😳 ۔

ضرورت سے زیادہ کامن سینس عذاب ہے اور دوسروں سے تعلق میں عظیم رکاوٹ بھی۔ بعض اوقات ایک کمتر کامن سینس والے کی حرکت کا وہ مقصد ہی نہیں ہوتا جس پیرائے میں زیادہ کامن سینس والے لے کر اپنے تعلقات کی تشریح کر بیٹھتے ہیں۔ اور بعد میں کوستے بھی اسی بیچارے کو ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ میٹھا سچ DSM1524 😳 ۔

دکانوں پہ ملنے والے اخروٹ اور پٹھانوں سے ملنے والے اخروٹ میں قیمت کا بہت فرق ہوتا ہے، کہاں سے لینا چاہئے؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ناصر

پٹھانوں سے ہی سستے لے کر دھولیں نسوار اتر جائے گی۔

8۔میٹھا سچ DSM1525 😢 ۔

جس رشتے دار کے بچے آپ سے خوش دلی اور محبت سے نہیں ملتے تو یہ ثبوت ہے کہ اس گھر میں آپ کے خلاف باتیں ہوتی ہیں کیونکہ بچے جھوٹ نہیں بولتے اور نہ جھوٹی ایکٹنگ کر سکتے ہیں اور ایسے گھرانے جلد یا بدیر ایک دوسرے سے دفع دور ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا کسی کی اصلیت جاننے کے لئے اس کے بچوں سے دوستی کر لینا ہی کافی ہے یہیں سے اصلیت واضح ہو جائے گی۔

9۔میٹھا سچ DSM1526 😢 ۔

ایک دوست کہتے ہیں کہ ہمیں غلط افواہیں نہیں پھیلانی چاہئیں ہم نے مشورہ دیا ہے کہ چلیں آپ درست افواہیں پھیلا دیا کریں۔ ۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

10۔ میٹھا سچ DSM1527 🥺 ۔

فیس بک پہ ایک تحریر پر ظر پڑی۔ کسی کا افسانہ تھا جس میں ایک بچی کے ساتھ ایک بظاہر شریف بزرگ ایک مسواک کی مدد سے زیادتی کرتا ہے حتیٰ کہ اس تکلیف سے اس معصوم کی موت ہو جاتی ہے۔ اگرچہ تحریر میں دم تو ہے گولوہے کے راڈ اور مسواک سے لڑکی کی عزت سے کھیلنا ذرا مشکوک سا معاملہ لگتا ہے۔ خیر جنسی لذت تمام لذتوں کی ماں ہے مگر صرف مرد کے لئے۔ اور اس کھیل میں کسی دوا کے اثر سے وحشی سا ہو جانا بھی قرین حقیقت ہے۔ لیکن یہ بالکل سچ ہے کہ ڈھلتی عمر کے ساتھ اپنی متاع حیات لٹتے دیکھ کر مرد وحشت زدہ ضرور ہو جاتا ہے تبھی چالیس کے بعد دوسری شادی یا غیر عورت کی جانب بھاگتا ہے۔ اپنی وحشت کو عورت کی دہشت میں بدلنے والے البتہ شدید ترین احمق ہی ہوں گے۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ورنہ بڑھاپے میں مرد کے ہاتھ ٹوٹ تھوڑی جاتے ہیں کہ وہ خود لذتی اختیار نہ کر سکے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1 ۔میٹھا سچ DSM1528 🥺 ۔

میرے خیال میں دنیا کا آزاد ترین اور بہادر ترین شخص وہ ہے جو مَن گھڑت روایات اور بے بنیاد رسومات کو چھوڑنے کا جگر رکھتا ہو۔

2۔میٹھا سچ DSM1529 🥺 ۔

منڈی بہاوالدین کے دوست فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں دھواں دھار بارش شروع ہو چکی ہے۔ عرض کیا کہ شاید ادھر زیادہ مظلوم بستے ہوں گے کیونکہ سنا ہے کہ مظلوم شادی شدہ کی فریاد براہ راست عرش تک پہنچ جاتی ہے۔

3۔میٹھا سچ DSM1530 🥺 ۔

دوستو! دنیا میں تیزی سے بدلتے اخلاقی پیمانوں اور سوچوں کے تناظر میں آنے والے وقت میں آپ شادی کے بندھن کو کیسا دیکھتے ہیں؟

ڈاکٹر

یہ دن بدن ٹوٹتا چلا جائے گا ایسا یورپ میں پہلے ہو چکا ہے اور اب دو تین دھائیوں سے بھارت میں بھی ہو رہا ہے۔

4۔ میٹھا سچ DSM1531 😳 ۔

واوڈا کی سوشل میڈیا کے جوتے کے نیچے سے آواز آ رہی ہے کہ میرے سامنے سوشل میڈیا کی کوئی اوقات نہیں اسے میں جوتے کے نیچے رکھتا ہوں۔

5۔ میٹھا سچ DSM1532 😳 ۔

ٹھیک ہی تور کھا ہے نام انہوں نے رنڈی۔ پاکستان کے اداروں کا دنیا بھر کے ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ میں نام ہی کہیں نہیں۔ اس نام RANDI سے شاید کچھ شہرت مل جائے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

6۔ میٹھا سچ DSM1533 🥺 ۔

باباجی فرماتے ہیں کہ

میاں اور بیوی کا تعلق بڑا "سائیکولاجیکل" ہوتا ہے۔

جس میں ایک "سائیکو" ہے اور دوسرا "لاجیکل"

اور یہ فیصلہ کرنے میں کہ کون "سائیکو" کون "لاجیکل" لڑائی ہو جاتی ہے۔

ہُن فیصلہ تُسی کرو کہ سائیکو کون تے لاجیکل کون؟؟

ڈاکٹر

چونکہ مقصد لڑنا ہوتا ہے اس لئے باری باری دونوں پوزیشن بدل بدل کر لڑتے ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

7۔میٹھاسچ DSM1534 🥺 ۔

عارفہ

اگر مرد آنکھوں کا ناجائز اور زیادتی سے استعمال نہ کرتے تو آج نوے فیصد مردوں کی ناک پر عینکیں نہ دھری ہوتیں۔حد ہوتی ہے نا۔

ڈاکٹر

یہ عجیب مزاحیہ منطق ہے۔اگر درست سمجھ لی جائے تو پھر نوے فیصد عورتیں کیوں میک اپ پر مجبور ہیں؟اسی منطق کے مطابق صرف اس لئے مجبور ہیں کہ نادیدہ زیب ہونے کی بنا پر اپنا اصلی چہرہ دکھانے کے قابل نہیں سمجھتیں شاید؟ ۔

😄

8۔میٹھاسچ DSM1535 🥺 ۔

میں حافی کی شاعری میں موجود بے ساختگی سے لطف اندوز ہونا چاہتا تھا لیکن آغاز ہی میں پس منظر میں بآواز بلند بجنے والی موسیقی نے مجھے لعنت بھیجنے پر مجبور کر دیا۔ ۔

9۔ میٹھا سچ DSM1536 😢 ۔

سوشل میڈیا پر ہمارے کم سے کم دس ایسے پیارے دوست تو ہوں گے جو دنیا سے جا چکے ہیں لیکن ان کے نمبر ڈیلیٹ کرنے کا حوصلہ ہی نہیں۔

10۔ میٹھا سچ DSM1537 😢 ۔

پیش کار ناصر بیگ نے ساغر صدیقی سے کمال محبت میں ان چور شاعروں کا نام بڑی خوبصورتی سے گول کر دیا ہے جنہوں نے ایک بھرے ہوئے سگریٹ کے بدلے فلمی شاعری میں اپنا نام بنایا۔ ہم نہیں کہتے لیکن ساغر کی وفات پر لاہور کے ایک اخبار نے سرخی جمائی تھی کہ "آج ساغر نہیں قتیل مر گیا ہے"۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

بابا مسعود

ساغر کی وفات 1974 کی ہے اور قتیل کی 2001 کی۔ قتیل آخر وقت تک فلمی شاعری کرتا رہا انڈیا میں پاکستان میں تو فلمیں اور فلمی شاعری دم توڑ گئی تھی۔

ڈاکٹر

قتیل شاعری کے جراثیم لئے ایک بہترین گاڑی تھی جس کو ساغر کی شاعری کا دھکا لگا تو پھر خوب چلی شفاف چلی۔ جیسے ہمارے تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے کہ بوٹی لگا پاس ہونے والوں میں سے اکثر و بیشتر ڈائریکٹر اور ڈی جی تک بن جاتے ہیں۔ ایسا ہی حال سفارش پر لگنے والوں کا بھی دیکھا گیا ہے بلکہ انہیں وائس چانسلر تک بنتے بھی دیکھا ہے ہم نے۔

---

1 ۔ ۔میٹھا سچ DSM1538 🥺 ۔

ہماری صاف گوئی کی عادت نے تنقید کو جنم دے دیا اور اس پر فیصل آبادی تڑکے نے میٹھے سچ کی طنزیہ جہت بخش دی۔ ایسے میں پکے ٹچکے کیسے ہمیں خان صاحب کے نزدیک ہونے دیتے حالانکہ

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

پٹواری ہمیں یو تھی یو تھی کہتے نہ تھکتے تھے۔ ویسے بھی خان صاحب شدید ترین قربت والے بندے کے منہ سے بھی تنقیدی بات برداشت نہیں کرتے تھے چاہے وہ غریب آفاقی سچائی ہی کیوں نہ بیان کرتا ہو۔

2۔ میٹھا سچ DSM1539 🥺 ۔

عورت کا اصل حسن اس کا باطن ہے جس کی صفائی کا دارومدار اس کی نیت پر ہے ورنہ میک اپ کھا بھی لیا جائے تو باطن صاف نہیں ہونے والا۔ بلکہ تھوپنے سے بھی کچھ دیر میں ڈھل جائے گا۔

3۔ میٹھا سچ DSM1540 🥺 ۔

آپ کو یہ تو معلوم ہی ہو گا کہ یورپ والے بے وقوف انسان کو احمق کہنے کی بجائے بہادر کہتے ہیں۔

کرن مہک

آپ کو زیادہ علم ہو گا۔ مجھے نہیں لگتا کہ بیوقوف کو کوئی بہادر کہنے کی حماقت کرے گا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر

آپ کی اس بات سے مطلب نکلتا ہے کہ آپ نہ کبھی یورپ گئیں اور نہ ہی کبھی انگریزی لٹریچر پڑھا محترمہ یورپ کا چکر لگائیں یا کم از کم انگریزی لٹریچر ہی پڑھ لیں۔ ویسے غیر جانبداری سے اور ٹھنڈے دل سے سوچ کر بتائیں کہ بہادر اور بے وقوف میں فرق ہی کتنا ہوتا ہے؟ دونوں کے حالات اور عمل کے بیچ ایک انتہائی باریک لکیر ہوتی ہے جو شروع ہی میں ٹوٹ جاتی ہے۔

4۔ میٹھا سچ DSM1541 🥺 ۔

شاعر ہونا ہی خطرے کی علامت ہے۔

5۔ میٹھا سچ DSM1542 🥺 ۔

ہم بجلی کے تین بل اکٹھے دیتے ہیں۔ اپنا، مفت بجلی استعمال کرنے والوں کا اور لائن لاسز کا۔

ڈاکٹر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اور کیا ہم اس بجلی کا بل نہیں دیتے جو بنتی ہی نہیں؟

6۔ میٹھا سچ DSM1543 😢 ۔

پنجاب کی جیلوں میں 4500 جدید کیمرے لگیں گے۔

حکومتی اہل کاروں کی جیب بھرنے کی بجائے قیدیوں کو ہی بہتر سہولتیں دے دی جائیں تو شاید ان میں انسانیت جاگ جائے۔ ان کو پنکھے اور روم کولر ہی دے دیں۔

7۔ میٹھا سچ DSM1544 😢 ۔

جن کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں ان کی بد دعائیں بھی قبول نہیں ہوتیں۔

8۔ میٹھا سچ DSM1545 😢 ۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

نہ تو کرکٹ کوئی بہت اچھی گیم ہے۔نہ ہماری ٹیم اور نہ سنجیدہ لوگوں کے پاس وقت ہے۔

پھر ہم کیوں باؤلے ہوئے جارہے ہیں؟ ۔

ہارون:بس آپ کا مذہب ہی اچھی گیم ہے۔

ڈاکٹر:سوال گندم جواب چنا۔جب مخاطب کے پاس دلائل اور علم نہ ہو تو وہ ذاتیات پر اترنے کی ہی کوشش کرے گاناں۔عامر رائے آپ کی بات درست ہے لہٰذا اب اس ٹیم کا علاج ہٹلر کی طرز پر کرکے اس کھیل پر پاکستان میں ہمیشہ کے لئے پابندی لگا دینی چاہئے۔

9۔میٹھا سچ DSM1546 🥺 ۔

عورت کا حسن اسے مغرور بنا دیتا ہے۔اس کی نیکی اس کے لیے مداح پیدا کر دیتی ہے۔لیکن وفا اسے دیوتائی صورت میں نمایاں کرتی ہے۔

شیکسپیئر

لیکن افسوس یہ ہے کہ ایسی عورت کو پیسے سے خریدا جا سکتا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

🥺

10۔میٹھا سچ DSM1547 🥺 ۔

آج کی بات مرد کتنا ہی پرہیز گار کیوں نہ ہو۔شادی کے بعد اسے جھوٹ بولنا ہی پڑتا ہے۔

جب بیوی پوچھتی ہے۔

میں کیسی لگ رہی ہوں۔

بیگم نے کھلے ہوئے پیلے رنگ والے مہنگے کپڑے پر کالے پھولوں والا سوٹ پہنا اور ستائش چاہی۔
ہم ٹھہرے سدا کے منہ پھٹ کہہ دیا کہ کیا ٹینٹ کے کپڑے کے زنانہ سوٹ بھی بننے لگ گئے؟اب آگے کچھ بتانے کے قابل نہیں۔

---

1 ۔ ۔میٹھا سچ DSM1548 🥺 ۔

ہمارے بعض خود ساختہ ادیب وشاعر اس طرح کی تحریر لکھتے ہیں جس میں الفاظ آپس میں جڑے ہوتے ہیں۔ انہیں چونکہ اپنی بک بک سے غرض ہوتی ہے اردو کے قتل سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ ان کی اسی نالائقی کا شاخسانہ ہے کہ وہ ایسے الفاظ جوڑ دیتے ہیں جسے اردو کی املا بھی نہیں ٹوکتی۔ مثلاً "ے" کے بعد ہر لفظ میں وقفہ ضروری ہے مگر وہ بغیر وقفے کے املا کھڑکائے چلے جارہے ہیں۔ اب پتا چلا ہے کہ وہ دونوں مہیلائیں حقیقی ادیب وشاعر نہیں بلکہ سوشل میڈیا سے نقلیں مار مار کر صاحبہ کتاب بنی بیٹھی ہیں۔ نام اس لئے نہیں لکھ رہا کہ وہ ہماری فرینڈ لسٹ میں موجود ہیں کہیں راز افشاء ہونے کے غم میں خودکشی نہ کرلیں۔ امید ہے خود ہی اپنی اردو کی اصلاح کرلیں گی ورنہ باز نہ آئیں تو کسی دن ان کا نام ہمارے ہونٹوں پر آہی جانا ہے۔

2۔ میٹھا سچ DSM1549 🥺 ۔

عمران

عمران بھائی اللہ کی ذات بہت بڑی ہے اور بقول علماء کے ساری مخلوقات اس کا شکر ادا کرتی رہتی ہے اپنے اپنے انداز میں۔ اللہ کا مذکورہ ارشاد بھی درست ہے تو بڑے بڑے سچے دعوؤں کو منوانے کے لئے آخر ہمیں ایک جھوٹی داستان گوئی کی ضرورت کس لئے پڑتی ہے؟ آپ کے خیال میں اس

جھوٹی داستان پر آپ کی پکڑ نہیں ہو گی کیا؟ آپ قرآن کریم کی ایسی ہی بیشمار سچی ہدایات سنا کر بھی توانسانوں کو باری تعالیٰ کی جانب راغب کر سکتے تھے۔

3۔ میٹھا سچ DSM1550 🥺 ۔

برصغیر سے جاتے ہوئے گورے کی یہی پلاننگ تھی کہ اب اس کے بعد ہمارے پالتو کتے اپنے ممالک سے مال لوٹ کر ہمارے ہی بنکوں میں جمع کرا جایا کریں گے۔

4۔ میٹھا سچ DSM1551 🥺 ۔

ساحل عدیم کے نیشنل ٹی وی پہ آ کر عورتوں کو جاہل کہنے پہ بہت برا محسوس ہو رہا آج کل کے جاہل عالم بن گئے۔

جاہل عظیم (ساحل عدیم) کے گھر میں بھی چار عورتیں موجود ہیں اس کی ماں، بہن، بیوی اور بیٹی۔ پچانوے فیصد جاہل سے مراد ہے بیس میں سے انیس جاہل۔ اس لئے پچانوے فیصد پورا کرنے کے

لئے اس کی دادیوں نانیوں کے علاوہ بھابیوں، چچیوں تائیوں وغیرہ سب کو گننا پڑے گا۔ گدھا پچھتر فیصد ہی کہہ لیتا تو ہم کم سے کم اس کی ماں کو تو نہ گنتے۔

ان دونوں پر جتنی تنقید کریں گے یہ ریٹنگ میں اوپر چلے جائیں گے۔ سب سے بہتر ہے انہیں موضوع ہی نہ بنائیں، نظر انداز کر دیں اور انہیں عدم مقبولیت کی موت مرنے دیں۔

مجھے ایک عورت نے جنم دیا، دوسری عورت نے ہمیشہ میرے لئے کھانا بنایا، تیسری عورت نے میرے گھر کو سنبھالا جو میں کبھی بھی سنبھال نہ پاتا، چوتھی عورت نے مجھے عزت اور وقار بخشا۔ پھر بھی میرے اوپر لعنت برسے گی اگر میں ان سب کو جاہل کہوں۔ پھر میری بہت عزت کرنے والوں میں بیشمار عورتیں ہیں جو سوشل میڈیا پر میری دوست ہیں وہ بھی بہنوں بیٹیوں جیسی ہیں میں کس منہ سے عورت ذات کے خلاف بول سکتا ہوں بھلا؟

5۔ میٹھا سچ DSM1552 🥺 ۔

پاکستانی مرد اگر جنت میں چلے بھی گئے تو دوزخ میں جلتی گنہگار عورتوں کو جھانکنے ضرور جائیں گے بغیر میک اپ کے ہوں گی بچاری پھر چیختے ہوئے واپس آئیں گے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

6۔ میٹھا سچ DSM1553 🥺 ۔

ستاروں سیاروں کی چال یا علم نجوم، دست شناسی، فال، جادو اور ٹونے جیسے تمام ٹوٹکے کمزور ایمان والے احمق لوگوں کو دھوکہ دے کر حرام کمانے والوں کی چالاکیاں ہیں۔ ورنہ:

ستارہ کیا مری تقدیر کی خبر دے گا۔۔۔

وہ خود فراخی افلاک میں ہے خوار و زبوں۔۔۔!!

قرآن کریم نے ایسے عاملین اور ان پر یقین رکھ کر چلنے والوں کو بدترین جہنم کی خبر دی ہے۔

7۔ میٹھا سچ DSM1554 🥺 ۔

اس کے میک اپ سے بر آمد جو ہوئے کھنڈرات۔۔۔

ایسا لگتا ہے ہڑپہ کی کھدائی ہوئی ہے۔۔۔!!

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

کیپیٹل میں حضرت انسان کی تقلید میں۔۔۔

جانور ایک قابل غور آگیا تو کیا ہوا۔۔۔

بوجھ ہیں قومی خزانے پر جب اتنے گدھے۔۔۔

اک گدھا اس شہر میں اک اور آگیا تو کیا ہوا۔۔۔!!

بائیں بازو پہ ٹکایا تھا جہاں سر اس نے۔۔۔

وہاں پہلے سے فرشتہ تھا عذابوں والا۔۔۔!!

اس نے مجھے وزیر خزانہ بنا دیا۔۔۔

اس وقت جب وطن میں خزانہ تو ہے نہیں۔۔۔!!

اب میں تمہارے ساتھ نہ جاؤں گا ڈیٹ پر ۔۔۔

تم نے وہاں بھی ماسک ہٹانا تو ہے نہیں۔۔۔!!

پہلے میں ڈاکوؤں کے گروپ کا تھا سرغنہ

اب میڈیا کے ساتھ ہوں تم کس کے ساتھ ہو

8۔میٹھا سچ DSM1555 😳 ۔

جی آپ نے بالکل صحیح کہا ہے گورے نے اگر سڑکیں پل تعمیر کیے تو خالصتاً اپنے لوٹے ہوئے مال کی برطانیہ تک ترسیل کے لیے اور اگر اس نے کالج اور یونیورسٹیز قائم کیں تو اپنے لیے حرام خور اور غدار پیدا کرنے اور پالنے کے لیے لیکن کیا کریں کہ ہمارے لوگ ان سے بہت جلد مرعوب ہو جاتے ہیں۔

ڈاکٹر

گورے (پہلے برطانیہ اور اب اس کا زیادہ طاقتور بچے امریکہ) نے ہماری لیڈرشپ بنانے میں مخصوص ترکیب سے کام لے کر کرپشن کے ذریعے اسٹیبلیشمنٹ یا اپنے سابقہ غلاموں کو قابو کر رکھا ہے اور یہ پہلے دن سے ہی ایسا ہے۔ ہم آج بھی گورے کے فارمولے سے باہر نہیں نکل پائے۔ تاریخ پاکستان کے گہرے مطالعے سے مجھے تو بہر حال یہی پتا چلا ہے کہ گورے نے اپنی حدود سے باہر پوری دنیا میں اپنی چھوٹی چھوٹی طاقتور فوجی کالونیاں بنا رکھی ہیں جہاں سے وہ لوگوں کو کرپشن کی اجازت دے کر اپنی ہی قوم یا نسل سے بغاوت کرنا سکھاتا ہے، مشکل وقت میں پناہ بھی دیتا ہے اور لوٹ کے مال کو بھی ڈکارتا رہتا ہے۔ اس کی مثال برصغیر میں پاکستان، مشرق بعید میں تائیوان، مشرق وسطیٰ میں سعودیہ اور اب اسرائیل بھی، نیز یورپ میں فرانس ہے۔ میری درخواست ہے کہ جذبات اور سابقہ اعتقادات کے ٹرانس سے تھوڑی دیر کے لئے ذرا غیر جانبدار

ہو کر پاکستان کی علیحدگی پر گہرا مطالعہ کریں اور پھر موجودہ حالت کے ماضی سے دوبارہ تانے بانے جوڑیں۔ مگر جس بھی نتیجے پر پہنچیں وطن سے محبت کم نہ کریں۔

9۔ میٹھا سچ DSM1556 😢 ۔

اپنے اخلاق اور اپنے کردار کو عمدہ رکھو۔ اس سے خون اور خاندان کی پہچان ہوتی ہے اپنے خون اور خاندان سے بھی جسے ہم پہلے سے جانتے ہوں یا صرف باہر باہر ہی؟

ڈاکٹر سلطان محمود

10۔ میٹھا سچ DSM1557 😢 ۔

مجھے ایک ایسا بھی احمق پروفیسر ملا جو اپنی درفنطنیوں کو اقوال زرین کہتا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1 ۔ ۔میٹھا سچ DSM1558 🥺 ۔

سندھ کا ایک ایک سیاسی رہنماء لاکھوں لوگوں کا معاشی قاتل ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

2۔میٹھا سچ DSM1559 🥺 ۔

پھر سمندر تڑپ نہیں اٹھا یہ کہتے کہتے کہ "پاکستانیو کوئی سچ دا کم وی کر لیا کرو "

3۔میٹھا سچ DSM1560 🥺 ۔

پھر یوں ہوا کہ راستے یکجا نہیں رہے ۔۔۔

میں بھی انا پرست تھی، وہ بھی انا پرست ۔۔۔!!

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

4۔میٹھا سچ DSM1561 🥺 ۔

کچھ فیس بکی دوستوں کی تجویز پر سب لوگ کام دھندہ چھوڑ دیں گے اور سوشل میڈیا پر ہی نیکیاں پھیلانا شروع کر دینگے۔

5۔میٹھا سچ DSM1562 🥺 ۔

ایک بیش قیمت انسان کی یہی پہچان ہے فی زمانہ کہ وہ خلوص دل سے دوسرے کی عزت کرے۔

6۔میٹھا سچ DSM1563 🥺 ۔

خلیل جبران کہتا ہے کہ میں نے بارہا اس موضوع پر غور کیا کہ "موت" کیا ہے؟ اس سے زندگی کا کیا رشتہ ہے؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ایک دفعہ میں نے ایک سمندری جہاز دیکھا، جب وہ ساحل سے دور ہوا اور نظروں سے اوجھل ہو گیا تو لوگوں نے کہا کہ "چلا گیا"۔ میں نے سوچا دور ایک بندرگاہ ہو گی، وہاں یہی جہاز دیکھ کر لوگ کہہ رہے ہوں گے کہ "آ گیا"

شاید اسی کا نام موت ہے، ایک پرانی زندگی کا خاتمہ اور نئی زندگی کی ابتداء۔۔۔

ڈاکٹر

انسان کا مرنا ضروری ہے لیکن اس کو زندہ رہنے کی بے حد خواہش ہے۔ مذاہب نے اس انسانی خواہش کی تشفی یہ کہہ کر کر دی ہے کہ مر بھی گئے تو کیا فکر تم اگلی زندگی میں جیو گے ہمیشہ کے لئے بنا مرے۔

سنی حکایتِ ہستی تو درمیاں سے سنی۔۔۔

نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم۔۔۔!!

7۔ میٹھا سچ DSM1564 🥺 ۔

بینا

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

مرد بھی پاکیزہ اور اچھے کردار کے حامل ہوتے ہیں جب ہی تو انہیں نبوّت بھی ملی اور ولایت بھی۔

"مرد کی فطرت! مرد کی فطرت!" کہہ کر ان کی توہین نہ کریں کیونکہ اگر ایک مرد برا ہوتا ہے تو اس کے خلاف آپ کی مدد کرنے کے لئے دس اچھے کردار کے مرد بھی ہوتے ہیں!!

ڈاکٹر

شکر ہے کوئی عورت مرد کو محافظ بھی سمجھتی ہے۔

8۔ میٹھا سچ DSM1565 🥺 ۔

ڈاکٹر صاحب کبھی دوست بھی سابقہ ہوئے ہیں؟

جی ہاں جن کو جا کر ملنا پڑے وہ سابقہ ہی ہوئے ناں سر جی ورنہ اصلی دوست موقعے نہیں ڈھونڈتے ملنے کے۔

🤔

9۔ میٹھا سچ DSM1566 🥺 ۔

ملک میں یہ ہیں کاروباری حالات کہ فیکٹریوں ہر فیکٹریاں بند ہو رہی ہیں۔ عوام کا خیال ہے کہ صرف غریب پس رہا ہے جبکہ حقیقت میں صرف اوپری پانچ فیصد سارے ملک کی دولت چوس رہے ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

10۔ میٹھا سچ DSM1567 🥺 ۔

I Wasn't Born Experienced, But The Hard Realities, Deceiving Natures, Sweet Lies, Broken Promises, Double Faces, Attractive Words, Melting Emotions, Lovely Feelings, Bitter Truth, Harsh Behaviors, Loving Attitude, Ignoring Acts, Multi Standards, False Statements, Hippocratic Tones etc. All These Made Me Experienced.

میں تجربہ کار پیدا نہیں ہوا، لیکن سخت حقیقتیں، فریب دینے والی فطرت، میٹھے جھوٹ، ٹوٹے ہوئے وعدے، دوہرے چہرے، پرکشش الفاظ، پگھلنے والے جذبات، پیارے احساسات، تلخ سچائی، سخت رویے، محبت بھرا رویہ، اعمال کو نظر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

انداز کرنا، کثیر معیارات، جھوٹے بیانات۔ ہپوکریٹک ٹونزوغیرہ ان سب نے مجھے تجربہ کار بنایا۔

---

1 ۔ ۔میٹھاسچ DSM1568 🥹 ۔

میں غریب ترین ملک کا شاعر ہوں

ہر وقت بھیک مانگنا میری نشانی ہے

🤦🤦🏃🏃🏃🏃🙈🤗

2۔میٹھاسچ DSM1569 🥹 ۔

ناصر ڈسکہ

کیا اللہ جعلی رہنماؤں کے پیچھے چلنے والی قوم پر رحم فرماتا ہے؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

3۔میٹھا سچ DSM1570 😢 ۔

سیاسی جماعتوں میں ذہین لوگ نہیں ملتے البتہ ریوڑ خوب اکٹھا ہوتا ہے۔

طاہر

ہر جگہ سرمایہ دار چرواہے غربت میں ڈوبے عوام کو اپنے کتوں کے ذریعہ ہانک رہے ہیں۔ جس دن عوام نے ان کتوں کو بھگا دیا چرواہے بھی نس بچ جانے نیں۔

ڈاکٹر

حضور وہ دن کب آئے گا جب عوام اکٹھی ہو کر ان کتوں سے جان چھڑوالے گی؟ کونکہ عوام کے اپنے نمائندے ہی ان سرمایہ داروں کے کتے بن گئے ہوئے ہیں وہی جن کو ہم ووٹ دیتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ عوام ہی اپنی دشمن ہے جو ایسے حکمران یا تو اپنے اوپر ووٹ کے ذریعے خود مسلط کرتی ہے یا پھر چپ چاپ سہتی رہتی ہے اور اپنے حقوق کے لئے اکٹھی نہیں ہوتی۔

4۔میٹھا سچ DSM1571 😢 ۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

فلسطین میں جو بھی کچھ ہو رہا بے حد افسوسناک ہے اور اب محسوس ہوتا ہے کہ سلطنت عثمانیہ نے کیوں آخر تک یہودیوں کو فلسطین میں زمین خریدنے پر پابندی لگائے رکھی۔

5۔میٹھا سچ 1572 DSM 😢 ۔

میرے سگے بھائی نے مجھے لاکڈ پروفائل کے ساتھ دوستی کی درخواست مدت سے دے رکھی ہے جو میں نے اصولی موقف کے باعث قبول نہیں کی ابھی تک۔وہ ہر ملاقات پر جھگڑتے ہیں کہ یہ غیروں کے لئے لاک کی ہے آپ مجھے ویسے تو پیدائشی طور پر جانتے ہیں تو پھر ایسی ہٹ دھرمی کیوں؟میری مسکراہٹ اور اصول دونوں قائم ہیں ابھی تک اور انہیں کئی بار سمجھا چکا ہوں کہ بھیا اگر کہیں جھوٹ بول چکے ہیں تو پروفائل چھپانا سمجھ میں آتا ہے یا پھر آپ کوئی خاتون قسم کی سیلبریٹی ہیں تو پھر بھی معافی ہے۔ورنہ پھر آپ مجھے قائل کر لیں۔ 😀

6۔میٹھا سچ DSM1573 😢 ۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اگر کچھ چلانا ہی ضروری ہے تو دماغ سب سے بہترین ہتھیار ہے۔ ۔

7۔میٹھا سچ DSM1574 😢 ۔

پی آئی اے کو جو نکیں چمٹی ہوئی ہیں۔

8۔ ۔میٹھا سچ DSM1575 😢 ۔

Don't forget today's fact that Afghans are growing under the supervision of Americans and dollars and will be watchdog against China, just like Taiwan.

آج کی حقیقت کو فراموش نہ کریں کہ افغان امریکیوں اور ڈالروں کی نگرانی میں بڑھ رہے ہیں اور تائیوان کی طرح چین کے خلاف بھی چوکیدار ہوں گے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

9۔میٹھا سچ DSM1576 🥺 ۔

تصویر کا ایک رخ

مغربی حکمرانوں کے پاس ذاتی دھن دولت نہیں ہوتی۔

دوستی کر لو ہم فقیروں سے۔۔۔

فیس بک پر ایک اور ماشٹر اپنا سکول کھولنے کی کوشش میں above the board جا رہا ہے۔ عرض کی ہے کہ جو تعلیمی نظام اپنی بنیاد سے لے کر اوپر تک مکمل طور پر غلط ہے اور پاکستان کو کسی بھی لحاظ سے فائدہ نہیں دے سکتا اسے سمجھے بغیر آپ نے اتنا زور کس لئے صرف کر دیا؟

(بعد میں ناراضگی میں نجانے کیا کیا کہتا رہا)

7۔ 🥹 میٹھا سچ 3557 😷 DSM 🥹

It's repeated, previously,it's with no.1666.Anam

اس دفعہ پیرس کی سیر کرنے اولمپکس میں سات کھلاڑی، 27 سرکاری افسران اور ان سب کا سربراہ ایک قاتل جوڑا ہے۔ رانا ثناء اللہ اور اس کی بیگم۔ دو مقابلوں میں دو پاکستانی آخری آخری نمبر پر آئے ہیں۔ باقی مقابلوں میں پوری ٹیم باہر ہو جانے کا پورا یقین ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

8۔ 🥹 میٹھا سچ 3558 🤐 DSM 🥹

اگر مرید نہ ہوں تو پیر غائب، لالچی نہ ہو تو ٹھگ غائب، مریض نہ ہو تو ڈاکٹر غائب، شاگرد نہ ہوں تو استاد غائب، عشق نہ ہو تو محبوب غائب، و علی ھذا القیاس۔

9۔ 🥹 میٹھا سچ 3559 🤐 DSM 🥹

ذہانت کی اعلیٰ سطح انسان کو غیر سماجی بنا دیتی ہے۔

سر اس طرح تو سب تنہائی پسند عناصر، رہبانیت کے خوگر، سماج کو منہ نہ دکھانے کے قابل لوگ، نشہ کرنے والے جہاز، خود ساختہ باپردہ خواتین اور اسٹیبلشمنٹ وغیرہ تو بہت ذہین ٹھہری۔

(یہاں وجدان شاہ نے خود ساختہ پردہ دار کو اپنے معنی پہنا دیئے جس کی وضاحت کر دی گئی)

10۔ 🥲 میٹھا سچ 3560 🤐 DSM 🥲

لڑکی نے ٹانگیں پسارے لڑکے کی پونی پر غلیل سے نشانہ لیا جس سے وہ تڑپ اٹھا۔

ٹھیک کیا ہے اس نے۔ یہ اس لڑکی نے یاد دھانی کرائی ہے کہ پونی دیا اسے صرف موترنے کے لئے رکھا ہوا ہے کیا؟

1۔ 🥲 میٹھا سچ 3561 🤐 DSM 🥲

ہر حکمرانی خوف ہی کے ذریعے ممکن ہوتی ہے ورنہ پوری تاریخ انسانی میں کسی بھی ریاست میں ایسی کوئی بھی حکمرانی بتادیں جو خوف کے بغیر ہوئی ہو؟ اسلامی ریاست والا جواب دینے سے قبل گہرا مطالعہ کر کے دیکھ لیں وہاں بھی جہنم کا خوف دلایا گیا تھا اور دوسرے خلیفہ نے تو ساتھ کوڑا بھی متعارف کرا دیا تھا۔

2۔ 🥲 میٹھا سچ 3562 🤐 DSM 🥲

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

مالی

ستر سالہ مستعد امیر بوڑھے نے گھنٹی گیٹ کھولا تو سامنے کمزور منحنی سا سفید بالوں والا پینتالیس سالہ مالی کھڑا تھا۔

اس نے پوچھا" چچا تمہاری والدہ اب کیسی ہے" مالی نے کہا"بس سر بڑھاپے کا تو کوئی علاج نہیں۔ اب مائی جی ستر کی ہونے والی ہیں"

3۔ 🌞 میٹھا سچ 3563 😷 DSM 🥺

طارق سیٹھی

کرپٹ افسر نے ڈیوٹی پر جاتے ہوئے اپنے پرانے دوست کو بھی گاڑی میں ساتھ بٹھالیا۔

افسر نے گپ شپ لگاتے ہوئے کہا کہ ارادہ ہے اگلے ماہ عمرہ کر آؤں۔

منہ پھٹ دوست نے اسے ایک نظر دیکھا اور مشورہ دیا کہ جب اپنا کماؤ گے تو پھر چاہے حج کر لینا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

4۔ 🥲 میٹھا سچ 3564 😷 DSM 🥲

خالہ

خالہ کے ہاں معمولی شکل کا نواسہ پیدا ہوا تو اس نے مبارک دینے والوں میں سے ایک قریبی رشتے دار سے پوچھا کیسا ہے میرا نواسہ؟

اس نے خالہ کا دل ٹوٹنے سے بچانے کے لئے کہا کہ "انشاءاللہ بڑا ہو کر خوبصورت ہو جائے گا"

5۔ 🥲 میٹھا سچ 3565 😷 DSM 🥲

قبض

سادہ مزاج بزرگ خاتون نے ڈنگر ڈاکٹر کو انسانی ڈاکٹر سمجھ کر پوچھا "وے ڈاکٹر مجھے قبض رہتی ہے تو بتاؤ کہ کتنی مقدار میں اسبغول کا چھلکا کھاوں؟

ڈاکٹر نے اپنی لاعلمی چھپاتے ہوئے کہا" پھوپی جان جتنی کرنا چاہتی ہیں اتنا ہی پھانک لیجئے"۔

6۔ 🌞 میٹھا سچ 3566 🤐 DSM 🥺

دیسی ولائتی

چکن بارے گفتگو میں دیہاتی باس نے سوال کیا کہ دیسی مرغ چھلانگ لگا کر دیوار پھلانگ جاتا ہے لیکن برائلر کا پنجرہ کھول بھی دیا جائے تو بیچارہ اپنے قدموں پر چل نہیں پاتا۔

ماہر غذا نے پوچھا کہ سر کیا آپ پرندے کا گوشت کھانا چاہتے ہیں یا کشتی لڑنا۔

7۔ 🌞 میٹھا سچ 3567 🤐 DSM 🥺

طاقت

دیہاتی نے ڈاکٹر سے پوچھا کہ برائلر فوراً گل جاتا ہے جبکہ دیسی مرغ میں اتنی طاقت ہے کہ گھنٹوں گلتا نہیں۔

ڈاکٹر نے مشورہ دیا کہ آپ تولیہ پکا کر کھالیا کریں۔ یہ بالکل نہیں گلتا۔

8۔ 🥲 میٹھا سچ 3568 🤐 DSM 🥲

ذہین اور حسین

حسینہ عالم نے نوبل پرائز یافتہ ایک بدنما سائنسدان کو شادی کی پیشکش کرتے ہوئے وجہ بتائی کہ میں چاہتی ہوں ہمارے بچے آپ جیسے ذہین اور میرے جیسے حسین ہوں۔

سائنسدان نے سکون سے جواب دیا کہ "اگر الٹا ہو گیا تو"

9۔ 🥲 میٹھا سچ 3569 🤐 DSM 🥲

چارلی چپلن

چارلی چپلن بڑی تگ و دو کے بعد جب آئن سٹائن سے ملا تو سائنسدان نے کہا کہ کمال ہے آپ اپنی اداکاری میں بولتے بھی نہیں لیکن دنیا سب سمجھ جاتی ہے۔

چارلی نے جواب دیا سر اصل کمال آپ کا ہے دنیا آپ سے پوری طرح متفق ہے حالانکہ کہ وہ آپ کی ایک بات بھی نہیں سمجھتی۔

10۔ 🌞 میٹھا سچ 3570 🤐 DSM 🥺

دین اور اطاعت

برٹرینڈ رسل نے ایک بار کہا کہ اسلام بہترین دین ہے لیکن مسلمان بدترین اطاعت کرنے والے۔

1۔ 🌞 میٹھا سچ 3571 🤐 DSM 🥺

حرام

مغرب میں مجھے بیشمار مسلمان مسلم غیر مسلم گرل فرینڈز کے ساتھ حلال فوڈ شاپس پر دکھائی دیتے تھے یا لڑکی کو باہر گاڑی میں بٹھا کر مسجد میں نماز پڑھتے ملتے تھے لیکن آپس میں حلال حرام کی بحث میں قرآن وحدیث کے حوالے دینا نہیں بھولتے تھے۔

2۔ 🤓 میٹھا سچ 3572 😷 DSM 🥴

ڈی جی ایس پی آر نے ایسے بھولے پن سے تیل کی سمگلنگ کا شکوہ کیا جیسے بارڈر پر ہم ہوتے ہیں۔

3۔ 🤓 میٹھا سچ 3573 😷 DSM 🥴

مجھے پسند ہے۔۔!!

کسی پہاڑ کی چوٹی پر،

لکڑی سے بنا چھوٹا سا گھر۔۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

چائے کا کپ ہاتھ میں تھامے۔۔

کھڑکی سے برستی بارش دیکھنا۔۔

بوڑھے دراز قامت درخت۔۔

قدیم حویلیاں۔۔

اُفق پر روشنی بکھیرتا سورج۔۔

سردیوں کی راتیں۔۔

گیلی مٹی کی خوشبو۔۔

شاعری۔۔

کتابیں۔۔

بوسیدہ ڈائریاں۔۔

ڈھلتی ویران شام۔۔

ویران جزیرے۔۔

بکھرے زرد پتّے۔۔

اور جان لیوا خاموشی۔۔

4۔ 🌞 میٹھا سچ 3574 😷 DSM 🥺

معاہدے 1994ء میں بینظیر اور زرداری نے کئے پھر نواز شریف مافیا نے اس میں سب سے زیادہ ہاتھ رنگے۔ البتہ عمران کا یہ قصور ضرور ہے کہ اس نے ان معاہدوں پر کمیشن بٹھا کر سب معلومات لینے کے باوجود انہیں تیس سال کی توسیع دے دی۔

5۔ 🌞 میٹھا سچ 3575 😷 DSM 🥺

ذمہ داریاں پوری کرتے کرتے پتا ہی نہ چلا کہ کب عمر نکل گئی دوسری شادی کی۔

6۔ 🌞 میٹھا سچ 3576 😷 DSM 🥺

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

بہت سے ایڈیاز روک کر بیٹھے ہیں بس ریویو کا کام ہو جائے، پھر پرومو کے لیے بہت کچھ نکل سکتا ہے اچھے آئیڈیاز روکنے سے علمی قبض ہو سکتی ہے۔

7۔ 😊 میٹھا سچ 3577 😷 DSM 🥺

وقار: انشاللہ اگے ہمارا ٹیم ورک اور بہتر انداز میں ہو گا۔

ڈاکٹر: جی انشاءاللہ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ جیسے ایک شخص نے ہزار روپیہ ادھار لیا جب اس نے مانگا تو تیسرے بندے سے لے کر پہلے کو واپس کر دیا۔ تیسرے نے واپس مانگا تو دوسرے سے ادھار لے کر تیسرے کو واپس کر دیا۔ جب یہ سلسلہ بڑھا تو وہ ان دونوں سے کہتا ہے کہ یار آپس ہی میں ایک دوسرے کو رقم دیتے لیتے رہیں مجھے کیوں تکلیف دے رہے ہیں۔

8۔ 😊 میٹھا سچ 3578 😷 DSM 🥺

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ایک اور بولا بغض کا شکار فروپیسر کاش مجھے پتا ہوتا کہ چیمے کی وفات ایک نالج ہے تو میں رٹہ لگا لیتا سر۔ اور اپنی حالت دیکھو بغض مجھ پر جھاڑ نا تھا جھاڑ میاں لطیف پہ دیا۔

9۔ 🥹 میٹھا سچ 3579 😷 DSM 🥹

"میرا جسم میری مرضی" سے متاثرہ لڑکی نے سٹیٹس لگایا کہ ساس سسر کی دیکھ بھال کا حکم دین میں نہیں۔ خاوند نے پوچھا کیا شادی سے پہلے ڈیٹس مارنے کی اجازت ہے دین میں؟ بیوی بیہوش۔

10۔ 🥹 میٹھا سچ 3580 😷 DSM 🥹

"میرا جسم میری مرضی" سے متاثرہ لڑکی گلے میں بیگ ڈالے انگلی میں گاڑی کی چابی گھماتے ساس سے بولی آپ ذرا بچے سنبھالیں میں امی کو گھما پھرا کے گھر چھوڑ کر آتی ہوں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1۔ 🌞 میٹھا سچ 3581 😷 DSM 🥺

شکریہ مادام۔ مجھے بھی فلم "محبتیں" میں یہی تھیم سمجھ آیا تھا۔ یعنی کہ کل کے انتظار میں نہ رہو کل کا کیا ہے یہ ہو نہ ہو۔

جو کرنا ہے کر گزرو تم۔۔۔

روز قیامت تو نہ آئے۔۔۔!!

2۔ 🌞 میٹھا سچ 3582 😷 DSM 🥺

ساحر کی نظم غالباً اس کی کتاب تلخیاں سے لی گئی نے چالیس برس پیشتر مجھے بھی شاعری میں دل کے پھپھولے پھوڑنے پر مجبور کر دیا تھا۔

3۔ 🌞 میٹھا سچ 3583 😷 DSM 🥺

جو لوگ سفر سے تھک جاتے ہیں وہی اسے نا قابل رسائی سمجھتے ہیں۔

4۔ 🌞 میٹھا سچ 3584 😷 DSM 🥺

بعض مرد بچوں کی طرح کچھ کھلونوں سے کھیلنا چاہتے ہیں اور پھر جی بھرنے کے بعد انہیں توڑ بھی دیتے ہیں۔

5۔ 🌞 میٹھا سچ 3585 😷 DSM 🥺

ایک بچہ اپنی ماں کا ویسا ہی محتاج ہوتا ہے جیسے درخت پانی کا۔

6۔ 🌞 میٹھا سچ 3586 😷 DSM 🥺

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

جہالت ہماری روح کا ایک تاریک خانہ ہے جس کی قید میں روح خود آجاتی ہے۔ جس میں پرندہ نہ تو خوشی کے گیت گا سکتا ہے اور نہ ہی اپنے پر ہلا سکتا ہے وہ صرف خود سے جھوٹ بول سکتا ہے کہ وہ کمزور اور بے جان ہے اور بالآخر وہ اسی حال میں مر جاتا ہے۔

7۔ 😊 میٹھا سچ 3587 😷 DSM 🥺

جسمانی لذتوں کے بعد دل کو لگانا جاہلوں کا کام ہے۔

8۔ 😊 میٹھا سچ 3588 😷 DSM 🥺

میں نے دبئی کے علاوہ دنیا کے ہر غیر مسلم ترقی یافتہ شہر کو لگ بھگ سولہ کوس یا میل پر ہی پھیلا دیکھا ہے۔ یہ بات احادیث میں بھی ہے اور جب مسولینی نے علامہ اقبال سے یہی حدیث سنی تو پکار اٹھا کہ محمد عظیم ٹاؤن پلانر تھے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

9۔ 🌞 میٹھا سچ 3589 🤐 DSM 🥺

ان پڑھ دولتمند سیاستدان بن کر براہ راست انتہائی پڑھے لکھے پروفیسروں، سائنسدانوں وڈاکٹر انجینئرز کو اپنا دست نگر بنا لیتے ہیں۔ اور ان کے بعد یہ کام بیوروکریٹ کرتا ہے۔

10۔ 🌞 میٹھا سچ 3590 🤐 DSM 🥺

27 اگست 2020

نواز شریف جیسے سیاستدانوں کو عدالتوں کے ذریعے اتنا نہ بلائیں کہ انہیں بیمار پڑنا پڑ جائے۔

1۔ 🌞 میٹھا سچ 3591 🤐 DSM 🥺

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

امریکہ اور جاپان نے اڑنے والی کار کا تجربہ کر لیا ہے لیکن کبھی وہ بھی ہماری طرح ایک دوسرے کے کردار پر افواہیں اڑایا کرتے تھے۔

2۔ 🌞 میٹھا سچ 3592 😷 DSM 🥺

ملک کے جس حصے سے قدرتی وسائل دریافت ہوں اس کی ملحقہ آبادی کو سب سے زیادہ فائدہ دے کر قومی دھارے میں شامل کر لیا جائے۔

3۔ 🌞 میٹھا سچ 3593 😷 DSM 🥺

بورڈ آف ریونیو نے جون 2020ء میں محصولات کے ہدف کو دس سے زائد فیصد پورا کر کے مجموعی طور پر نو فیصد مہنگائی کم کی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارا بھی 0۔2 ارب ڈالر کی کمی کی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

4۔ 🥰 میٹھا سچ 3594 😷 DSM 🥺

چین اس سے زیادہ کیا پاکستان کی مدد کر سکتا ہے کہ اس نے پاکستان کے زرمبادلہ میں اضافے کی مدد کے طور پر سب سے زیادہ رقم جمع کرائی ہے۔

5۔ 🥰 میٹھا سچ 3595 😷 DSM 🥺

انگریز کے آنے سے قبل سندھ کبھی بھی ہندوستان کا حصہ نہیں رہا۔

6۔ 🥰 میٹھا سچ 3596 😷 DSM 🥺

تقسیم کے وقت ہندوستانی تعلیم یافتہ مسلمان طبقہ کراچی کو دارلخلافہ جان کر بھاگم بھاگ یہاں آباد ہو گیا تاکہ نومولود ملک کے تمام انتظامات ان کے ہاتھ میں آجائیں۔ پھر ان کو 1964ء میں یہ دھچکا ایوب خان نے پہنچایا جب دارلخلافہ اسلام آباد منتقل کر دیا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

7۔ 🥹 DSM 🤐 3597 میٹھا سچ 🥹

ہوش سنبھالتے ہی سنتے آئے ہیں کہ ملک لوٹا جا رہا ہے مگر اس کے باوجود جو ملک قائم ہے اس سے یہ احساس ابھرتا ہے کہ قدرت کی اس ملک پر کچھ خصوصی عنایات ہیں۔

8۔ 🥹 DSM 🤐 3598 میٹھا سچ 🥹

اس پالیسی کے پیچھے کچھ سازش نظر آتی ہے کہ ملک کے قریباً آدھے رقبے کے برابر بلوچستان اور کل ملک کے آدھے محصولات والا شہر کراچی آخر کیوں مسلسل نظر انداز کئے جا رہے ہیں بلکہ کیوں برباد کئے جا رہے ہیں؟

کراچی کی تباہی میں نمایاں عوامل مسلسل ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کی حکومت، بینظیر قتل پر شدید تباہی پھیلانا، زندہ انسان جلانا، بھتہ خوری، بوری بند لاشیں، سرکاری سطح پر بدعنوانی اور سیاسی و انتظامی امور میں نااہلی شامل ہیں۔

9۔ 🌞 میٹھا سچ 3599 🤐 DSM 🥺

اگر شاہ محمود قریشی سیاسی قلابازیوں کی وجہ سے بدنام نہ ہوتے تو 2018ء میں پنجاب کے وزیر اعلیٰ بن سکتے تھے۔

10۔ 🌞 میٹھا سچ 3600 🤐 DSM 🥺

شاہ محمود قریشی وزیر اعظم بننا چاہتے تھے، زلفی بخاری وزیر خارجہ جبکہ عمران طیب اردگان مگر پرفارمینس میں سب صفر۔

فہرست

نمبر شمار	عنوان	سیٹ
1	کامن سینس	A
2	کامن سینس	B
3	کامن سینس	C
4	کامن سینس	D
5	کامن سینس	E
6	کامن سینس	F
7	کامن سینس	G
8	کامن سینس	H
9	کامن سینس	I
10	کامن سینس	J
15	کامن سینس	K
16	کامن سینس	L
17	کامن سینس	M
18	کامن سینس	N
19	کامن سینس	O
20	کامن سینس	P
21	کامن سینس	Q
22	کامن سینس	R
23	کامن سینس	S

A343 کامن سینس

20Feb20

1۔ اک سوال ہے کہ اگر پنجابی خود اپنے بچوں سے اردو بولے گا تو اس کی زبان کو عزت دینے کے لئے آسمان سے فرشتے تو نہیں اتر سکتے۔

خرابی کسی زبان میں نہیں ہوتی۔ مسئلہ وہاں کھڑا ہوتا ہے جہاں ہم اپنی ماں بولی کو پس پشت ڈال کر دوسری زبان میں منہ مارتے ہوئے اپنے آپ کو زیادہ عالم سمجھنے لگ جاتے ہیں۔

اردو کی خدمت اور ترویج ہی پنجابیوں نے کی ہے۔ بابائے اردو مولوی عبد الحق ہی کی مثال لے لیں۔

ہو سکتا ہے عدالت کوئی عارضی حل نکال ہی لے مگر قصور سراسر پنجابیوں کا ہے جو پہلے دن سے بیوی بچوں سے اردو میں بات کر کے اپنی ہی ماں بولی کی تضحیک کرتے ہیں۔

اردو پنجابی میں سائنسی تحقیق نہ ہونے کے سبب یہ زبانیں اگلے 50 برس میں نیم مردہ ہو جائیں گی۔ انکو زندہ رکھنے کی اگلی وجہ ادب و شاعری ہے جس کا ہم خود ہی گلا گھونٹ رہے ہیں۔

2۔ شیطان سیکس کر نہیں سکتا تبھی تو دوسروں کو اکساتا ورنہ خود نہ کر لیتا۔

3۔ آسمان تو سرے سے ہوتا ہی نہیں۔ یہ ایک استعارہ ہے یعنی ایسی جگہ جو پہنچ سے باہر ہو وگرنہ یہ تو نظر کا دھوکا ہے، نہ سیارہ ہے نہ ستارہ، محض گیسوں کی نیلگوں چمک ہے۔ چلتے جائیں آگے آگے چلے گا۔

4. "Innovation distinguishes between a leader and a follower."

"جدت ایک رہنما اور پیروکار کے درمیان فرق کرتی ہے۔ "

Steve Jobs

5۔ انسان دائروں میں بٹتا جارہا ہے۔۔

اور ہر دائرہ پہلے سے گھٹتا جارہا ہے۔۔

۔)عقیدہ، پارٹی، زبان، ذات، علاقہ ہمارے دائرے ہیں (

6۔ برائے ثمینہ رشید

بہت زبردست احاطہ کیا ہے آپ نے ایک آئیڈیل عورت کا۔ خاص طور پر یہ شعر حاصل کلام ہے:

میں نصف ہوں جس کا وہ ساتھی مجھے بخشا اور مجھ کو دیا اس سے نبھانے کا ہنر بھی....

مگر ایک طنزیہ تبصرہ۔ یہ خوبیاں پانے کے لئے پھر بہت سی عورتوں سے رابطے رکھنے پڑیں گے کیا؟

7۔امجد صفدر

تین شخص تین کہانیاں:

آپ کے سامنے تین آدمی ہوں، پہلے پر الزام ہو کہ جھوٹا بھی ہے، منہ پھٹ بدلحاظ اور زانی بھی۔ زکوٰۃ صدقات تک نہیں چھوڑتا۔ نشہ بھی کرتا ہے اور اس کے عورتوں ہی نہیں مردوں سے بھی ناجائز تعلقات ہیں اور دوستوں کی اہمیت یہ ہے کہ پچیس برس پرانا دوست بھی مر جائے تو جنازہ تک نہیں پڑھتا۔

دوسرا شخص الزامات میں ڈاکو مشہور ہے، لوگوں کی ٹانگوں سے بم باندھ کر لوٹتا رہا ہے۔ سودے کرواتا ہے تو ٹین پرسنٹ کمیشن لیتا ہے کرپشن کے علاوہ کوئی کام نہیں کرتا۔ بیوی مری تو جعلی وصیت سے ساری جائیداد پر قبضہ کر لیا مگر یاروں کا یار ہے۔

تیسرا شخص نمازی بھی ہے اور خدا ترس بھی، لہجہ نرم رکھتا ہے اور بدتمیز بھی نہیں۔ ترقیاتی کام حد سے بھی زیادہ کرتا ہے غریبوں کو ریلیف دیتا ہے مگر انا پرست حد سے زیادہ ہے۔ الزام یہ ہے کہ بیٹے سے تنخواہ نہیں لیتا تو اندراج نہیں کرتا۔ اپنی فیملی اور برادری سے باہر کسی کو نہیں نوازتا، خوشامدیوں کے علاوہ کسی کو لفٹ نہیں کرواتا۔

آپ کس پر اعتبار اور کس سے معاملہ کریں گے؟

میں تیسرے والے پر۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ازڈاکٹر سلطان محمود

اگر کیس خود تیار کر کے خود ہی ووٹ بھی دے دینا ہے تو لوگوں سے کیا پوچھنا؟ یہ فکری منافقت کہلائے گی کہ مخالف کی بری باتیں اور پسندیدہ بندے کی اچھی باتیں بیان کر کے فیصلے لینا۔ ایمانداری تو سب کے لئے ایک جیسا پیمانہ رکھنے میں ہے۔'چوراں دے کپڑے تے ڈانگاں دے گز' والی بات تو انصاف نہیں۔

8۔ یہ ایک تکلیف دہ حقیقت ہے کہ ہم جس چیز سے بھی محبت کرتے ہیں وہ ایک دن ختم ہو جانے والی ہوتی ہے۔ جیسے وقت، پیسہ، خاندان، زندگی۔ ماخوذ

9۔ درست راستے پر چلنے کی پہلے پلاننگ کر لیں ورنہ پھر ناکامیوں کی شکایت نہ کریں۔ ماخوذ

10۔ اتحاد بذات خود ایک طاقت ہے۔

To Iqbal Abbasi

Sir don't be skeptic by Uncle Sam. It's sinking ship.

"سر، امریکہ کے بارے میں شکی نہ ہوں۔ یہ ڈوبتا ہوا جہاز ہے۔"

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

کامن سینس B

24Feb20

1۔ میاں وقار

کیا قلم کار ہمارے معاشرے کے صحیح آئینہ دار ہیں؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

اگر صلاحیت کی وجہ سے قلم کار بنے ہوں تو ہاں۔ لیکن اگر خواہش کے بل پر بنے ہوں تو نہیں۔

2۔ ہم ایک ہی برادری، زبان، فرقے نیز پارٹی یا سیاسی شخصیت کے طلسم میں کھوئے رہتے ہیں۔ پھر یہی ہمارے کمفرٹ زون بن جاتے ہیں اور ہم باقی زندگی نشئیوں کی طرح گزار دیتے ہیں۔

3۔ پچھلے 75 برس میں امریکہ نے 108 جنگیں چھیڑ کر 3 کروڑ انسان قتل کئے، دنیا کے 43 فیصد وسائل اجاڑے نیز 3 کھرب ڈالر کا اسلحہ بیچا۔ اس لحاظ سے امریکہ واحد دہشتگر د ملک اور اقوام متحدہ ناکام ترین ادارہ ہے۔

)اس پوسٹ کو اب تک 500 سے زائد لائیکس مل چکے ہیں اور 400 سے زائد شئیر۔(

4۔ دنیا میں بھلا سب سے خطرناک نشہ کونسا ہے جو کسی بھی حالت میں نہیں اترتا؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

5. Don't enter into the life of those who don't need you and don't leave in pain the life of those who love you. Arabic Proverb

"ان لوگوں کی زندگی میں داخل مت ہو جن کو آپ کی ضرورت نہیں، اور ان لوگوں کی زندگی کو درد میں نہ چھوڑیں جو آپ سے محبت کرتے ہیں۔"عربی کہاوت

6۔ کورونا وائرس کا اصل نقصان امریکہ کو پہنچے گا۔ دو دن میں انکے سٹاک کو 1.7 کھرب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ممکن ہے چین نے ہی یہ بائیولاجیکل ہتھیار چلایا ہو۔ زاہد اقبال

چین وقتی مگر امریکہ دیرپا نقصان کی جانب بڑھ رہا ہے۔ دشمن کی مکمل تباہی کے لئے اکثر چارہ ڈالا جاتا ہے۔ ہم ہمیشہ ایک طرف ہی کیوں سوچتے ہیں اور میڈیا کی رو میں بہتے چلے جاتے ہیں؟ ڈاکٹر سلطان محمود

But to me it's use as biological weapon by USA. USA is expert in Jia Rajpootthis...

"لیکن میرے خیال میں یہ امریکہ کی جانب سے ایک حیاتیاتی ہتھیار کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ امریکہ اس میں ماہر ہے۔"جیاراجپوت

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

"جی ہاں، یہ درست ہے، لیکن 25 سے زائد ممالک بھی حیاتیاتی ہتھیار استعمال کرنے میں ماہر ہیں۔"ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ فروری کے آخر یا مارچ میں فلو سیزن ختم ہو جائے گا، جس کے ساتھ ہی کورونا وائرس بھی ختم ہو جائے گا، یوں کورونا پاکستان میں دوسرے ممالک کی طرح نہیں پھیلے گا۔ڈاکٹر فوزیہ صدیقی

8۔ دیکھیں اور یا مقبول جان قیاس کی دنیا میں رہتے ہیں۔ یہ اچھا تجزیہ نگار تو ضرور ہے اور تحقیق بھی خوب کرتا ہے مگر آخر میں اپنے قیاس کا سارا بوجھ سامع پر ڈال کر صاف نکل جاتا ہے میرے استاد حضرت علامہ اقبال کی طرح۔ یہ دور تسبیح مصلے سے آگے نکل کر سائنس اور معیشت میں ترقی کرنے کا ہے۔

9۔صائم مغل

کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ کسی شخص کو کبھی دیکھا نہیں کوئی ملاقات نہ کی ہو مگر اس کے لفظ پڑھ کر اسکی ذات سے عشق ہو جائے؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

یہی فرق ہے روحانی محبت یعنی عشق اور مادی اور جسمانی محبت کا۔ محبت میں ملنا ضروری مگر عشق میں قطعاً ضروری نہیں۔

روحانی اور مادی محبت دونوں میں انسان مر مٹتا ہے مگر بنیادی فرق ملاپ کا ہے۔ مادی محبت میں ملنا ضروری ہے مگر روحانی محبت یا عشق میں ملاپ قطعاً "ضروری نہیں۔

10۔ قرآنی تفسیرات تقریباً ساری ہی قرآن کے اصل مفہوم کو سمجھانے میں ناکام ہیں۔

کامن سینسC

3Mar20

1۔ میں رومن میں اردو نہ لکھنے کے مطالبے کی بھرپور تائید کرتا ہوں۔ اگر سوشل میڈیا میں رہنا ہے تو کسی ایک مکمل زبان میں آئیں۔ یہ کھچڑی ناقابل قبول ہے۔ اردو اپنی قومی زبان ہے اس کے سکرپٹ میں ٹائپ کرنا سیکھیں۔ یا پھر انگریزی سیکھ لیں۔

اگر اردو کی سچی خدمت کرنی ہے تو کوئی دوست موبائل فون پر اردو ٹائپنگ کا ایپ ڈاون لوڈ کرنے کا طریقہ یہاں لکھ دیں۔ رومن سکرپٹ سے جان چھوٹ جائے گی۔

کسی صاحب نے اردو سکرپٹ ایپ کا پوچھا تھا۔ یہاں کئی دوستوں نے طریقہ بتا دیا ہے۔ لہٰذا وہ صاحب فائدہ اٹھائیں اور اب اردو سکرپٹ میں لکھا کریں۔ سبھی مددگاروں کا شکریہ

2۔ برائے کرونیز

ویسے برادریاں وغیرہ محض مفت کی اکڑ کے لئے جھوٹ موٹ بنی تھیں۔ اگر کوئی اپنے آپ کو خالص سمجھتا ہے تو شدید غلط فہمی یا خوش فہمی کا شکار ہے۔ سبھی انسان مکس ہیں ایک عظیم جین پول (gene pool) کی طرح۔ شجرے سو فیصد جعلی ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ میں جنیٹکس کے علم کے تحت مانتا ہوں اور باقی "بلاوجہ بھٹو" ہیں۔

3۔ ہندو دنیا کی بزدل ترین قوم ہے مگر اپنے بل کے سامنے چونکہ چوہا بھی شیر ہوتا ہے اس لئے یہ چوہے بھیڑیے کا روپ دھارے اپنی ماں کو ننگا کر رہے ہیں۔

4۔ سچا اور جھوٹا دونوں اللہ کا نام لے کر آپس میں دست و گریباں ہوتے رہتے ہیں میرا خیال ہے کہ ہم دراصل آپس میں ایک دوسرے کے دشمن اور تعصب رکھنے والے منافق ہیں اللہ کا صرف بہانہ کرتے ہیں۔

5۔ خلیل الرحمان قمر کا ڈرامہ لکھنا ہی طلاق یافتہ بے حیا آنٹیوں کے منہ پر تھپڑ ہے۔ مگر چونکہ اسے بولنے کی تمیز نہیں اس لئے لائیو نہ آیا کرے۔

6۔ موجودہ فرینڈ لسٹ کی چھانٹی کر کے بیمثال بنانے کیلئے محب وطن، تعلیم یافتہ، سلجھے ہوئے، بالغ و مثبت ذہن، دانشور و لکھاری قسم کے دوستوں کی جستجو ہے۔ نظریات کی قید نہیں۔

7۔ ہارون ملک از

کیا کسی گروپ ایڈمن کی ذاتی پسند / ناپسند میں اختلافِ رائے نااہلی کی وجہ ہو سکتا ہے؟ اگر ہاں، تو کیا یہ غیر پیشہ ورانہ رویہ نہیں؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

نہیں ہارون صاحب آپکی غلط فہمی ہے کہ میں نے جواب نہیں دینا بلکہ ایک شعر عرض کرنا چاہوں گا۔

اپنی رہنمائی پر، اب غرور مت کرنا۔۔
آپ سے بہت آگے، نقش پا ہمارا ہے۔۔

8۔ سوشل میڈیا کا منفی پہلو یہ ہے کہ خوف بھی جلد پھیلا تا ہے۔14 تک مختلف وائرس سے ہلاکتیں 13 فیصد اور نقصان 52 ارب ڈالر کا ہوا۔ مگر اب کورونا سے محض 2 فیصد ہلاکتوں سے 4 کھرب ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے۔

ماں صدقے سوشل میڈیا دی۔

9۔ مجتہد العصر مولانا مودودی کی عورت مرد کی اس وضاحت کے بعد دانشوروں کے قلم سے لے کر عورتوں کے حقوق کے علمبرداروں کے نعروں تک سبھی کی زبانوں کو تالے لگ جانے چاہئیں۔

10۔ ضمیر خان

مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ عورت کو کیسی آزادی چاہیئے۔ پلیز ذرا بتادیں آپ کی مہربانی ہو گی۔ میری بات کو مذاق یا طنز نہ سمجھیئے گا بلکہ میں اس نعرے کو لے کر بہت کنفیوز ہوں کہ ہمیں آزادی چاہیئے۔ رہنمائی فرمادیں اس آزادی کے حوالے سے۔

مدثر نذر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

"میرا جسم میری مرضی "وہ نعرہ تھا جو امریکی عورتوں نے اس وقت لگایا جب ٹرمپ حکومت نے آکر اسقاط حمل سرکاری خرچے پر کروانے پر پابندی لگادی۔ ٹرمپ نے کہا آپ بچے بھی کاٹ کاٹ کر پھینکیں اور گورنمنٹ اس کے پیسے بھی دے ایسا نہیں ہو سکتا (ابارشن کی ایک ٹکنیک میں بچے کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر نکالا جاتا ہے)۔ اسقاط حمل کی حامی عورتوں کی ریلیاں نکلی اور انہوں نے ابارشن کروانے پر پابندی اٹھانے کا مطالبہ کیا۔ جو ابھی تک منظور نہیں ہوا۔

لیکن ماروی سرمد جیسی عورتیں یہ اسقاط حمل کی حامی مغربی عورتوں کا نعرہ لگا کر ہماری عورتوں کے ساتھ ظلم کر رہی ہیں۔ اس سے انکی تحریک متنازع ہو کر سبوتاژ ہو جائے گی، لیکن ماروی سرمد کو نیشنل انڈومنمنٹ آف ڈیموکریسی (National Endowment for Democracy) سے ڈالرز مل جائیں گے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

95 فیصد عورتیں بلا سوچے سمجھے عورت کی آزادی کو ہوا بنا کر پیش کر رہی ہیں تا کہ سوشل میڈیا میں ان کا حصہ ڈلتا رہے۔ ہم نے یورپ کی آزاد عورت کا رونا دیکھا ہے جو تمام زندگی اپنی کوکھ سے جنم دیئے نامعلوم پلے پالتے پالتے اور عدالتوں کے ذریعے خرچے لیتے لیتے بوڑھی ہو جاتی ہیں اور پھر انکے پالے گئے بچے بھی حرام کی اولاد کی طرح محض 18 برس کی عمر میں چلتے بنتے ہیں۔ وہاں کی لڑکیاں اپنی آزادی کے نام پر، مگر جنسی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے پہلے شادی نہیں کرتیں مگر بعد میں بڑھاپا اولڈ ہاؤسز میں گزارتی ہیں۔ مرد عورت کی آزادی کے معاملے میں بے حد چالاک

واقع ہوا ہے۔ وہ عورت کو زیادہ سے زیادہ شہہ دیتا ہے اور پھر رنگ برنگ کے جسموں کو اپنی گرفت میں لے کر خوب مستی کرتا ہے۔ مگر چونکہ بچہ بہر حال عورت ہی کی کوکھ نے جنم دینا ہوتا ہے لہٰذا آخر کار عورت ہی خسارے میں رہتی ہے۔ شادی کی عمر میں لڑکی خاوند کی غلامی کا بہانہ بنا کر خود بھی عیاشی میں لتھڑی رہتی ہے مگر روزی روٹی کے چکر اور غیر خاندانی بچے پال پال کر جب نڈھال ہو جاتی ہے تو مرد بلکہ بہت سارے مرد تو ہاتھ سے نکل ہی چکے ہوتے ہیں اور اوپر سے معاشرے کی سختیاں اسے ادھ موا کر دیتی ہیں مگر وقت ہاتھ سے نکل چکا ہوتا ہے۔ اگر وہاں کی حکومتیں ایسی ماؤں اور ان کے بے سہارا بچوں کی کفالت نہ کر رہی ہوں تو پھر ہم نے بھی انکے زار و قطار رونے ریکارڈ کر رکھے ہیں۔ ہنگری کی خاتون دوست نے میری بیگم کو بتایا تھا کہ ہم بھی ایشیا کی طرح لڑکی کی پیدائش پسند نہیں کرتے کیونکہ یہ 18 سال کی عمر سے قبل ہی اپنے باپ بھائیوں کے سامنے گند گھولنے لگ جاتی ہیں۔ بلکہ باپ سے زنا کا شکار تک ہو جاتی ہیں کیونکہ زیادہ تر کے باپ اصلی نہیں ہوتے۔
ہمارے تو ملک بھی ویلفئیر والے نہیں یہاں ناجائز پلوں کا بوجھ کون اٹھائے گا؟ بہر حال ہم جیسے نیم پڑھے لکھے اور غریب معاشروں میں نئی نسل کی لڑکیوں کی سوشل میڈیا کے بے قابو دور میں بے حد غلط تربیت ہو رہی ہے جس کے ذمہ دار بہر حال ماں باپ ہی ہیں۔

عورت ہی عورت کی دشمن ہے۔ عورت کے ہر روپ یعنی ماں، بہن، بیوی، بیٹی وغیرہ سے مرد پیار کرتا ہے۔ اگر عورت کو آزادی چاہیئے تو اسے اپنے جیسی عورت ہی سے آزادی حاصل کرنا ہو گی۔

کامن سینسD

11Mar20

1۔ زندگی وہ واحد پودا ہے جس کا بیج زمین کے اوپر لگتا ہے اور اس کا پھل زمین کے نیچے ملتا ہے۔

بشکریہ اظہر خالد

2۔ سید سبط حسن کہتے ہیں کہ میرا جسم میری مرضی کے سلسلے میں مرد اچھا ہو تو عورت بے چاری کیا کرلے گی۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

بالکل سبط حسن صاحب۔ چوری کے لئے بھی چور کے علاوہ لٹنے والے گھر کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ لہٰذا آپکی منطق کے مطابق لٹنے والا گھر نہیں ہو گا تو چور بچارا کیا کرلے گا۔

3۔ کیوں نہ ہم خود سے عزت دار بننے کی کوشش کریں تاکہ لوگ خود کھنچتے چلے آئیں اور ہمیں عدسہ لے کر ان کو ڈھونڈنا نہ پڑے۔ "مگر اس میں لگتی ہے محنت زیادہ "

4۔ یہاں چند نادان لوگ خصوصاً "خود خواتین خود ہی اپنا فیملی سسٹم توڑ کر یورپی عورت کی طرح برباد ہونا چاہ رہی ہیں۔ اللہ ہی ہماری نادان بہنوں کو عقل دے تاکہ وہ بھولے عوام کو جذباتی بلیک میل نہ کر سکیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

5۔ جسمانی غیر فعالیت، تاہم، بہت سے عوامل کو کنٹرول کرتی ہے اور موت یا خراب صحت کے سبب عوامل کو بڑھا سکتی ہے۔

6۔ اگر کوئی آپ کی ساری زندگی کے تجربات کا نچوڑ مانگے تو آپ کا جواب کیا ہو گا...؟؟؟

عامر نواز

برداشت پیدا کرو اور کم بولو۔ ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ اردو اگر اردو سکرپٹ میں لکھی ہو یا انگریزی بھی رومن سکرپٹ میں ہو تو درجنوں صفحات ایک ہی نشست میں پڑھ لیتا ہوں۔ انگریزی کا کیپیٹل سکرپٹ تو میں سرے سے پڑھ ہی نہیں پڑھتا۔

8۔ تمہی نے درد دیا تمہی دوا دینا۔۔۔۔

ویکسین بن گئی اب دیکھیں کس کس کو کتنے میں ملتی ہے؟ امریکہ اب رقم بمعہ سود وصول کریگا۔ اور جس چین کی معیشت برباد کرنے کے لئے اس نے یہ حیاتیاتی ہتھیار استعمال کیا ہے اس نے اب امریکہ کو اس کے ڈالر سمیت ڈبو دینا ہے۔

9۔ سائنس دان نیل ڈی گریس ٹائیسن نے ایک دفعہ کہا تھا کہ سائنس کی سب سے مزے دار بات یہ ہے کہ یہ سچ ہوتی ہے چاہے آپ اسے مانیں یا نہ مانیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

10۔ پتھر موسمِ بہار میں بھی سرسبز نہیں ہوتا۔ خاک بن جا کہ تجھ سے رنگا رنگ پھول کھلیں !!

حضرت مولانا رومیؒ

بشکریہ روبا آصف خان

Eکامن سینس

18Mar20

1۔امریکہ کی معاشی بالادستی کو ستر سال بعد پہلی مرتبہ چین نے للکارا ہے لہٰذا امریکہ نے کورونا ہتھیار سے اپنے سے چھ گنا زیادہ نقصان چین اور اسکے اتحادیوں کا کر کے دنیا کا مزاج ہی بدل دیا ہے۔

2۔۔انعام ملک

مکافات عمل

وہ شامی بچہ تو یاد ہی ہو گا نا۔

جس نے کہا تھا میں سب کچھ اللہ کو جا کر بتاؤں گا۔

لگتا ہے اس نے سب کچھ بتا دیا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

بھائی کورونا وائرس اللہ نے نہیں بھیجی، یہ امریکہ، برطانیہ و اسرائیل کا چین کے خلاف حیاتیاتی حملہ ہے اور محض 2 ماہ میں اس ٹرائیکا نے خود 5 کھرب کے مقابل چین و اتحادیوں کا 25 کھرب ڈالر کا نقصان کیا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

3۔ کورونا نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے 124 ممالک میں چینی برآمدات صفر کر کے چینی جن کو 30 برس پیچھے دھکیل کر اپنے ہی گھٹنوں پر بٹھا دیا ہے۔ اب جب تک اگلے 10 برس میں چینی ریچھ دوبارہ اٹھے گا تب تک یہ ٹرائیکا چین کے مقابل صرف برامدات کی مد میں ہزار گنا زیادہ فائدہ اٹھا چکی ہو گی۔ بھائی یہ حاضر دماغی کی جنگ ہے۔ چند سو اپنے بندے مروا کر دنیا بھر کی مارکیٹ پر قبضہ کر لینا کچھ بھی مہنگا سودا نہیں۔ امریکہ اپنی ذلت کی پرواہ کئے بغیر افغانستان اور مشرق وسطی سے کیوں نکلا؟ نیز اس نے اپنے چمچہ خاص برطانیہ کو بھی یوروپین یونین سے کیوں نکالا۔ اب یہ ٹرائیکا چین کے علاوہ باقی یورپ کو وہ مار مارے گی کہ خدا کی پناہ۔ اور امریکہ پچھلے 40 برسوں کی 108 جنگوں میں 43 فیصد دنیا کو کمزور کر کے اپنا 500 کھرب ڈالر کا خرچہ بھی واپس لے گا۔ یہودی ذہن بڑا زرخیز اور سازشی ہے۔ یہ ذہن میں رکھیں۔

عاصم اسلم چدھڑ

"انعام ملک، براہ کرم امریکہ کی ماضی کی حکمت عملی کا مطالعہ کریں، آپ کو اس سے سیکھنے کو ملے گا۔"

انعام ملک:

سلطان محمود یہ باتیں صرف اندازے ہیں میرے ایک دوست خالد ضیاء جو انٹرنیشنل افیریز کے پی ایچ ڈی ہیں ان کے مطابق اس وائرس کا سب سے زیادہ نقصان امریکہ اور یورپ کو ہو گا چین خود کو

بہت جلد ابھر کر آئے گا حقیقت یہ کہ چینی امپورٹ کے بغیر امریکہ یورپ یہاں تک کہ اسرائیل بھی ترقی نہیں کر سکے گا آج سٹاک مارکیٹوں میں یورپ گراوٹ امریکہ شدید مندی اور چین کم بیک کر گیا ہے لیکن ہمیں یہودی ذہن کو ہمیشہ سمجھدار سمجھنے کی غلطی کرتے ہیں اتنا سیانہ دماغ اور پوری دنیا میں نقشہ پر ایک چھوٹا سا ملک وہ بھی بقاء کی جنگ لڑتا ہوا اگر یہ یہودی ذہن اتنا زرخیز تھا تو اس وقت انہیں کم از کم آدھی دنیا پر حکومت کرنی چاہئے تھی لیکن انہوں اپنے دماغ کو سائنس میں لگا دیا ہمارے ہائی بریڈ بیج سے لیکر دوائیوں تک سب انہی لیبٹاریرز سے نکلی ہیں لیکن آپ کی رائے مقدم ہے سوچ کے زاویوں کا فرق ہوتا ہے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود
محترم وہ پی ایچ ڈی ضرور ہونگے مگر ابھی انہیں مزید بہت مطالعہ کی ضرورت پڑے گی کیونکہ ان کے اندازے خواہش پر مبنی لگتے ہیں۔ خواہش کے لحاظ سے تو شاید میں بھی یہی چاہوں گا مگر زمینی حقائق مختلف ہیں۔ رہی بات اسرائیل کی تو دعائیں دیں ہٹلر کو ورنہ اسوقت تک اسرائیل آدھی کیا پوری دنیا پر قبضہ کر چکا ہوتا۔ آپکے آخری الفاظ بھی میرے خیال کو ہی آگے بڑھا رہے ہیں۔
شکریہ۔

4۔ مریم بھٹی

فرض کریں آپ میرے ٹیچر ہیں مجھے ایک ایسی نصیحت کریں جو ہمیشہ میرے کام آئے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود
سوشل میڈیا پر لگایا گیا وقت اپنے مستقبل کی بہتری والے کاموں پر خرچ کرو۔

ازڈاکٹر سلطان محمود
مریم بھٹی
محترمہ زندگی مسلسل تبدیلی کا نام ہے۔ جمود موت ہے۔ اور کچھ بن کر مطمئن ہو کر بیٹھ جانا دھوکہ ہے۔

5۔ اے کے چوہدری

"کوویڈ 19 موجودہ عالمی نظام کے لیے ایک نیا موڑ یا فیصلہ کن لمحہ ثابت ہو سکتا ہے۔ دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے۔"

دیکھتے ہیں کہ کورونا موجودہ عالمی نظام میں تبدیلی کا محرک ثابت ہوتا ہے کہ نہیں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

اگلے پچاس برس کے لئے تو امریکی سرمایہ دارانہ نظام ہی چلتا نظر آرہا ہے۔ کیونکہ امریکہ، برطانیہ اور اسرائیلی ٹرائیکا نے کورونا ہتھیار کے ذریعے ابھی ابھی جنگ جیتی ہے۔ یہ بھی غالب امکان ہے کہ اگلے 50 برسوں تک کل دنیا کی کل کمائی کا 70 فیصد بھی یہی ٹرائیکا کمائے گی۔ تب تک کہیں چین دوبارہ طاقت پکڑے گا مگر تب تک بہت دیر ہو چکی ہو گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اے کے چوہدری

سلطان محمود

تو کیا یہ جنگ جیتی بھی جا چکی ہے کورونا کی؟

ازڈاکٹر سلطان محمود

۔اے کے چودری

جی ہاں بھائی جی معاشی طور پر تو مذکورہ ٹرائیکا جیت چکی ہے کیونکہ اس نے چینی معیشت کو گھٹنوں کے بل بٹھا کر تیس برس پیچھے کر دیا ہے۔

6۔ بہادری اور بے وقوفی کے درمیان ایک نہایت باریک لکیر ہوتی ہے جو ہر گز نظر نہیں آتی۔

7۔ماسک پہننا وینٹی لیٹر ماسک پہننے سے بہتر ہے۔گھر میں رہنا ICU میں رہنے سے بہتر ہے۔ہاتھ دھونا، زندگی سے ہاتھ دھونے سے بہتر ہے۔

احتیاط کریں۔

8۔ماہ نور

نارتھ کوریا میں ایک بھی کورونا پیشنٹ نہیں ہے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

انہوں نے پہلے کو گولی مار دی اور میڈیا پر پابندی لگا دی۔ اب لوگ چپکے چپکے مرنا پسند کر رہے ہیں۔

9۔ میاں راشد محبوب

میری رائے میں اگر مراد علی شاہ اتنے اچھے فیصلے کر رہا ہے تو پھر بلاول کو فوراً استعفی دے کر پارٹی چیئرمین اسے بنا دینا چاہیئے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

پی پی، نون لیگ، جے یو آئی، اے این پی جیسی سیاسی جماعتیں کبھی بھی ایسا نہ کریں کیونکہ یہ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں ہیں۔

10۔ درخواست ہے کہ ہمیں اللہ نے قوم بننے کا موقع فراہم کیا ہے۔ اس بھائی کی پوری بات سنیں اور ہر جگہ پھیلا دیں تاکہ ہم ان پڑھ اور اوپر سے غریب قوم کو شاید کورونا وائرس کی ہولناکی سمجھ آ جائے۔

Fکامن سینس

23Mar20

1۔ازڈاکٹر سلطان محمود

لڑکا پیدا ہونے کی امید ہے۔

چیمہ صاحب
سلطان محمود آپ ڈاکٹر جو ہیں۔ لگتا ہے عینک میں سکینر فٹ کروائے ہیں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

چیمہ صاحب
نہیں یہ ڈاکٹر کا تجربہ نہیں کامن سینس کہتی ہے۔ دائیں جانب فیٹس کے ڈھلکنے کا مطلب لڑکا ہوتا ہے کیونکہ لڑکا اپنی ابتدا ہی سے وزن میں زیادہ ہوتا ہے۔ لڑکی کی صورت میں فیٹس اپنی جگہ پر ہی رہتا ہے لہٰذا حاملہ عورت بایاں پاؤں دبا کے چلتی ہے۔

2۔ کورونا وائرس کی تصدیق کے لئے دس سیکنڈ سانس روکنے والا طریقہ دھوکہ دے سکتا ہے بزرگ اگر کورونا سے پاک بھی ہوں تو دس سیکنڈ سانس کی بندش سے کھانسی کے غلبے میں آسکتے ہیں اور پھر مفت کا پینک اور خوامخواہ کی پریشانی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

3۔ اگر اپنی جان کی پرواہ نہیں تو بھلے سے پرے ہو کے مریئے مگر دوسروں کو تو خطرے میں نہ ڈالئے لہٰذا خطرہ ٹلنے تک گھر میں رہئیے۔

4۔ اس وقت پوری دنیا کے 195 ممالک تیسری عالمی جنگ جیسے خطرات تلے ICU میں ہیں ابھی مزید 3 ہفتے خطرناک ہیں۔ دنیا کے غسل صحت لیتے ہی دوستوں دشمنوں کی نئ صف بندی ہو گی۔

5۔ قابل رحم ہے وہ قوم جس کے پاس عقیدے تو بہت ہوں مگر دل یقین سے خالی ہو نیز وہ قوم بھی جو ٹکڑوں میں بٹ چکی ہو مگر ہر طبقہ اپنے آپ کو پوری قوم سمجھتا ہو۔ خلیل جبران

6۔ماہ نور

سنجیدہ سوال: کیا انسان، جانور سے بڑا درندہ ہے؟

ڈاکٹر سلطان محمود

جی ہاں۔ زیادہ تر قتل وغارت بھوک کے ہاتھوں ہوتا ہے۔ حیوان صرف پیٹ کی بھوک مٹانے کے لئے حملہ آور ہوتا ہے جبکہ انسان کی بھوک بہت طرح کی ہیں۔ پیٹ، سیکس، زمین، دولت، حاکمیت، غرور، عشق، نفرت، طاقت، علم اور بہت سی قسموں کی بھوک۔ یہ انسان ایسا درندہ ہے جو ان سب کو مٹانے کے لئے قتل وغارت کرتا ہے۔ انسان کی درندگی کا ایک اور ثبوت بھی ہے۔ اور وہ ہے اللہ کا کلام جو کسی حیوان پر نہیں اترا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

7۔ مطربہ شیخ

پیار ایک عبادت ہے۔ عورت کیوں نہ کرے۔
میں اعتراف کرتی ہوں کہ مجھے محبت ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود
پیار وہ والا عبادت ہے جس میں جسمانی طلب نہ ہو۔

مطربہ شیخ

ہمارے سماج میں عورتیں عموماً ایسا ہی پیار کرتی ہیں۔

ارسطوبٹ
سلطان محمود
جسمانی طلب ہو تو وہ پیار نہیں ہوتا؟؟

از ڈاکٹر سلطان محمود
ارسطوبٹ ہوتا تو ہے مگر اسے ٹھرک کہتے ہیں جو عبادت ہر گز نہیں۔

8۔ ان دنوں زندگی بہت سست جا رہی ہے۔ ہمارے پاس موقع ہے کہ اپنی ذات سے باہر نکلیں اور اپنے آپ کو دوسروں کی نظر سے دیکھیں۔ یقیناً کافی حیرانی ہو گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

Everyone needs to earn money, but not everyone chooses to .9
.live on the margins of society

(Paulo Coelho)

10.اے کے چودری

"آگاہ ہونے کی پہلی علامت کیا ہو سکتی ہے؟"

انسان کے بیدار ہونے کی پہلی نشانی کیا ہو سکتی ہے؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

تجسس۔ سوال۔ اختلاف۔

کامن سینسG

01Apr20

1.4million became joblessness only in US due to Covid 19, it is an indication that capitalism cannot absorb such catastrophes, if post corona world still be capitalist, it would mean corona has not impacted the world as a catastrophe.

صرف امریکہ میں کورونا کیوجہ سے 40لاکھ لوگ بے روزگار ہو چکے ہیں، یہ واضح نشاندہی ہے کہ سرمایہ دارانہ نظام اس طرح کے حادثے جذب نہیں کر سکتا، اگر مابعد کورونا کی دُنیا سرمایہ دارانہ ہی رہتی ہے تو اسکا مطلب ہو گا کورونا نے بطورِ آفت دُنیا کو متاثر نہیں کیا۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

سرمایہ دارانہ ہی رہنے کا پکا امکان ہے کیونکہ متبادل نظام کسی مضبوط شکل میں مقابلے پر موجود نہیں۔

2۔ احمق مولوی ابھی بھی گناہ ثواب کے چکر میں پھنسا ہوا ہے اور مشورہ دے رہا ہے کہ نہ تو ماسک پہنو اور نہ اپنے آپ کو گھر میں بند کرو۔

3۔ ہارون پاشا

بڑی خوشخبری

پاکستان میں کورونا وائرس کے مریضوں پر ملیریا کی دواء کا تجربہ کامیاب 'میو ہسپتال میں آٹھ مریض صحتیاب۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ذاتی طور پر تو مجھے یہ ایک ٹوٹکا ہی لگا ہے سائنس تو سمجھ نہیں آئی کیونکہ ابھی تک اس وائرس کا ڈی این اے کوڈ ہی نہیں کھل سکا۔

یہ نیل گوں فضا جسے کہتے ہیں آسماں4۔

ہمت ہو پرکشا تو حقیقت میں کچھ نہیں۔

جو بالائے سر رہا تو ہے نام اس کا آسماں

جو زیر پر آیا تو وہی آسماں زمیں

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

شاعر صاحب سے معزرت کے ساتھ قبلہ آسمان نام کی کوئی چیز ہے ہی نہیں ہے۔ یہ نیلا رنگ ہمیں اپنی کرہ ہوائی کی گیس کے دھوپ میں چمکنے کی وجہ سے نظر آتا ہے۔ آسماں اگر واقعی کوئی چیز ہے تو یہ وہ ہے جو ناسا کی مون لینڈنگ کی ویڈیو میں نظر آتا ہے۔ حد نگاہ تک پھیلی ہوئی تاریکی جس میں کہیں کہیں کوئی ٹمٹماتا ستارہ نظر آتا ہے۔

5۔ یہ حقیقت ہے کہ روح کو تناؤ سے نکالنے میں بھی اتنی ہی لذت ملتی ہے جتنی کہ جسم کے تناؤ کو دور کرنے میں۔ 🙏

(Paulo Coelho)

A K Choudhary ۔6

6۔ اے کے چوہدری۔ معاشی ترقی زیادہ اہم ہے کہ شخصی آزادی؟ کیا آپ ایسی ترقی کو پسند کریں گے جس میں آپکی شخصی آزادی سلب کر لی جائے؟

ڈاکٹر سلطان محمود
ترقی دراصل ہے کیا؟ ہم جس جہت میں بھی ترقی کریں گے اسی کے اسیر ہو کر رہ جائیں گے۔ لہٰذا ترقی خود ہی غلامی اور انحصاریت لے کر آتی ہے۔ جنگل میں انسان خاصہ آزاد تھا مگر ترقی سے دور۔ آج ترقی یافتہ ہے مگر اپنی آزادی کی قیمت پر۔ مگر یہ ایک حقیقت ہے کہ ہم سب اسی ترقی میں مشروط طور پر خوش اور مطمئین ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اے کے چودہری
دوسرے حصے سے تو مکمل اتفاق ہے مگر پہلے حصے پر عرض ہے کہ، جنگل میں تو جس کی لاٹھی اسکی بھینس کا قانون ہوتا ہے لہٰذا ایسے میں بھی کہاں آزاد ہوتا ہے انسان؟

ڈاکٹر سلطان محمود

Survival of the fittest law.

موزوں ترین قانون کی بقا

7۔ وجہ کرونا کی ہلاکت خیزی نہیں بلکہ تب سوشل میڈیا موجود نہ تھا اور اب 3 ارب سوشل میڈیا کے استعمال کنندگان کا پھیلایا ہوا مجموعی خوف ہے۔ درست کہتے ہیں کہ کبھی کبھی لاعلمی بھی نعمت ہوتی ہے۔

8۔ انسان ایک ہفتہ پانی کے بغیر، 2 ہفتے بغیر خوراک کے، کئی سالوں کی بے گھری برداشت کر سکتا ہے۔ لیکن اکیلا پن نہیں۔

9۔ سونا، تیل اور لیتھیم بھی لوٹ لیا مگر حقیقت میں امریکہ نے لیبیا، عراق وغیرہ سے اسرائیل کو محفوظ کیا۔

10۔ پھولوں سے ہار نہیں بنتے اس کے لئے دھاگے کی ضرورت ہوتی ہے۔ قانون بھی ایک دھاگہ ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

لیو ٹالسٹائی

کامن سینسH

10Apr20

1۔ ہم صرف طبعی طور پر لاک ڈاون ہیں۔ پڑھنا، لکھنا، سیکھنا کھلا ہے۔ عبادت، محبت، شاعری، ادب، میوزک، خیرات کھلی ہے۔ سورج، چاند، تارے روشن ہیں۔

2۔ ہمارا عشق دماغ کو کچھ اندرونی اشارے بھیج کر تمام زندگی ہمیں متحرک رکھتا ہے۔ اب یہ ہمارا کام ہے کہ انکی مناسب طریقے سے پذیرائی کریں یا چپ رہیں۔ پاولو چیلو

3۔ ہم گورے سے اتنے متاثر ہیں کہ ابھی تک باڈی ڈسٹنس کو سوشل ڈسٹنس کہے جا رہے ہیں۔

اسکا مطلب سوشل بائیکاٹ بنتا ہے جسکی درحقیقت ضرورت نہیں۔

عبدالرحمان غازی

سوشل ڈسٹنس ایک مناسب لفظ ہے۔

جب سوشل میڈیا نہ تھا اس وقت بھی سوشل ورکر اور سوشل پرسن کا مطلب تھا لوگوں سے میل جول رکھنا اور لوگوں کے کام آنا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ازڈاکٹر سلطان محمود

عبدالرحمان غازی

اور اس وقت بھی سوشل ڈسٹنس کا مطلب تھا معاشرتی بائیکاٹ۔ جبکہ موجودہ حالات بائیکاٹ نہیں فاصلے کے متقاضی ہیں۔

4۔ پاگل میں یہ چھ خوبیاں بیک وقت موجود ہوتی ہیں: بے تحاشہ بولنا، غیر فطری سنجیدگی، بیشمار مذہبی وروحانی معلومات، بے انتہا یقین، خواب کو حقیقت سمجھنا اور بحث کا استاد ہونا (منقول)

5۔ سچ سچ بتانا!

کیا آپ کو کورونا سے پہلے یہ چار لفظ معلوم تھے؟؟

1 سینیٹائزر 2 قرنطینہ

3 لاک ڈاؤن 4 آئسولیشن

ازڈاکٹر سلطان محمود

ہم نے 1976 کی بایولاجیکل سائنسز کی کتاب برائے ایف ایس سی میں یہ سب کچھ پڑھ رکھا ہے۔ مذکورہ کتاب اٹھا کر دیکھ لیں نہ صرف یہ چار الفاظ بلکہ کلوننگ بھی لکھا تھا۔ وائرسز پر پورا باب تھا۔ میری لائبریری میں یہ کتاب اب بھی موجود ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

6۔ خواہش وہ نہیں ہے جو آپ دیکھتے ہیں، بلکہ وہ ہے جو آپ تصور کرتے ہیں۔

(پاؤلو کوئلہو

7۔ معذرت سے ایک سوال پوچھنا تھا۔ جج بننے کی شرائط میں سے ایک ہائیکورٹ میں 15 مقدمات کا ریکارڈ ہونا بھی ضروری ہے۔ میرے خیال میں کسی بھی مقدمہ میں سب سے زیادہ جو خوبی نظر انداز کی جاتی ہے وہ سچ ہے۔ دوسرے لفظوں میں کیا جج اس کو بنایا جاتا ہے جس کا سچ نظر انداز کرنے کا سب سے زیادہ تجربہ ہو؟ میرٹ کا انحصار تو خرید و فروخت پر ہے۔

8۔ وائرولوجی میں کافی پی ایچ ڈی ہیں ہمارے ہاں مگر وینٹیلیٹر بنانا ایک انجینئیر کا کام ہے جس میں نہ پی ایچ ڈی کی ضرورت ہے اور نہ کورونا میں مہارت۔

9۔ مہر فیاض

انسان کی سات عادات:

ہوس، بسیار خوری، لالچ، کاہلی، شدید غصہ، حسد اور تکبر ہلاک کر دیتے ہیں۔ اگر وہ ان پہ قابو پالے تو شاندار، بھرپور اور مطمئن زندگی گزارتا ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

تمام زندگی انسان ان ساتوں پر مکمل یا نامکمل قابو کے بیچ ہچکولے کھاتا رہتا ہے۔ اور 99 فیصد ناکام ہی رب کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔

10۔ ہمیں یا حکومت کو کبھی بھی لوگوں کو کثیر الاولادی کا طعنہ نہیں دینا چاہئیے اور نہ ہی خالی مشورہ کہ خاندان بڑے نہ کرو۔ ہمیں اس معاملے پر قابو پانے کے لئے عوام کو خوشحال بنانے کے اقدامات کرنے چاہئیں۔ جونہی لوگوں کی آمدن 50 ہزار ماہانہ سے زائد ہو جائے گی آبادی خود بخود کم ہونا شروع ہو جائیگی۔

کامن سینس I

16Apr20

1۔ بظاہر معمولی سی بات بھی اچھوتا خیال ہو سکتا ہے۔ دعویٰ یہ ہے کہ دنیا میں آسان کام بھی دشوار ہے مگر دلیل یہ ہے کہ آدمی جو عین انسان ہے اس کا بھی انسان بننا مشکل ہے (حالی)

2۔ فوربز میگزین کی تازہ اشاعت میں کورونا سلسلے میں خیراتی اقدامات کرنے والے دنیا کے 108 ارب پتیوں میں سے ایک بھی مسلمان نہیں۔

3۔ ہم اگر اسلام پھیلانا چاہتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ جیسی عادتیں اپنالیں اور اگر پاکستان کو ترقی یافتہ دیکھنا چاہتے ہیں تو قائداعظم کے اصولوں پر عمل شروع کر دیں ہم یورپ سے بھی آگے نکل جائیں گے۔ (ماخوذ)

4۔ اگر موجودہ آفت کے دنوں میں تاجر منافع بڑھالے، پیر روحانی اڈے بند کر دے، سیاستدان راشن پر تصویر چھاپ لے، ڈاکٹر مریض سے کوتاہی برتے اور نوکر شاہی فاصلے بڑھالے تو یہ سب "رانگ نمبر "ہیں

5۔ لاک ڈاون میں جتنا عوام کا اجتماعی شعور اور علم وسیع ہوا ہے اتنا کہیں ایک دو دہائیوں میں جا کر ہوتا ہے۔ اب آئندہ شاید اسلحہ کم بکے مگر کتاب اور میڈیکل کی اہمیت زیادہ اجاگر ہو گی۔

6۔ قیوم نظامی کا سوال کہ امریکہ برطانیہ میں کورونا سے اموات زیادہ کیوں ہیں؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

از ڈاکٹر سلطان محمود

میرے خیال میں تین وجوہات ہیں۔

اول۔ انہوں نے انفارمیشن ٹیکنالوجی کو بہترین انداز میں ہر شعبے میں لاگو کر رکھا ہے۔ صحت کے معاملے میں بھی بہترین disease reporting system کے باعث درست اطلاعات میڈیا اور حکومت کو ملتی ہیں۔ لہٰذا جتنے مرتے ہیں درست تعداد حکومت کو بتائی جاتی ہے، اب یہ آگے حکومت کی مرضی ہے کہ کیسے حقائق کو توڑ مروڑ کے پیش کرے۔ ہمارے ہاں پورے ملک کے کسی بھی نظام میں انفارمیشن کا نظام ادھورا اور مشکوک ہے۔ لہٰذا اس بات پر جھومنا بے معنی ہے کہ ہمارے ہاں کورونا سے اموات کم ہیں۔ ہمارے پاس تو جانچ پڑتال کا سسٹم ہی موجود نہیں۔

دوم۔ زیادہ صفائی ستھرائی کے باعث ان کی عوام میں herd immunity (اجتماعی قوت مدافعت) ہم جیسی گندی قوموں کی نسبت بہت کم ہے۔ اور موجودہ وبائی مرض کورونا سے مرنے کی بڑی وجہ بھی یہی ہے۔

سوم۔ اگر کورونا کے پیچھے کل کو کوئی سازش نکل آئی نائین الیون کی طرح تو یقیناً "امریکہ برطانیہ اور اسرائیل اس کے موجد ہونگے۔ لہٰذا اس کے حصے دار ہونے کے سبب انہوں نے جو اگلے قدم اٹھانے ہیں، زیادہ اموات کا پروپیگنڈہ کرنا اسی پلان کا حصہ ہو گا۔ جس طرح ساری دنیا جانتی ہے کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر گرانا امریکہ کی اپنی حکمت عملی تھی جس کی آڑ میں اس نے ایک طرف فالتو تارکین وطن کا بوجھ ہٹایا دوسری جانب اسرائیل کے لئے کسی بھی لحاظ سے خطرہ بننے والے ممالک کو برباد کر

کے نہایت کمزور کر دیا۔ تیسری جانب عربوں کا تمام تیل اور نقدی لوٹ لی اور چوتھی جانب القاعدہ کا شور مچا کے افغانستان میں چین و دیگر ہمسایہ ممالک پر اپنا واچ اینڈ وارڈ سسٹم مضبوط کیا اور ساتھ ساتھ لیتھیم جیسی قیمتی دھات کے ذخائر چوری کئے۔ مگر سرکاری سطح پر آج بھی نائن الیون کو مختلف انداز میں پیش کیا جاتا ہے مگر دھونس دھاندلی کی امریکن پالیسی کے تحت ساری دنیا اس کا سرکاری موقف ماننے پر مجبور ہے بالکل اسی طرح کل کی دنیا اس کی خواہش وہ نہیں ہے جو آپ دیکھتے ہیں بلکہ وہ ہے جو آپ تصور کرتے ہیں۔ کورونا کا موقف بھی ماننے پر مجبور رہے گی۔ یہ الگ بات ہے کہ چین کیا گل کھلاتا ہے یہ سب کچھ ابھی پردے کے پیچھے ہے۔

7۔ بننا سنورنا عورت کا مگر صفائی، ذمہ داری اور درست ترتیب مرد کا پیدائشی فرض ہے۔ گھر ہو یا دفتر خواتین خوش لباس اور صاف ستھرے مرد کو ہی پسند کرتی ہیں۔ ہوشیار باش۔

8۔ کورونا کیوجہ سے عالمی اکھاڑ پچھاڑ نے ماحول تو بنایا ہے کہ چین سرمایہ دارانہ نظام ختم کرنے میں معاونت کرے۔ مگر ان کے پاس بھی نہ کارل مارکس ہے اور نہ سٹالن۔

9۔ رہنماء بحرانوں میں نہیں بنتے بلکہ بحرانوں میں سیاستدانوں کے درست فیصلے انہیں رہنماء بناتے ہیں۔

رچرڈ نکسن

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

10. Democracy is like a single carriageway, traffic must be careful from both ends.

کامن سینسJ

23/05/2020

1۔ دنیا بھر کی غربت، بھوک، گندگی، آلودگی اور ان سے ہونے والی اموات و بیماریاں انسان ہی نے پھیلائیں ہوئی ہیں۔

2۔ نیلم سادھنہ والگی

ڈاکٹر صاحب۔لوگ انتظار میں ہیں کے بس ہم سے کوئی غلطی ہو۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

جس طرح لوگ پرائی مرگ پہ اپنوں کو یاد کر کے روتے ہیں اسی طرح ہر ایک دوسرے کی غلطی کی تلاش میں ہے تاکہ اپنی غلطی پر پردہ ڈال سکے۔

جس طرح لوگ پرائے غم پہ اپنا غم یاد کر کے روتے ہیں اسی طرح ہم اپنی غلطی پر پردہ ڈالنے کیلئے دوسرے کی غلطی کا پرچار کر کے خوش ہوتے ہیں۔

3۔ میاں وقار

حسن نثار صاحب Xٹرن لیتے ہیں، کب کہاں سے کدھر مڑ جائیں سمجھ سے باہر ہے۔ عمران خان کی قلم توڑ تعریفوں کے بعد پیش خدمت ہے عمران کی کی قلم توڑ بے عزتی۔ اس طرح کے تجزیہ نگاروں کا کوئی دین ایمان نہیں۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

آپ کا خیال ہے کہ انسان کو یا تو مستقل شخصیت پرست ہونا چاہئیے چاہے اس کا پسندیدہ شخص دنیا میں گند ڈالتا پھرے اور یا پھر مستقل شخصیت بیزار ہو چاہے اگلا توبہ بھی کر لے۔ اگر اسی کو دین و ایمان کہتے ہیں تو ایمان کے معنی بدلنا پڑیں گے۔

4۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ضیاء الحق نے فلسطین کی تحریک کو اردن کی درخواست پر پاکستانی فوج کے ملازم کے طور پر کچل دیا تھا، جس کی وجہ سے بعد میں سی آئی اے نے انہیں سوویت یونین کے ٹوٹنے کے لیے چنا۔

5۔ مغرب میں بھی جمہوریت جب پاکستان جیسی اپنی ابتدائی شکل میں تھی تو وہاں تو ایسے تنقید نگاروں کو پابند سلاسل بھی کیا جاتا رہا مگر آہستہ آہستہ حکومت اور عوام نے اسی تنقید کو جب اصلاحی معنوں میں لیا تو جمہوریت کا سفر بے حد تیز ہو گیا۔

6۔ نیوٹن کے قوانین حرکیات میں سے ایک یہ تھا کہ زمین ہر چیز کو ایک ہی قوت سے اپنی طرف کھینچی ہے۔ یعنی لوہے کا گولہ اور روئی کا پھاہا اگر اونچائی سے اکٹھے گرائے جائیں تو وہ دونوں ایک ہی

رفتار سے نیچے آئینگے جسکا اسراع 9.8 (acceleration) میٹر فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہو گا۔ لیکن مشاہدہ یہ دکھاتا ہے کہ لوہے کا گولہ پہلے آ گرے گا تو اس کی وجہ کیا ہے۔ مندرجہ ذیل وڈیو میں مغربی یونیورسٹی کے طلباء نے نیوٹن کے اس قانون کو ثابت کرتے ہوئے دکھایا ہے کہ پر کے ہلکا ہونے کی وجہ سے ہوا کی رگڑ اسے زمین پر گرنے سے روکتی ہے جبکہ یہی رگڑ بھاری اجسام پر اثر انداز ہوتی ہے۔ دونوں ہلکے اور بھاری اجسام کو خلا (vacuum) کے ماحول میں گرتے دکھایا گیا ہے جہاں ہوا کی رگڑ صفر ہوتی ہے۔ لہٰذا دونوں بیک وقت نیچے گرے۔ ہمارے طلباء کو اگر سکولوں میں رٹے لگوا کر 99 فیصد نمبر گیم کے ڈرامے میں نہ ڈالا جاتا تو یہی تجربہ ہمارے سکولوں میں بھی ہوتا تھا۔

7۔ منیر شاہین
ساری دنیا پوسٹ کرتی ہے لیکن میری پوسٹ کی تکلیف بہت محسوس کی جاتی ہے۔
کیا وجہ ہے؟

از ڈاکٹر سلطان محمود
سائنسی اور دینی معاملات میں آپ ذرا گہرائی میں اتر کر خود تحقیق کیا کریں۔ نیز سیاست میں پیشین گوئیاں نہ کیا کریں۔ یہ دونوں چیزیں آپ کی شان کے خلاف ہیں۔

8۔ جو سمجھتے ہیں کہ آج مسلمان برباد کیوں ہیں یا مسلمان صرف ایمان کے زور پر دنیا پر غالب آئے، وہ ذہن میں رکھیں کی مسلم خلفاء نے ہزار برس قبل اپنے سائنسدانوں کو ذلیل و رسوا کر کے رکھ دیا تھا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

9۔ کیا کووڈ19 کے بعد بدلی ہوئی دنیا میں اسلامی ممالک اپنی دولت کا رخ تعلیم و تحقیق کی طرف موڑیں گے یا بدستور عیاشی کی قعرِ مذلت ہی میں ڈوبے رہیں گے۔

10۔ ہمیں بھی یاد ہے ذرا ذرا۔ ہم بھی ضرور زہرہ فونا کے پیچھے نماز پڑھنے جاتے مگر اس کا پول لاہور آنے سے قبل ہی ڈاو میڈیکل کالج کے ڈاکٹروں نے کھول دیا۔ بعد میں تمام عالم میں مسلمانوں کی سبکی ہوتے ہم خود کئی برس اخباروں میں پڑھتے رہے۔

کامن سینسK

01May20

1۔ اللہ کرے موجودہ لاک ڈاون اتنا سخت اور طویل ہو جائے کہ دنیا کے تمام ظالم بھوک سے تڑپ تڑپ کر مر جائیں اور ساتھ ہی وہ بھی جو اس ظلم کے حامی رہے۔ اور مزید براں وہ تمام دنیا بھی جو ایسے تمام جرائم پر خاموش رہی۔ اور وہ تمام بھی جو کچھ کر سکتے تھے مگر انہوں نے کیا نہیں۔

2۔ برائے مان خلیفہ

بھائی آپ کی جلالی طبیعت کا اب میں عادی ہو گیا ہوں۔ یقین کریں اگر آپ لوگوں کے سبق آموز الفاظ یا کہاوتیں سچ جھوٹ کی بنیاد پر مسترد کرنا شروع کر دیں گے اور خود پر بھی یہی اصول لاگو کرنے لگ جائیں گے تو یقیناً گونگے ہو کر رہ جائیں گے۔ شاید آپ نے حضرت عبد القادر جیلانی کا واقعہ سنا ہو گا کہ استاد نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ زید نے بکر کو مارا۔ انہوں نے استاد سے پوچھا کہ کیا واقعی مارا۔ فرمایا نہیں تو آپ نے جھوٹ بولنے سے انکار کر دیا۔ تمثیل سمجھانے کی خاطر اور لطیفہ ہنسانے کی خاطر ہوتا ہے۔ اس پر اگر منطق لاگو کریں گے تو یقیناً دنیا سے شدید "چپیڑیں" کھائیں گے۔

3۔ ڈرائیونگ کے دوران وڈیو بنانا بند کر دیں پلیز کیونکہ ابھی پچھلے ہفتے ہی ہمارے دوست منصور جمال کار حادثے میں اللہ کو پیارے ہو گئے ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

بہر حال ان کی وفات ایک سانحہ ہے اس سے فرق نہیں پڑتا کہ موت کیسے ہوئی۔ مجھے ان کی وفات سے پہلے خاصی حیرانی ہو رہی تھی کہ انہوں نے اچانک اپنی دوران ڈرائیونگ وڈیوز کیوں لگانی شروع کر دی ہیں۔ بہر حال اللہ مرحوم کو اپنی خصوصی رحمتوں میں جگہ دے۔ آمین۔ نفیس بندہ تھا۔

4۔ از ڈاکٹر سلطان محمود

مجوزہ کورونا ویکسین میں بل گیٹس کی جانب سے مائیکرو چپ ڈلوانے جیسا پروپیگنڈہ ماضی میں بھٹو کیخلاف بھی کیا گیا تھا کہ اس نے پکی پکائی روٹی میں بانجھ پن کی گولیاں ڈلوائی ہیں۔

5۔ گو کہ وسعت اللہ نے شیعہ ازم پر حوالے درست دیئے ہیں اور تحریر بھی عمدہ ہے مگر اس کی اس تحریر سے نفرت اور فرقہ پرستی کو بڑھاوا ملنے کا ڈر ہے۔ مثال کے طور پر اگر اس کا جواب تڑپ کر کسی سنی لکھاری نے دینا شروع کر دیا تو فرقہ پرستی کی آگ مزید پھیلے گی۔ میں خود طنزیہ لکھاری ہوں مگر مذہبی فرقہ پرستی پر بولنے کو فقہی دہشتگردی میں جان ڈالنے کے مترادف سمجھتا ہوں۔

6۔ میرا خیال ہے کہ وکیل کا بیان ابھی مکمل نہیں کیونکہ وکیل نے ابھی مالٹے کو تکنیکی طور مالٹا ثابت نہیں کیا ہے، نہ جس درخت سے توڑا گیا ہے اس کی حیثیت، ملکیت، تاریخ، وقت اور جائے سکونت بیان کی ہے، نہ گواہان ڈالے، نہ ڈھیر سارے اسٹامپ پیپر لکھے، نہ نوٹری پبلک کی تصدیق اور نہ وکیل ایسی مزید الجھاؤ والی باتیں ضبط تحریر میں لایا ہے جس سے کیس دس برس تک انصاف میں رکاوٹ نہ بن سکے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

7۔ بات جیک ما کی ٹھیک ہے کہ "2020 میں زندگی بچالیں کاروبار تو پھر بھی ہوتا رہے گا" لیکن اگر یہی ملٹی نیشنل کمپنیاں خوف نہ پھیلائیں تو اپنی دیگر پیٹی بھائی کمپنیوں کی مدد کیسے کریں گی؟

8۔ چار ماہ بعد بھی کورونا نے قابو میں نہ آسکا۔

"نے ہاتھ باگ پر ہے، نہ پا ہے رکاب میں"

9۔ اے کے چوہدری

محمد بن قاسم بنو امیہ سے تھے اور ارطغرل ترک۔ دونوں نے بیشمار مسلمان مارے اس لئے ان میں سے کسی کو ہیرو ماننا مشکل ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اگر ثابت ہو جائے کہ ان میں سے کسی نے بھی دین پھیلانے کے لئے لڑائیاں لڑیں تو پھر کہیں جا کر ہیرو یا ولن کا فیصلہ کرنا چاہئیے۔

10۔ اعلیٰ ترین ذہانت میں دیوانگی کے آثار پائے جاتے ہیں۔ (ماخوذ)

کامن سینسL

2020May20

1۔ اگر پاکستانی ڈاکٹروں کی تنظیم نے کورونا کی دوائی اور حفاظتی شیلڈ بنالی ہے تو حکومت اور میڈیا اسے اپنانے کو کیوں تیار نہیں۔ ایک ہفتے سے اوپر ہو گیا ہے اس پریس کانفرنس کو مگر سبھی خاموش کیوں بیٹھے ہیں؟

2. Worry is a Misuse of Imagination

پریشانی تعمیری سوچ کا غلط استعمال کرا دیتی ہے۔

3۔ ہارون ملک

ہمارے لوگوں کو ابھی یہ تک نہیں معلوم کہ سائنس میں تھیوری کی کیا اہمیت ہے؟ وُہ تھیوری کا سیدھا سیدھا اُردو ترجمہ کرتے ہیں یعنی خیال یا خیالی باتیں، فرضی باتیں، بے سروپا باتیں، ایسی باتیں جِن کا کوئی ثبوت نہیں۔ جبکہ در حقیقت سائنس میں تھیوری کی اہمیت بُہت utmostہوتی ہے ۔ ارتقاء یا ایوولوشن کو ہمارے لوگ براہِ راست مذہب یا مذہبی نظریات سے ٹکراؤ سمجھ لیتے ہیں، کئی مذہبی دوست اپالوجیٹک رویے کے تحت ارتقاء کو اُلٹی شکل میں ماننے لگے ہیں کہ جی انسان پہلے سے موجود ہے جبکہ انسان سے کئی apesوغیرہ بنے ہیں، مذہبی عقائد کے مُطابق۔

باقی باتیں تو ہمیشہ سے ہوتی آئی ہیں ابھی سوچنے کی بات یہ ہے کہ ہم جانے کب مذہب اور مذہبی عقائد کو سائنس سے الگ کر کے بچوں کو صِرف تعلیم دینا شروع کریں گے ؟

غالباً سندھ کی نویں جماعت کی کتاب ہے جہاں نظریہ ارتقاء کو بے بُنیاد اور جُھوٹ کہا گیا ہے۔ واہ ری ریاست تیرے افکار اور کردار پر رونا آیا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

جس کا جو جو گاڑ لگتا ہے لگائے چلا جا رہا ہے۔ اس طرح ہمارے ماہرین تعلیم بھی اپنی پسند ناپسند کو نصاب میں شامل کرنے سے نہیں چوکتے۔ بعینہ ہمارے دانشور بھی اپنی perception سے باہر نہیں نکل پاتے اور اپنے نظریات کو خود ہی سچ مان کر پھیلاتے چلے جاتے ہیں۔ یہی انداز پرانے ڈاکٹر حضرات کا ہے جو اپنی ذاتی پسند ناپسند کے تحت اب بھی دیسی انڈے اور دیسی مرغی کے حق میں بولتے نظر آتے ہیں۔ سب کا بدلتے حالات کا ساتھ دینا ضروری ہے ورنہ ہمارے حجام کی دوکانوں جیسے ماحول اور اس نصاب میں کیا فرق ہے ؟

4۔ طارق اسماعیل ساگر گذشتہ چالیس برس سے توجہ حاصل کرنے کی ناکام کوشش میں بے پر کی اڑا رہے ہیں اور چائے کی پیالی میں طوفان لانے والوں میں سے ایک ہیں۔

5. 🤔 It's hard to make first million, then million makes the millions. 😋

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

6۔ جو لوگ جائیداد کے لئے آج ہمارے مرنے کی امید لگائے بیٹھے ہیں وہ بھلا بعد میں ہمیں کیسے یاد رکھیں گے؟

7۔ "کیا سچ بھی کبھی اکثریت میں ہوا ہے؟ "

8. How to Become an Opinion Leader?

"رائے عامہ کار ہنما کیسے بنیں"

ڈاکٹر سلطان محمود

10May20

یونیسیف نے جو رپورٹ آج مدر ڈے پر جاری کی ہے ہم نے اس کو میٹھے سچ کے انداز میں دو ماہ پہلے لکھ دیا تھا۔ ہمارے ہاں سچی بات بھی اگر اپنے وقوعہ سے پہلے نشر کر دی جائے تو تین طرح کے رد عمل آتے ہیں۔ معصوم لوگوں کی جانب سے تسلیم و رضا اور سوالات کی شکل میں۔ کچھ ضرورت سے زائد انا پرست پڑھے لکھوں کی جانب سے مکمل استرداد کی شکل میں اور کچھ لوگ اپنے آپ کو مقابلے کی صورتحال کی جانب لے جاتے ہیں۔ یہ تینوں لوگ قابل توجہ اور محترم ہوتے ہیں مگر مانتے تبھی ہیں جب وقت انہیں دھول چٹاتا ہے۔ پھر بھی جب انا ء آڑے آتی ہے تو اعتراض ڈھونڈنے کی کوشش میں یہ کہتے دکھائی دیں گے کہ آپ نے بھی کہیں سے سنا ہو گا۔ یعنی ہر صورت

میں دوسرے کو مسترد کر دینا اور کسی صورت یہ نہ ماننا کہ اس کا دماغ ہم سے بہتر بھی ہو سکتا ہے۔ ایک چوتھا گروہ بھی ہوتا ہے جنہیں Opinion Leaders کہتے ہیں۔ یہ لوگ کسی کی شخصیت کو خاطر میں لائے بغیر ہر بات کو میرٹ اور منطق پر دیکھ کر سب سے پہلے تسلیم کر لیتے ہیں۔ ہمیں چاہئیے کہ اس آخری گروہ کے رکن بنیں تا کہ علم تیزی سے آگے بڑھتا چلا جائے اور خوامخواہ کی چشمک میں فریقین کا وقت ضائع نہ ہو۔

9۔ زیادہ فہم و فراست والے عالم حکومت کریں اور فلسفی اور سائنسدان انکی معاونت۔ اسکے علاوہ کسی اور طبقے کی حکمرانی ریاست کی تباہی ہے۔ افلاطون

10۔ اگر روح اور جسم کی تعلیم و تربیت موزوں طریقے اور سلیقے سے ہو تو پوری ریاست کو چند ڈاکٹروں اور چند منصفوں سے بھی چلایا جا سکتا ہے۔ سقراط

کامن سینسM

02Jun20

1۔ یہ عربوں کا رواج تھا کہ بچے کو دوسری ماں کا دودھ پلاتے تھے۔ اسکی عموماً تین وجوہات دیکھی گئیں۔ اول بچے کو لاڈ پیار سے پرے سخت ماحول میں تربیت کرنا۔ دوم والدہ کے فوت ہو جانے کی صورت میں۔ اور تیسری وجہ بہادر قبائل کی ماوں کے دودھ کی تاثیر کے لئے۔

2۔ اوسط ذہن یکدم اعلیٰ ذہن کی تخلیق کو قبول کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اگرچہ قمری کیلنڈر وجود میں آچکا ہے مگر مفاد پرست ملاوں نے قسم کھا رکھی ہے کہ اندھی آنکھ سے خود چاند دیکھنا ہے۔

3۔ ائیر بس میں تمام مسافر کورونا ٹیسٹ کر کے بٹھائے گئے اور جہاز گرنے والی بستی میں لوگ گھروں میں محفوظ بیٹھے تھے۔ مگر موت تو کسی کی بھی کہیں بھی آسکتی ہے۔

4۔ میاں وقار

سچ لکھنے کے لیئے دل چاہیئے
سچ بولنے کے لیئے جگر چاہیئے

ازڈاکٹر سلطان محمود
لیکن اگر یہ دونوں ایک خاص حد سے بڑھ جائیں تو بیماری بن جاتے ہیں۔ دل کی ایسی بیماری کو hydropericardiumاور جگر کی بیماری کو fatty liver syndrome کیا جاتا ہے۔

5. Nouman Ashraf

Pakistan tested an atomic bomb 23 years ago, its unable to test drinking water & air quality even today across the entire country.

Bad Governance.

🙏 براہ کرم قومی دفاع اور غریب قوموں کے عوامی صحت کی حفاظت کے مسائل کے درمیان فرق پر توجہ دیں، جن کا موازنہ ایک ساتھ نہیں کیا جا سکتا۔ ملک کے زندہ خطرے سے بچاؤ ہمیشہ عوامی صحت کے خطرات سے زیادہ اہم ہوتا ہے۔ دفاعی امور فوج کی سطح پر حل کیے جاتے ہیں جبکہ عوامی صحت کے مسائل کو حل کرنا سیاسی رہنماؤں کی ذمہ داری ہے۔ ہم سیاست میں ناکام ہیں لیکن دفاع میں نہیں۔

6۔ جنگوں کے "مخالف "سابق صدر اوباما نے اپنے دور میں جو خطیر رقم کانگریس سے منظور کرائی تھی وہ چین، روس، برطانیہ اور بھارت کے مجموعی فوجی بجٹ سے بھی زیادہ تھی۔ رپورٹ

7۔ ازڈاکٹر سلطان محمود

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

لاہور میں کورونا کی صورتحال خراب ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ چونکہ یہاں ٹیسٹنگ زیادہ ہو رہی ہے اس لئے زیادہ کیس نظر آتے ہیں۔ وگرنہ سب شہروں کی کم و بیش حالت ایک ہی جیسی ہے۔

عبدالرحمان غازی

ڈاکٹر صاحب سب ڈرامہ ہو رہا ہے۔ اسکو سیریس مت لیں۔ بل گیٹس کی چپ، ویکسن کمپنی کی سازش اور G5 میں فاصلہ تین فٹ سے زیادہ کرنے کی تدبیر ہے۔

فاران حمید

"عبدالرحمان غازی، چاہے یہ ڈرامہ ہو یا نہیں، بیماری حقیقت ہے۔ براہ کرم سمجھیں کہ لوگ مر رہے ہیں۔ اگر یہ ڈرامہ ہے مگر وائرس پر مبنی ہے اور یہ حقیقت ہے، تو اس بات سے قطع نظر کہ یہ کیسے منظر عام پر آیا یا پھیلایا گیا، وائرس حقیقت ہے اور اس سے مناسب طریقے سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔"

از ڈاکٹر سلطان محمود

یہی بات ہم پہلے دن سے کہہ رہے ہیں کہ ڈرامہ ہونے کے باوجود کورونا حقیقت ہے چاہے بیس تیس فیصد ہی کیوں نا ہو۔ مگر بعض لوگوں کا علمی ہیضہ اس حقیقت کو سمجھنے کے باوجود جگتوں پر اترا رہتا ہے۔

8۔ امریکہ میں کالوں کو برابری کے حقوق نہ دیکر نسل در نسل چور اچکا بنا دیا گیا ہے۔ اوپر سے ٹرمپ کی گوراپاور پالیسی جلتی پر تیل کا کام کر رہی ہے۔ اب ٹرمپ انتخاب ہارے گا۔

9۔ وقاص شاہد خان

سر آجکل ٹیڈیاں بہت زیادہ ہیں کسان حضرات کافی پریشان ہیں میں چاہتا ہوں کہ آپ اس پر ایک تفصیلی پوسٹ کریں اور کیا ٹیڈیاں کھانا اسلامی اور سائنس کی روح سے جائز ہے رہنمائی فرمائیں۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

کسی نے ذرا مشکل لیکن اچھی ترکیب بتائی تھی کہ ٹڈیاں پکڑ کر دو ڈھائی سو روپے فی کلو بیچی جائیں جن کو انسان اور مرغیاں کھالیں۔ دوم ٹڈی کھانے والی بطخیں ان پر چھوڑ دی جائیں رات کے وقت۔ تیسرا حل سپرے ہے مگر اکیلی حکومت اس میں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ میرے ملاں دوستوں نے اسے کھانے کے لئے حلال کہا ہے۔

10۔ امریکہ نے کمیونزم توڑنے پر 75 برس لگا دیئے مگر خود بھی 75 برس نہیں نکال پا رہا۔ واحد انصاف کا نظام ہی صدیاں نکال پاتا ہے۔ کاش ہم اِدھر توجہ دے پاتے۔

کامن سینسN

09Jun20

1۔ امریکہ کو شاید غرور کھا گیا ہے۔ بلاوجہ کروڑوں انسان مار دیئے مگر اب اندر باہر سے اس قدر زچ ہے کہ چین و ایران سے لڑنے کے قابل بھی نہیں رہا بلکہ ایران کو بحری راستے سے وینزویلا پہنچنے سے بھی نہیں روک پایا۔

2۔ امریکن کالے کی گورے کے ہاتھوں بھیانک ہلاکت نے ایک بار پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا آفاقی امن کا خطبہ یاد کرا دیا ہے کہ گورا واقعی آج بھی ظالم اور کالا مظلوم ہے۔

3۔ امریکہ دنیا میں فوجی اقتدار میں لاتا تھا، آج خود فوجی گرفت میں ہے۔ پہلے امریکی دنیا کا تماشہ دیکھتے تھے اب دنیا انکا تماشہ دیکھ رہی ہے۔ کیا یہی مکافات عمل ہے۔

4۔ اگر بھارت کشمیریوں کو مارنے والی فوج پاکستانی و چینی فوجوں کے آگے ڈالے گا تو پھر وہ مار ہی کھائے گی۔

5۔ امریکہ میں سفید فام اور سیاہ فام میں منشیات نوشی کی شرح تقریبا برابر ہے مگر اس جرم میں جیلوں میں سیاہ فام کئی گنا زیادہ ہیں۔ خصوصاً پرائیویٹ جیلوں میں کالے 70 فیصد زیادہ ہیں۔

رپورٹ

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

6۔ سلطنت عثمانیہ توڑ کر عیسائیوں نے ترکی، اسرائیل و سعودیہ سمیت 62 ملک بنائے اور پھر اپنے ایجنٹوں کو حکمران بنایا۔

7۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جسے بھائی چارے کا دستر خوان نعمت کہا تھا وہ آجکل کی معیشت ہے۔ مگر ہم نے اسے بے رحمانہ مقابلہ اور جنگل کا ورثہ بنا دیا ہے حالانکہ یہاں ابھی بھی بہت خالی جگہ موجود ہے۔

8۔ ترقی ایک ایسا مبہم لفظ ہے جو ہر انسان کو ایک جیسا رسائی کا حق نہیں دیتا۔ اور یہی وہ نقطہ ہے جو مال و زر کی ہوس بڑھا کر انسان کو آپس میں کتوں کی طرح لڑا دیتا ہے۔

9۔ ہم سارے سماجی، مذہبی و سیاسی غلط کام خود کرتے ہیں مگر گالی حاکم وقت کو دیتے ہیں۔ اللہ بھی پھر ہمارا ویسا ہی علاج کرتا ہے اور ہم جیسا حاکم ہی ہمارے اوپر مسلط کر دیتا ہے۔

خرم شہزاد زرگر

جان کی امان پاؤں تو عرض کروں۔

کیا یہ صرف عمران خان کی محبت میں کہہ رہے ہیں۔

یا ن لیگ دور میں بھی ایسا ہی ہوتا تھا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

حضور میں ایوب دور میں یہ بات نانا جان مرحوم سے سنا کرتا تھا جو ساتھ قرآن کریم کی آیت بھی پڑھا کرتے تھے۔ تبھی سے اس بات پر یقین رکھتا ہوں اور جونہی اللہ نے تقریر و تحریر کی قوت دی اسی بات کو پھیلاتا چلا جارہا ہوں۔ ویسے کامن سینس کی بات ہے کہ اگر عمران کی محبت زیادہ عزیز ہوتی تو یہ بات کبھی نہ لکھتا۔

10۔ عبدالقیوم شیخ

"دنیا آہستہ آہستہ وہاں پہنچ رہی ہے جو عمران خان کا ویژن تھا"۔ اسد عمر کا قوم اسمبلی میں خطاب۔ کوئی صاحب تشریح فرمائینگے کہ اس کا مطلب کیا ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

اگر تو ہم ذہن مثبت رکھنے کا دعوی کریں تو اس کا مطلب کورونا کے حوالے سے ہے یعنی سمارٹ لاک ڈاون ہی غریب دنیا کے پاس بہترین آپشن ہے۔ ورنہ منفی ذہن کے ساتھ تو اپنے ذہن کا جتنا چاہے بغض یہاں ڈال دیں کم ہے۔

کامن سینسO

20Jun20

1۔ نسل پرستی کیخلاف دنیا جاگ گئی۔ اپنے وقت کے سیاہ فام غلاموں کے تاجر ایڈورڈ کولسٹن کا برسٹل یو کے میں کھڑا صدیوں پرانا مجسمہ نہایت حقارت سے مظاہرین نے بے حرمتی کے بعد سمندر میں غرق کر دیا ہے۔ رپورٹ

2۔ ایک تحقیق کے مطابق سابق برطانوی وزیر اعظم ولیم گلیڈسٹن اور ممتاز سیاستدان سر ونسنٹن چرچل بھی نسل پرست اور استعمار پرست تھے۔ اسی بنیاد پر لیورپول یونیورسٹی کا نام بھی بدلا جا رہا ہے۔

3۔ خرم شہزاد زرگر

ہر کوئی یہی کرتا ہے جناب جو اسحاق ڈار نے اپنے بچوں کی خاطر کیا ہے۔ اس میں کونسی کوئی نئی بات ہے آپ اور میں بھی اپنے بیوی بچوں کے لیے ہی کر رہے ہیں سب کچھ نہ کہ کسی مسجد مدرسہ یا یتیم خانے کیلئے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

میں نے بچوں کو اعلیٰ ترین اداروں سے اعلیٰ ترین ڈگریاں دلا دی ہیں اور تینوں بڑے ماشاءاللہ بہت کامیاب ہیں۔ اب میں بس اپنے لئے کماتا ہوں اور مجھے کبھی بھی بچوں کے لئے جمع کرنے کا خیال

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

نہیں آیا۔ میں اس لعنتی روایت کو توڑنا چاہتا ہوں کہ بچوں کے لئے مت کماؤ اور نہ منہ کالا کرو کہ انکو وہ کچھ ملے جس کے لئے انہوں نے ذرا محنت نہیں کی۔ مسجد مدرسے کا بھی حصہ ہے انہیں بھی دو مگر بچوں کو خود محنت کر کے کمانے دو۔ ہمیں چاہئیے کہ ہم اپنی ان کم ترین ضروریات کو اتنا محدود کر لیں کہ فالتو کی ایک روٹی بھی حرام ہو جائے۔ یہی قرآن کا سبق بھی ہے۔ بچوں کو انتہائی ضروری اور محدود خرچہ دیکر ایسے پالیں جیسے گھوڑے کو سوکھی گھاس پر پالا جاتا ہے۔ ان کی خاطر دنیا اور اللہ کی لعنتیں مت جمع کریں۔

4۔ لوگوں کی اکثریت صرف ذاتی زندگی کنویں اور کولہو کے بیل بن کر اسی دائرے میں گزار دیتے ہیں۔ بہت کم لوگ انسانیت کی بہتری، بھلائی کیلئے سوچتے اور عمل کرتے ہیں (خالد نصر)

5۔ لبرل تو ایک رویہ ہوتا ہے، انسان کبھی مکمل لبرل ہو ہی نہیں سکتا۔ ہر بڑے سے بڑا دعوے دار کہیں نہ کہیں بنیاد پرست، متعصب اور تنگ ذہن ثابت ہوتا ہے (راؤ متین)

6۔ صبور گل

ڈی پی پہ لگی خوبصورت تصویر ہرگز میری نہیں، تصویر انسان کا تعارف ہے جو میری وال پہ کہیں نہیں، میرا نام بھی کسی حد تک اصلی نہیں، میرے شہر کا نام اصلی نہیں، میرا مذہب، میرا مسلک کسی کے علم میں نہیں، لیکن میرے خیالات، میرے نظریات، میری چیپ نیس، میری ذہنیت جو کومینٹس کی صورت ظاہر ہو رہی وہ اصلی ہے، میں کتنی لبرل ہوں، سیکولر ہوں یا مذہبی ہوں، اصلی

ہے، میرا مزاج، میری خوش طبعی، میری نیچر اصلی ہے، رومینس، محبت، سیکس کو لے کے میرے نظریات اصلی ہیں۔

دوسری طرف گھر میں، میری اصل زندگی میں میری شکل وصورت، شخصیت اصلی ہے، میرا نام سب جانتے، میرا گھر، سوسائٹی، شہر سب جانتے، میری عمر، میرا انداز گفتگو، میرا رویہ سب جانتے۔

لیکن میرے نظریات، میرا عقیدہ، میرے خیالات، میرا طرز فکر سب نقلی، اِدھر سب مجھے نیک پروین خیال کرتے، ان کے خیال میں میں بیوہ عورت دنیا تیاگ چکی ہوں، میرا رومینس، سیکس سے بھلا کیا واسطہ، کل میری پوسٹ پہ بے شمار لوگوں نے مجھ پہ کرش کا اظہار کیا۔۔۔ اور یہاں میرے گھر کے پاس کوئی کھنگ نہیں سکتا، میرے میل رشتہ دار اپنی بیوی کے ساتھ آتے بھی ڈرتے ،ہمارے گھر کے دو پورشن ایک میں ہاؤس اونر، دوسرے میں ہم، عرصے سے، لیکن ہاؤس اونر نے کام کی بات کے علاوہ دوسری بات نہیں کی، میں نے اسکا، اسکی وائف کا اور اپنا گروپ واٹس ایپ پہ بنا رکھا ہے، جو میسج جانا، اسکی وائف کو بھی جانا۔ اکثر لوگ دعا کے لئے کہتے، مرد حضرات بات کرنے سے پہلے سوچتے ضرور۔۔۔ حتیٰ کہ مجھے کوئی دوسری شادی کا مشورہ نہیں دے سکتا۔ میرے بہن بھائی، رشتہ دار، احباب مجھے بہت سنجیدہ، سادہ سا انسان سمجھتے، اور بہت حد تک مظلوم، دکھی ،رنجیدہ خیال کرتے۔۔ ۔میں کہاں فیک ہوں، فیس بک پہ یا اصلی زندگی میں؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

مادام جتنی باتیں آپ نے اپنے بارے لکھی ہیں بہت ساری کا ہمیں پہلے سے اندازہ تھا۔ آپ کیسے زندگی گزارنا چاہتی ہیں یا گزار رہی ہیں یہ بھی آپکا پیدائشی حق ہے۔ آپ ظاہری اور باطنی زندگی الگ کرنا چاہیں تو بھی کسی کی مجال نہیں کہ اعتراض کرے۔ مگر محترمہ اس معاشرے میں رہتے ہوئے اتنی دلیری تو آپ کر سکتی ہیں کہ آپ ظاہری و باطنی زندگی کے فاصلے مناسب حد تک کم کر لیں۔

7۔ پاکستان میں سبھی صدر و وزیر اعظم کٹھ پتلی تھے سوائے ایوب خان، ضیاء الحق اور مشرف کے مگر یہ تینوں عوامی نمائندے نہ تھے۔ ان سب کا تاریخ میں کوئی مقام ہے نہ عزت۔

8۔ بھارت کے تمام ہمسایہ ممالک کو ایک کانفرنس منعقد کرنی چاہئیے تاکہ ایٹمی بھارت کی بے وقوفیوں سے خطے کو محفوظ رکھا جا سکے۔

9۔ گلوبلائزیشن کا نعرہ پنکچر، اقوام متحدہ ناکام، نظریاتی بلاکس ختم اور یورپی یونین کی کشش مفقود ہو چکی ہے۔ اب قومیں اپنے مفادات کی خاطر نئے علاقائی انتظامات کی طرف نکل پڑی ہیں۔ ماخوذ

10۔ ہماری پسند ابھی بھی عمران ہی ہے لیکن اگر اس کی دسترس موجودہ دس فیصد اختیارات سے بڑھ کر 90 فیصد ہو جائے تو۔ ورنہ ہماری تجویز ہے کہ منصب چھوڑ دے اور اپنا نام بچائے۔

کامن سینس P

29Jun20

1۔ زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کی ہوس میں خوراک وزراعت اور صنعت وکاروبار کے ہاتھوں حیاتیاتی، ماحولیاتی اور قدرتی ذرائع کا تباہ کن استعمال انسانی سلامتی کے لئے خطرہ ہے۔

2۔ آئی ایم ایف کے کورونا کے حالات میں نیولبرل مالیاتی کرم خوردہ نسخوں کی ترقی یافتہ ممالک میں کوئی اہمیت نہیں۔ جب سے کورونا نے سپلائی چین توڑی ہے تب سے محض ہم جیسے ممالک ہی نشانہ ہیں۔ ماخوذ

3۔ سوائے دل لگی کے فیس بک پہ ہے بھی کیا؟ ہم وہ وقت غیروں کے ساتھ کاٹے جارہے ہیں جو اگر اپنوں کے ساتھ گزارتے تو اپنے اپنے رہتے۔

4۔ ضرورت سے زائد معلومات ہمیشہ الجھن اور بگاڑ پیدا کرتی ہیں چاہے وہ نائن الیون ہو یا کورونا، مذہب ہو یا سیاست، حتیٰ کہ اپنا مضمون یا دوسروں کی کھوج ہی کیوں نہ ہو۔ ایسے میں انسان میں فیصلہ کرنے اور درست سمت کا انتخاب مشکل ہو جاتا ہے۔

5۔ ایمو فلپس کہتا ہے کہ جب تم امیر آدمی کو خدا سے معافی مانگتے دیکھو تو سمجھ جاؤ کی وہ خدا سے زیادہ چوری پر یقین رکھتا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

6۔ درد اپنی اصل شکل میں خوفناک ہے لیکن اگر یہ قربانی اور خود فراموشی کی شکل میں ہو تو نشہ ہے۔ پائلو کویلہو

7۔ اتفاق سے چار ایٹمی طاقتیں آپس میں جڑی ہوئی ہیں یعنی پاکستان، بھارت، چین اور روس۔ چونکہ یہ خوبصورت دنیا ایٹمی جنگ نہیں سہہ سکتی اس لئے ہمیں منافرت کی بجائے منطق سے ترقی کرنی چاہیئے۔

8۔ سب سے مضبوط وہ محبت ہوتی ہے جس میں سب سے زیادہ نزاکت ہو۔ پائلو کویلہو

9۔ دنیا میں کب سے انسانیت کی جگہ پیسہ آ گیا ہے۔ اس وقت جمہوریت کے تمام دعوے دار ممالک کے اندر انسانیت سوز واقعات ہو رہے ہیں مگر معاشی مفادات کے تحت بولتا کوئی نہیں۔

10۔ گو کہ ہماری عوام کی اکثریت کرپٹ ہے مگر ایماندار بھی تو یہیں پائے جاتے ہیں۔ یہی ہیئت ترکیبی حکومت کی بھی ہے۔ کبھی اتفاقاً ایمانداروں میں سے بھی تو کوئی اوپر آ سکتا ہے کہ نہیں۔

کامن سینس Q

17Jul20

1۔ ڈاکٹر کی شخصیت میں علاج پنہاں ہے نسخوں میں نہیں۔ جب سے معالج نے مریض کو گاہک سمجھنا شروع کیا ہے ڈاکٹر کی شخصیت تباہ ہو کر بل بتوڑی اور ہلا کو جیسی ہو گئی ہے۔

2۔ جعلی دانشور صرف واہ واہ کرنے والوں کو فرینڈ لسٹ میں رکھتا ہے۔ لیکن جونہی اصل بندے سے واسطہ پڑتا ہے تو پکڑے جانے کے خوف سے بلاک مار جاتا ہے۔ یہی حال فیک ID کا ہے۔

3۔ اردگان کو احتیاط کرنی چاہیئے۔ اور اتنا کھل کر اسرائیل کے خلاف نہیں بولنا چاہیئے۔ ہمیں 2023ء کے بعد بھی ان کی اشد ضرورت ہے۔

4۔ ہمارے زندہ رہنے کے لئے پہلے نمبر پر آکسیجن، دوسرے پر غذا، تیسرے پر چھت، چوتھے پر سیکس، پانچویں پہ لباس اور چھٹے پہ باقی سب۔

5۔ کبھی دنیا ایسی تھی کہ پیدل چل کر لوگ کہیں جاتے اور واپس نہ آپاتے۔ پھر دنیا کھل گئی اور ہم سارا جہان گھوم کر اپنے ٹھکانے آن لگتے۔ اب دنیا ایک گاؤں ہے ہم دوڑتے ہیں مگر کہیں پہنچ بھی نہیں پاتے۔

6۔ افضل ملک

بچے کا کردار بنانے میں چالیس فیصد حصہ ماں کا، بیس فیصد باپ کا، بیس فیصد سکول کا اور بیس فیصد ارد گرد معاشرہ، ماحول کا ہوتا ہے۔ جینز اور ریاست بھی کردار ادا کر سکتی ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ہر بچے پر ساٹھ فیصد وراثت اور چالیس فیصد ماحول کے اثرات ہوتے ہیں (حوالہ گریگر مینڈل)۔ آپ نے کردار سازی کی جو تقسیم کی ہے وہ چالیس فیصد ماحولیاتی تقسیم کا ہی حصہ ہے وراثتی کا نہیں۔

7۔ صرف چار مہینے سکول کے ضائع ہونے پر برطانیہ کے رہنماؤں نے اگلے ساٹھ سال تک کے مُستقبل کی وارننگ جاری کر دی۔ اور ایک ہمارے رہنماء ہیں جنہیں سالہا سال ضائع ہونے کی پرواہ بھی نہیں۔

8۔ خضر انور

بیٹی کو رخصت کرتے وقت بولیں کہ تمہیں انسان کے ساتھ بھیج رہے ہیں، جس دن یہ جانور بننے لگے اس پر لعنت بھیج کر گھر واپس آجانا تاکہ جانور کو پنجرے میں بند کیا جائے "جنازہ شوہر کے گھر سے اٹھے" والی سوچ ختم کرنی چاہیے۔ بیٹیاں رحمت ہوتی ہے۔ انہیں جینے کا پورا حق دیجیے۔
آپ کا کیا خیال ہے اس بارے میں؟؟

از ڈاکٹر سلطان محمود
اس طرح 80 فیصد بیٹیاں باپ کے گھر آکر بیٹھ جائیں گی اور کل کلاں بھابیوں کے طنز سہا کریں گی

کیونکہ آجکل ہر طرف عدم برداشت کا دور ہے۔ چونکہ آجکل بیٹیاں تعلیم یافتہ، بولڈ اور پر اعتماد زیادہ ہوتی ہیں اس لئے وہ سسرالی حالات درست کرنے میں قربانی دینے کی بجائے جلدی سے علیحدگی اختیار کر جائیں گی۔ بہتر ہے کہ بجائے آسرا دینے کے لڑکیوں کی کچھ تربیت ایسی کی جائے کہ بیٹیوں میں برداشت بہت زیادہ ہو جائے۔ ہاں جب رستے مسدود ہونے لگیں تو پھر ان کو اخلاقی اقدار کے اندر رہتے ہوئے الگ سے آزاد رہنے کی تربیت بھی ہونی چاہیئے۔

9۔ سلمہ رانی

میں نے اکثر پاگل لوگوں یا ذہنی مریض کو گندی باتیں اور گالیاں دیتے سنا حتی کہ غلط حرکات کرتے بھی دیکھا ایسا کیوں ؟۔

از ڈاکٹر سلطان محمود
پاگل یا ذہنی مریض اچھی بری حرکتیں ویسے ہی کرتا ہے جیسے نارمل انسان کرتے ہیں فرق صرف اختیار اور بے اختیاری کا ہے۔

10۔ اگر تمام عمر جھوٹ کے پریکٹیشنر وکیل کو جج بنانے کی بجائے امریکی طرز پر طویل قانونی خدمتگار کو ووٹ سے منتخب کر کے جج بنایا جائے تو عدلیہ کو کوئی خرید نہ سکے۔

کامن سینسR

28Jul20

1۔ انسان چاہے کتنا ہی بے ضرر کیوں نہ ہو اگر روشن ضمیر اور سچائی کا علمبر دار ہے تو یہ ممکن نہیں کہ اس ظالم سماج میں اس کے مخالفین نہ ہوں۔ماخوذ

2۔ 'Survival of the Fittest' Or 'Might is Right' is the only truth of our globe.

3۔ سوشل میڈیا کے توسط سے بہت اچھے دوست ملے۔ دس بارہ نام لکھنے ہی والا تھا کہ خیال آیا کہ جن کے نام رہ جائیں گے انکی دل شکنی ہو گی۔ اس لئے براہ مہربانی ایسے سوالات نہ ہی ڈالا کریں تو بہتر ہے۔

4۔ عورت بھی مرد کے جسم کی اتنی ہی بھوکی ہوتی ہے جتنا کہ مرد۔ فرق دلیری سے پیچھے بھاگنے کا ہے یا منافقت سے پیچھے لگانے کا۔

صبور گل

آپ فرق کرتے کیوں ہیں۔۔ ؟ دونوں انسان ہیں بس۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

میم دراصل سیکس کے معاملات میں مرد کو ہوسناک کردار بنا کر عورت کی معصومیت کو تار تار کرنے کا ذمہ دار گردانا جاتا ہے جبکہ کوئی مرد عورت کے قریب بھی نہیں پھٹک سکتا اگر عورت نہ چاہے تو۔

صبور گل

اس منافقانہ رویے پر عورت کو مجبور مرد نے ہی کیا ہے، اس کے لیے انسان سے بڑھ کے عزت اور غیرت کے معیار قائم کر کے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود
محترمہ ایسا ہی ہو گا مگر سارا مسئلہ قدرت کی پیدا کردہ بے قابو جنسی کشش کی وجہ سے ہے۔ تبھی مذاہب وغیرہ مسئلہ حل کرنے آگے بڑھے لیکن اسی باغی انسان ہی کے ہاتھوں شکست کھا کے مسلسل پچھلے قدموں واپس لوٹتے چلے جا رہے ہیں۔

صبور گل
قدرت نے تو برابر رکھا، اس میں امتیاز یا چپقلش مذہب نے پیدا کی۔

از ڈاکٹر سلطان محمود
میرا تو خیال ہے کہ مذاہب نے ابلتے جذبات پر بند باندھنے کی کوشش کی جسے مرد نے ناکام بنایا۔

صبور گل

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ظاہر ہے اپنے اپنے حساب سے سب مذاہب نے کوشش کی، لیکن قدرت کے قوانین یکساں ہیں ،اس لیئے ان میں توازن، انسان کو مکاری کا موقع مل گیا۔ اگر کسی بھی معاملے کو مذہب سے ہٹ کر محض انسانی سطح پر دیکھیں تو یہ بحث پیدا ہی نہیں ہوتی۔ دونوں انساں ہیں تو کیوں اتنے حجابوں میں ملیں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

5۔ ویسے ڈاکٹر ظفر مرزا اور تانیہ ادریس آج تک کے ہزاروں اراکین پارلیمان سے زیادہ قابل، ایماندار اور مثبت ذہن تھے تبھی ترقی یافتہ ممالک نے مزید ترقی کیلئے یہ دماغ ہم سے چھین لئے۔

6۔ شمس سیال

میرا تعلق پختونخوا کے دیہاتی علاقے سے ہے میرے بچپن سے لے کر اب تک میرے بہت سے ہم عمر دوست اور جاننے والے مختلف حادثوں میں موت کا شکار ہوئے جن کی تعداد کافی زیادہ ہے یہاں اسے قسمت سے جوڑا جاتا ہے اور کہتے ہیں کہ بس قسمت میں ایسا ہی لکھا ہو گا۔ اب یہ بات اگر ہم کسی ترقی یافتہ اور محفوظ ملک کے باشندے سے پوچھیں کہ کہ آپ کے جاننے والے کتنے لوگ حادثوں اور قتل قتال میں اپنی جان گنوا بیٹھے ہیں تو یقیناً اس کا جواب یہی ہو گا کہ کوئی نہیں اب یہ قسمت والا معاملہ یونیورسل ہے یا یہ لوکل ہی اس پر یقین کیا جاتا ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیال صاحب یہ تقدیر والا معاملہ دراصل ہماری بے بسی سے جڑا ہوا ہے۔ انسان جب حادثے کا شکار ہو چکتا ہے تو چونکہ ہم حالات واپس موڑنے کی قدرت نہیں رکھتے اس لئے کاتب تقدیر کے ذمے لگا دیتے ہیں۔ اور اپنی کوتاہی پر پردہ ڈال دیتے ہیں۔ ورنہ ہر رد عمل ہمارے ہی کسی عمل کے نتیجے میں رونما ہوتا ہے۔ اگر مملکت نے یورپ و امریکہ کی طرز پر پہاڑی و دریائی علاقے محفوظ بنا رکھے ہوں تو اس وقت ہم اسے انسانی کارنامہ سمجھتے ہیں مگر حادثے کی صورت میں تقدیر کو کوستے ہیں۔

7۔ ہمارے ہاں تماش بینوں کی بھرمار ہے۔ ریلوے کے بند پھاٹک پر سائیکل ہاتھوں پر اٹھا کر لائن پار کر جائیں گے۔ ہم سمجھیں گے کہ کہیں وقت پر پہنچنا چاہتے ہوں گے مگر اگلی جانب دیکھیں گے تو بندر کا تماشہ دیکھ رہے ہونگے۔

8۔ سوشل میڈیا اپنے ارتقائی مراحل سے گزر رہا ہے۔ ٹین ایج سے نکلتے ہی یہ اپنی حدود و قیود مقرر کر لے گا۔ عنقریب اس میں سے جعلی آئی ڈی بچے بچونگڑے، ویلے شکاری، ان پڑھ اور دہشتگرد فارغ ہو جائینگے۔

9۔ مہ جبین خان

آپ کیا دیکھ کر ریکوسٹ سینڈ کرتے ہیں؟ ڈی پی

یا پروفائل؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

یا پوسٹ سکرول کرنے کے بعد؟

ازڈاکٹر سلطان محمود

پروفائل دیکھتا ہوں اور لگ بھگ تین برس کی پوسٹیں پڑھنے کے بعد فرینڈ ریکویسٹ بھیجتا ہوں۔ ویسے المیہ یہ ہے کہ شروع میں پانچ ہزار فرینڈ پورے کرنے کے چکر میں بیشمار لوگوں کی دوستی کرنے کی پیشکشیں منظور کرتا چلا گیا جس سے بیشمار لوگ بھی آ گئے اور پھر ان کے گھٹیا کمنٹس کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اب تک۔ اب میں کھلے دل سے صفائی پھیر رہا ہوں اسی لئے پانچ ہزار پورے رکھنے کے لئے خاصی چھان بین کرتا ہوں۔ بلاشک بعض بہت اچھے دوست بھی ملے یعنی پڑھے لکھے، اعتدال پسند، بالغ نظر اور محب وطن۔ جن کی پوسٹوں میں فرقے کی پرستش نظر آئے یا ذات پات کا تفاخر، انہیں ان فرینڈ کرنے میں بس ایک لمحہ۔ مزے کی بات ہے کہ ہر مذہب، قومیت، زبان اور مخالف نظریات کے لوگ میرے دوست رہتے ہیں جب تک وہ بدتمیزی نہ کرنے لگ جائیں۔ میرا فیس بک کا تجربہ ہے کہ خواتین مردوں کی نسبت زیادہ سلجھی ہوئی ہوتی ہیں۔

10۔ اقبال احمد خان نے اپنی کتاب "اس نے کہا "میں نواز دور کے جن زانیوں کی داستان لکھی ہے وہ انوکھی نہیں۔ طاقت کا نشہ اچھے اچھوں کو اخلاق باختہ کر دیتا ہے۔ زن، زر، زمین، شراب، پیسہ جیسی حرام پایاں ہر دور میں رہیں۔

کامن سینس S

05Aug20

1۔ اگر اگلے سے اسکی عقل کے مطابق بات کرنی ہو تو آپ کتنے فیصد لوگوں سے گفتگو کر سکتے ہیں؟

2۔ ثمینہ رشید

میرے نزدیک ایک حقیقی دانشور کی دو نشانیاں ہیں۔

نمبر ایک-وہ کبھی مایوس نہیں ہوتا۔

نمبر دو۔ وہ تعصبات سے ماورا ہو کر سوچتا ہے۔ اسی لئے ہمیشہ اپنے لوگوں کو بڑے منظر نامے کو سامنے رکھتے ہوئے ڈائریکشن دیتا ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

درست ہے۔ آپ کی اجازت سے تعصب کی ذرا درجہ بندی کر دی جائے محترمہ۔ میری رائے میں ان کو عمومی تعصبات یعنی نچلے درجے کے تعصبات اور خصوصی تعصبات یا اوپری درجے کے تعصبات میں تقسیم کر دینا چاہئے۔

عمومی تعصبات میں ذات پات، سیاسی وابستگی، مذہبی فرقہ بازی، گوراکالا، اردو پنجابی، لوکل مہاجر وغیرہ شامل ہونگے جبکہ خصوصی تعصبات میں مسلمان عیسائی، پاکستانی بھارتی، ایشیئن یورپی وغیرہ آسکتے ہیں۔

مگر اعلیٰ 'ترین دانشوری میں وہ تحریریں یا عوامل شمار ہونگے جن کا تعلق انسانیت کی ترقی سے ہو گا۔

3۔ کیا امریکہ چین کو سبق سکھانے کے لئے کورونا حملہ کے بعد بھارتی جنون میں اضافہ کر کے ایٹمی حملہ بھی کرواسکتا ہے؟ شاید تبھی وہ خود اس خطے سے نکل بھی رہا ہے۔

4۔ دریا پر پل باندھنا عوامی سیاست ہے مگر اس کے نیچے کشتی چلتے رہنے دینا معیشت ہے۔ ماخوذ

5 اگر عوام ملک کے اندر بے وقعت اور باہر بے توقیر ہوں تو اس کے رہنماؤں کی بھی دنیا بھر میں کوئی عزت نہیں کرتا۔

6 ہم نے امریکی کیمپ میں 70 برس رہ کر کچھ نہیں سیکھا لیکن چینی کیمپ میں آ کر معیشت، ٹیکنالوجی اور سیاسی استحکام اگر نہ سیکھا تو پھر چین ہمیں ہڑپ کر جائیگا کیونکہ وہ ہمارے سر پر بیٹھا ہوا ہے۔

7۔ غلام ربانی

جب لکھیں تو کتابی زبان لکھی جاتی ہے۔ بولنے والی زبان ادبی تحریری نہیں ہوتی۔ آپ صاحب علم شخص ہیں اس لیے آپ کو رائے دے رہا ہوں

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ازڈاکٹر سلطان محمود

ہماری پنجابی اس قید سے آزاد زبان ہے۔ یہ کتابی بن ہی نہیں سکتی کیونکہ اس کا تو اپنا رسم الخط ہی نہیں۔ البتہ سکھ پنجابی کتابی بن سکتی ہے مگر ہمارے ہاں اسے کوئی لکھ پڑھ ہی نہیں پاتا۔

8۔ شفق نذیر

اپنائیت کے ڈسے ہوئے لوگ اجنبیت میں پناہ ڈھونڈتے ہیں....!!!!

ازڈاکٹر سلطان محمود

جیسے کہ ہم حالانکہ جب اجنبیوں سے واقفیت بڑھتی ہے تو وہ بھی سابق اپنائیت والوں سے بس انیس بیس کے فرق جیسے نکلتے ہیں۔

9۔ جارج واشنگٹن یونیورسٹی کے حسین عسکری کی تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں اسلامی اصولوں پر عملدرآمد میں نیوزی لینڈ، لکسمبرگ، آئرلینڈ، آئس لینڈ، فن لینڈ، ڈنمارک اور کینیڈا کے پاس پہلی سات پوزیشنیں ہیں جبکہ ملائشیا38، کویت48، بحرین64اور سعودیہ 131ویں نمبر پر ہیں۔

10۔ دنیاری دنیا۔۔۔ کتنی تیزی سے بدل رہی ہے تو۔۔۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

18اگست2020

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

2018=موسمیاتی تبدیلی کی شدید وارننگ

2019=چین امریکہ کی زوروں کی تجارتی جنگ

2020=کورونا وائرس سے 201 ممالک میں لاکھوں ہلاکتیں

2021=ڈالر کی موت

2022=عربوں پر اسرائیل کا قبضہ

2023=ترکی خلافت کی راہ پر

2024=ایٹمی جنگ

اور پھر۔۔۔

اے بھائی ذرا دیکھ کے چلو۔۔۔

آگے ہی نہیں پیچھے بھی۔۔۔

دائیں ہی نہیں بائیں بھی۔۔۔

اوپر ہی نہیں نیچے بھی۔۔۔۔

اور پھر اس کے بعد ۔۔۔

ماں نہیں باپ نہیں تو نہیں میں نہیں یہ نہیں وہ نہیں۔۔۔

کچھ بھی نہیں رہتا ہے۔۔۔

اور جو رہتا ہے وہ۔۔۔۔۔

خالی خالی کرسیاں ہیں۔۔۔

خالی خالی تمبو ہے۔۔۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

خالی خالی گھیرا ہے۔۔۔

یہاں۔۔۔۔چڑیا کا بسیرا ہے۔۔۔

تیرا ہے نہ میرا ہے۔۔۔۔

کامن سینسU

26Aug20

1۔ سدرہ عالم ہاشمی

اکثر مرد حضرات انٹیلیکچول ہو کر بھی نان انٹیلیکچوئل خواتین کو قبول کر لیتے ہیں کیونکہ عورت کی خوبصورتی بھاری پڑ جاتی ہے اور نان انٹیلیکچول ہونے پہ کوئی اعتراض نہیں رہتا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

وہ بہت آئیڈیل جوڑا کہلائے گا جو دونوں انٹلیکچول ہوں اور ایک دوسرے کو پسند کرنے کے ساتھ برداشت کی دولت سے بھی مالامال ہوں۔

2۔ اپنے کام کی جگہ پر عزت ہر ایک کی کریں مگر بھروسہ کسی پر نہ کریں۔WHO

3۔ انٹلیکچوَل، بے وقوف اور ضدی ایک جیسے ہی ہوتے ہیں۔ یہ کسی کی نہیں سنتے اور نہ کسی کی مانتے ہیں۔

4۔ 2003ء سے اب تک 2.34 کھرب ڈالر کی ترسیلات باہر سے آئیں مگر کہاں گئیں؟ کہیں گوروں کے کتے اس رقم کو لوٹ کر دوبارہ اپنے آقاؤں کے دیس میں تو نہیں بجھوا رہے۔

5۔ زوار حسین

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

"موت" کے بعد کی کیفیت کیا ہوتی ہو گی۔ سائنس، فلسفہ اور مذہبی نکتہ نظر کیا ہے؟

ازڈاکٹر سلطان محمود
سائنس کیمطابق ہڈیاں گوشت وخون وغیرہ مٹی کا حصہ بن کر ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں گے۔
فلسفہ اور سائنس دو مختلف چیزیں نہیں۔ مذہب کے مطابق ہمیں دوبارہ زندہ کر کے حساب کتاب کا کھاتہ کھل جائے گا۔

اویس احمد

سر، سائنس کے مطابق اگر ہڈیاں گوشت خون وغیرہ مٹی کا حصہ بن کر ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے تو یہ فوسلز کی اسٹڈی کا کونسپٹ کہاں سے پیدا ہو گیا؟

ازڈاکٹر سلطان محمود

اچھا سوال ہے۔ فوسلز ایک ایسا عمل ہے جس میں نامیاتی مرکبات زمین کی گہری تہوں میں لمبی مدت کی حدت سے غیر نامیاتی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ صرف زلزلوں وغیرہ سے وسیع تباہی کی صورت میں ایک جگہ پر موجودگی کے باعث لاکھوں سالوں بعد فوسلز بناتے ہیں۔ محض چند فٹ گہری قبر یہ کردار ادا نہیں کر سکتی۔ لہٰذا دس بیس سال میں حیوانی و نباتاتی اجسام زمین کی نسبتاً کم حدت سے منتشر ہو کر غیر نامیاتی نمکیات وغیرہ میں فوسلزہی کے اصول کے تحت بدل جاتے ہیں مگر کم مقدار میں ہونے کے باعث فوسلز والے فائدے نہیں پہنچا پاتے۔ ہاں یہ نمکیات اس

صورت میں فوسلز بننے میں مدد کرتے ہیں جب زلزلوں وغیرہ سے زمین کی یہی والی اوپری سطح بھی کافی گہرائی میں چلی جائے۔

6۔ انعام ملک

[فیس] ملک صاحب۔ فیسز کا مطلب گندا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

سطحی زبان میں تو زیادہ محتاط رہنا پڑتا ہے۔ ویسے فیسز کا مطلب پاخانہ ہے اب چاہیں تو یہ لفظ سکول کے لئے استعمال کر لیں۔ کم از کم سکولوں والے نہیں روکیں گے کیونکہ وہ بھی اس کا معنی نہیں جانتے ہونگے۔

7۔ عورت پڑھی لکھی ہو یا ان پڑھ، اس کے وقار کی پاسداری ضروری ہے لیکن تالی چونکہ دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے اس لئے عورت کو بھی برداشت کا دامن وسیع اور شکوک وشبہات سے صرف نظر کرنا چاہیئے۔

8۔ چھوٹا موجی صاحب گھر بچانے کے لئے مزید برداشت کریں۔ دوسری شادی میں پہلے پہل بڑی کشش نظر آتی ہے مگر عورتیں انیس بیس کے فرق سے ایک جیسی ہوتی ہیں۔

9۔ شعیہ کو ماتم کرتے دیکھ کر پٹھان سمجھا کہ شاید انہوں نے پی ٹی آئی کو ووٹ دیا ہو گا۔

محمد بلال چوھدری

ازڈاکٹر سلطان محمود

سیاسی پارٹیوں کے برانڈ بن جانے والے واقعی ایسا نہیں سوچتے مگر جن کی نظر میں سیاسی وسعت ہوتی ہے ان کے لئے ملکی ترقی اولیت رکھتی ہے۔

10۔اعظم احمد

اب چاہے صالحین کے پیٹ میں مروڑ اٹھیں، لیکن ننگی چٹی حقیقت یہی ہے کہ۔۔۔ریڈ لائٹ ایریاز اس معاشرے کی ایک بڑی ضرورت ہیں۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

اس کی بجائے آپ یہ کیوں نہیں کہتے کہ پندرہ اٹھارہ برس کی عمر میں شادی کر لینی چاہیے اور دس برس بعد دوسری شادی۔ تاکہ دوسرے جسم والا بھوت تو اترے۔

موٹروے پر زنا کے واقعہ پر ہیر امنڈی کو معاشرتی ضرورت قرار دینے کی بجائے اگر بچوں کی شادی پندرہ اٹھارہ برس کی عمر تک کر جائے تو زیادہ بہتر رہے گا۔

ذاتیات، غذائیات، حیوانیات، ماحولیات، سیاسیات، مزاحیات اور ادبیات پر مبنی ایک بے مثال فکری مسافت

فکرِ سلطان

ڈاکٹر سلطان محمود



8

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

فکرِسلطان

ECOCARE Consultancy Services (Pvt) Ltd.

ECAP

SOCIETY OF ANIMAL SCIENCES

PAFP — PAKISTAN ACADEMY OF FAMILY PHYSICIANS

ڈاکٹر سلطان محمود

مفکر، محقق اور نقاد

"فکرِ سلطان" کی تمام سیریز آفیشل ویب پر موجود ہیں

ڈاکٹر سلطان محمود نے سائنسی انداز میں تحریکی کارکن بن کر غذائی تحفظ کی عالمی خود مختار تحریک کو مقامی رہنما کے طور پر پاکستان میں ایک غیر معمولی موڑ دیا ہے جس کے نتیجے میں ان کے افکار اور عملی جدوجہد نے 'فکر سلطان' جیسی ایک طاقتور دستاویزی سیریز جنم دی ہے۔ اس میں وہ اپنی آدھی صدی کی شبانہ روز کوشش کو شاندار کہانی کے طور پر بیان کرتے ہوئے اہم معلومات سے بھری وہ تاریخ بھی بیان کر رہے ہیں جو ملک عزیز کے غیر مستحکم حالات کے باوجود مقامی اور نچلی سطح کے مسائل کو قومی اور عالمی سطح پر کچھ اس انداز سے اٹھا لے جاتے ہیں کہ جہاں وہ حیاتیاتی تنوع یا بایوڈائیورسٹی کی ہیئت تبدیل کئے بغیر کارپوریٹ تسلط کے ساتھ جنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ڈویلپمنٹ مافیا کے خلاف کس طرح نچلی سطح کی لڑائی کو اٹھا کر قومی اور عالمی سطح پر لے جایا جاتا ہے۔ ان کی یہ سوچ بھی قابل داد ہے کہ دنیا بھر میں مقامی سطح کی کمیونٹی ہمیشہ مقدس اور خود مختار ہونی چاہئے تاکہ وہ اپنے علم اور حقوق کو حاصل کر کے مستقبل کی دنیا کی حقیقی کہانی کا نقشہ ترتیب دے سکے۔

ISBN
9 789697 431625

ذاتیات، غذائیات، حیوانیات، ماحولیات، سیاسیات، مزاحیات اور ادبیات پر مبنی ایک بے مثال فکری مسافت

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر، ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز، لاہور۔ بانی انوائرنمنٹ کنسلٹنٹس ایسوسی ایشن پاکستان؛ سوسائٹی آف اینیمل سائنسز اور ایگزیکٹو پاکستان اکیڈیمی آف فیملی فزیشنز

Mobile | +92 321 4302528 | Ecocare | www.ecocare.pk | ECAP | www.ecap.pk | PAFP | www.pafp.com.pk